Acc: No
26427
6-3-59

دیوان حسن سجزی دہلوی

پیدائش سنہ ۶۵۳ ہجری وفات سنہ ۷۳۸ ہجری

(بسرپرستی)

عالیجناب راجہ راجایان راجہ سرکشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنۃ
کے۔سی۔آئی۔ای۔ جی۔سی۔آئی۔ای صدر اعظم باب حکومت
سرکار آصفیہ حیدرآباد دکن

(باہتمام)

اقل العباد مسعود علی محوی بی اے (علیگ) سابق ششن جج سرکار آصفیہ

بمکتبہ ابراہیمیہ مشین پریس حیدرآباد دکن
طبع سنہ ۱۳۵۲ھ شد

891 हि
H 23 D

JAMMU & KASHMIR UNIVERSITY
LIBRARY
No. 26427
Date 6-3-59
SRINAGAR

SK83

فہرست مضامین

کلیات حضرت امیر حسن سجزی دہلوی

۱۔	تمہید	از عالیجناب راجہ راجایان سر مہاراجہ بہادر یمین السلطنۃ بالقابہٗ	
۲۔	امیر حسن اور ان کا زمانہ	از مولوی مسعود علی صاحب محوی۔ بی اے (علیگ)	۱ تا ۱۰۶
۳۔	ضمیمہ دیباچہ	″ ″ ″ ″	۱۰۷ تا ۱۱۴
۴۔	غزلیات	حضرت امیر حسن سجزی دہلوی	۱ تا ۳۹۹
۵۔	رباعیات و متفرقات	″	۴۰۰ تا ۴۳۲
۶۔	قصائد		۴۳۳ تا ۵۵۹
۷۔	مثنویات	″	۵۵۹ تا ۶۲۴

...ی محوی بی۔اے

لبیب تیموری

...ضمیمہ دیباچہ صفحہ ۱۰۸ و ۱۰۹

Call No.......... Date 12.4.55

Account No..........

J. & K. UNIVERSITY LIBRARY

This book should be returned on or before the last date stamped above. An overdue charges of 6 nP. will be levied for each day. The book is kept beyond that day.

راجہ راجایان سر مہاراجہ بہادر کشن پرشاد یمین السلطنت

سید یعقوب بزمی بی۔اے مسعود علی محوی بی۔اے

مرزا نظام شاہ لبیب تیموری

ملاحظہ ہو ضمیمۂ دیباچہ صفحہ ۱۰۸ و ۱۰۹

AC No 26427

Call No. .... Date 12.4.55

Account No. ....

J. & K. UNIVERSITY LIBRARY

This book should be returned on or before the last stamped above. An overdue charges of 6 nP. will be levied for each day. The book is kept beyond that day.

امیر حسن

اور

اُن کا زمانہ

امیر حسن علا سجزی کے حالاتِ زندگی پر ہمارے دوسرے مشاہیر شعرا کی طرح ایک حد تک گہرا پردہ پڑا ہوا ہے۔ تھوڑے بہت جو کچھ حالات معلوم ہوتے ہیں اُس کی وجہ بھی یہ ہے کہ وہ شعرائے عظام اور صوفیہ کرام کے طبقہ میں داخل ہیں، اور اس لیے شعرا کے تذکرہ نویسوں اور سیر الاولیا کے مؤلفوں کو ان کے متعلق کچھ نہ کچھ لکھنا پڑتا ہے، اور بدقسمتی ہے یہ دونوں گروہ اپنی اجمال نویسی میں مشہور اور معروف ہیں۔ امیر موصوف کی زندگی کا خاکہ ناظرین کے سامنے پیش کرنے کے لیے ہمیں اس سے بہتر کوئی اور تجویز نہیں معلوم ہوتی کہ پہلے اُن معتبر مولفین کے اقتباسات جنھوں نے اس معاملہ میں قلم اٹھایا ہے خود اُن کے الفاظ میں پیش کردیں اور بعدہ جو کچھ ہمیں امیر حسن اور ان کے عہد اور معاصر بادشاہوں کے متعلق عرض کرنا ہے وہ عرض کریں۔

مولانا ضیاء الدین برنی صاحب تاریخ فیروز شاہی (جو [illegible] ہجری میں ختم ہوئی) کیر از معاصر ہیں

نہ صرف امیر حسن کے معاصر بلکہ اُن کے ہم صحبت اور دلی دوست ہیں اس لئے ہم انھیں کی تاریخ سے ابتداء کرتے ہیں، مولانا موصوف سلطان علاء الدین خلجی کے عہد کے شعراء کے ضمن میں تحریر فرماتے ہیں۔

اقتباس (۱) "در عصر علائی شعرائے بودند کہ بعد از ایشاں بلکہ پیش از"
"ایشاں چشم روزگار مثل ایشاں ندیدہ است لاسیما۔ امیر خسرو........"
"دوم شاعرے از شعرائے یگانہ در عصر علائی امیر حسن سنجری بودہ است"
"و او را تالیفات نظم و نثر بسیار است و بسلامتی ترکیب و روانی سخن"
"آیت بودہ است۔ و از بسکہ غزلہائے وجدانی در غایت روانی بسیار"
"گفتہ است او را سعدی ہندوستان خطاب شدہ بود۔ امیر حسن مذکور"
"باوصاف و اخلاق مرضیہ متصف بودہ است۔ و بعزت خداونداں"
"مکارم اخلاق کہ در لطائف و ظرائف و مجلسہا و استحضار اخبار"
"سلاطین و اکابر و علمائے بزرگ دہلی و استقامت عقل و زی و زیست"
"صوفیہ و لزوم قناعت و اعتقاد پاکیزہ و خوش بودن و خوش گزرانیدن"
"بے اسباب دنیا و تجرد و تفرد از علایق دنیا ہیچوں او کسی را کمتر دیدہ ام"
"و سالہا مرا با امیر خسرو و امیر حسن مذکور تردد و یگانگی بودہ است۔"
"و نہ ایشاں بے صحبت من بتوانستندے بود نہ من توانستمے کہ مجالست"
"ایشاں را گزرانم۔ و از محبت من میان ایشاں ہر دو استاد قرابتے شد"
"و در خانہائے یکدیگر آمد و شد کردن گرفتند۔ و از [illegible] دے کہ"
"امیر حسن بخدمت شیخ [illegible] سلطان المشائخ حضرت نظام الدین علیہ الرحمہ دا شت"

"انچہ در مدت ارادت خود در مجالس شیخ شنیدہ است عین ملفوظ شیخ در چند"
"جلد جمع کردہ است و آنرا "فوائد الفواد" نام نہادہ۔ و ایں فوائد الفواد"
"دستور صادقان ارادت شدہ است و امیر حسن را نیز چند دیوان است"
"و صحایف بہ نثر و مثنویات بسیار است و چناں شیریں مجلس و ظریف"
"خوشباش و مزاجدان و مؤدب و مہذب بود کہ مارا راحتے و انسے کہ"
"بمجالست او می شد از مجالست غیر او نیافتیم"۔

دوسرا اقتباس محمد مبارک العلوی الکرمانی المدعو بامیر خورد کی کتاب "سیر الاولیا" سے دیا جاتا ہے۔ امیر خورد اور ان کے والد اور نانا بھی سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کے معاصر اور مرید ہیں اور اس لحاظ سے مولانا ضیاء الدین برنی کی طرح انہیں بھی امیر حسن سے ذاتی واقفیت کا موقع حاصل تھا۔ انھوں نے امیر موصوف کا ذکر اپنی لاجواب کتاب میں جابجا کیا ہے۔ ایک جگہ تو مولانا ضیاء الدین برنی کی وہ عبارت جسے ہم اوپر دے چکے ہیں بجنسہ نقل کر دی ہے دوسری جگہ حضرت سلطان المشائخ کے خلفاء کے ذکر میں فرماتے ہیں۔

اقتباس (۲) "منہم۔ آں ملک الملوک فضلا۔ آں بلطافت طبع"
"دلربا۔ یعنی امیر حسن علاء سجزی کہ غزلیات جگرسوز او از حقیق لہائے عاشقاں"
"آتش محبت بیروں می آرد، و اشعار دل پذیر او راحتے بدلہائے سخنوراں"
"میرساند، و لطائف روح افزائے او مایہ اہل ذوق است، و سخن ایں بزرگ"
"چاشنی شیخ سعدی دارد، و بیتے دریں گفتہ است۔"

"حسن گلے ز گلستان سعدی آوردہ است، کہ اہل معنی گلچین آں گلستان است"

"وایں بزرگ پیوستہ میان شعرا متمکن و متجمل بود۔ و ہیچ کس لطیفہ و نظمے"
"بہ بدیہہ بہتر از او نگفت۔ و بادشاہان و بادشاہ زادگان گوش بر ہر لطف"
"او می داشتند۔ و سرِ ہمہ سعادتہا آں بود کہ در سلک بندگانِ حضرت"
"سلطان المشائخ منسلک شد۔ و بنظر خاص سلطان المشائخ مخصوص"
"گشت۔ وقتے ایں بزرگ بخدمت سلطان المشائخ آمدہ چند عزیزے"
"حاضر بودند۔ سلطان المشائخ روئے بسوئے ایں بزرگ کرد و فرمود"
"کہ ایں ساعت ذکر فضلا داشتم کہ تو در آمدی۔ و از ملفوظات روح افزائے"
"سلطان المشائخ فوایدے بنوشت و عین تقریر سلطان المشائخ بقدرِ"
"امکان رعایت کرد کہ امروز آں فوائد الفواد مقبول اہل دلاں عالم"
"شدہ است و دستور عاشقاں گشتہ، و شرق و غرب عالم گرفتہ سلطان الشعراء"
"امیر خسرو علیہ الرحمہ کرات گفتے کاشکے تمامی کتب کہ عمر دراں صرف کردہ ام"
"برادر امیر حسن را بودے و ملفوظات سلطان المشائخ کہ جمع کردہ اوست"
"مرا بودے تا من بداں در دنیا و آخرت فخر و مباہات کردمے۔ و ایں بزرگ"
"دریں عالم مجرد زیست۔ در آخر عمر در دیوگیر رفت و ہمانجا مدفن یافت رحمۃ اللہ علیہ"

ہندوستان غلاموں، خلجیوں اور تغلقوں کے ابتدائی دورِ حکومت تک علمی اور ادبی لحاظ سے ممتاز نظر آتا ہے۔ علما، فضلا، شعراء، اور متصوفین کے طبقہ اور زمرہ میں سربر آوردہ ہستیاں موجود ہیں، مگر فیروز شاہ تغلق کے انتقال (سنہ ۷۹۰ ہجری) کے بعد سے تغلقوں کی سلطنت میں ضعف آنا شروع ہو گیا اور اس کے تھوڑے ہی دنوں کے بعد تیموری طوفان نے نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام

اسلامی دنیا کو تہ و بالا کر دیا۔ اِس پر آشوب زمانہ میں جبکہ ہر شخص بجائے خود لرزاں اور ترساں تھا علم و فن کی خدمت کرنے والا کون تھا۔ اور یہ درخت جو امن و اطمینان کی سرزمین اور قدردان بادشاہوں اور امیروں کے سایۂ عاطفت میں پرورش پاتا ہے کس طرح سرسبز اور بار آور ہو سکتا تھا۔ نتیجہ یہ تھا کہ اس زمانہ کے بعد سے سلطنت تیموریہ کے قیام (سنہ ۹۳۲ ہجری) تک ہندوستان اور خصوصًا شمالی ہندوستان کا علمی اور ادبی چمنستان ویران اور سنسان نظر آتا ہے۔ نہ علمائے عظام کے حلقے ہیں اور نہ صوفیائے کرام کے جلسے۔ اگر کچھ لوگ کہیں ہیں بھی تو وہ قعرِ گمنامی میں پڑے ہیں۔ کوئی شخص ایسا نہیں جو انہیں اس قعر سے نکال کر روشناسِ عالم کرے۔ ایسے کس مپرسی کے زمانہ میں بیچارے حسن کے حُسنِ صورت اور سیرت کی داستان سنانے والا کہاں سے آئے۔ سلطنت مغلیہ کے قدم آتے ہی ہندوستان نے پھر ایک گونہ امن و امان کی صورت دیکھی اور اس کے علمی اور ادبی چمن میں جو اسوقت تک خشک پڑا تھا پھر بہار کے آثار نظر آنے لگے۔ اور ان خوش نوا بلبلوں نے جو اس وقت تک دم بخود تھیں پھر چہچہانا شروع کیا۔ ہمایوں کے عہد میں حامد بن فضل اللہ المخاطب بہ جلال خاں والمعروف بہ شیخ جمالی نے' جو بادشاہ کے ندما میں داخل اور مشہور شاعر صوفی' اور بڑے سیاح تھے اور اثنائے سیاحت میں مولانا عبدالرحمن جامی اور مولانا جلال الدین محمد دوّانی کے ہم صحبت رہ چکے تھے "سیر العارفین" لکھ کر اہلِ دل کی بھولی ہوئی داستان از سر نو یاد دلائی۔ چونکہ حسن اس ممتاز طبقہ کے ایک رُکن تھے اس لیے ان کا ذکر اگر مستقل عنوان سے نہیں تو ضمنی طور سے بغیر آئے نہیں رہ سکتا تھا۔ چنانچہ وہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا علیہ الرحمۃ

کے حالات کے ضمن میں ایک جگہ لکھتے ہیں۔

اقتباس (۳)۔ "نقل است از مولانا شہاب الدین امام کہ روزے
"حضرت ایشاں (حضرت سلطان المشائخ نظام الدین علیہ الرحمہ)
"بزیارت مزار متبرکہ حضرت سلطان المشائخ شیخ قطب الدین بختیار اوشی قدس سرہٗ
"رفتہ بودند من و خدمت مولانا برہان الدین برکاب ایشاں بودیم۔ بعد از
"زیارت حضرت شیخ را بر حوض شمسی گزر افتاد تا بر سرِ مزار بعضے بزرگان
"کہ بالائے آں حوض آسودہ اند فاتحہ بخوانند ناگاہ خواجہ علا حسن سجزی با جمع
"یارانِ خود در کنارۂ حوض شراب میخورد۔ و اورا با حضرت شیخ در مبداء حال
"در بدایون اشنائی و صحبت بودہ است پیدا گشت و ایں دو بیت برزبان
"راند۔"

" سالہا باشد کہ ما ہم صحبتیم — گر صحبتہا اثر بودے کجاست
" زہدِ تاں فسق از دلِ ماکم نکرد — فسقِ ما یاں بہتر از زہد شماست

" چوں حضرت شیخ ایں ابیات از او شنید بفور فرمود "در صحبت اثر ہاست"
" ایں سخن در دل او چناں اثر کرد کہ فی الحال سر برہنہ ناخت و خود را
" بپائے حضرت شیخ انداخت و تائب شد و بشرف ارادت مشرف
" گشت۔ و ایں خواجہ حسن دراں وقت کہ توبہ کرد ہفتاد و سہ سالہ عمر
" داشت و یکے از مقبولان و محبوبان حضرت شیخ شد...... و ایں غزل
" بعد از توبہ در قلم آوردہ است کہ مقطع آں اینست۔
" اے حسن توبہ آنگہے کردی — کہ ترا قوتِ گناہ نماند"

اس کے بعد کا زمانہ ہندوستان کے علمی اور ادبی عروج کا زمانہ ہے جس میں بیشمار تذکرے اور تاریخیں لکھی گئیں۔ ان میں سے بعض کا انتخاب ہم اور دینا چاہتے ہیں۔ اکبر کے معاصر مورخین میں سے محمد قاسم فرشتہ نے اپنی تاریخ ہند کے اخیر میں بعض صوفیہ کرام کا ذکر کیا ہے۔ سلطان المشایخ نظام الدین اولیا علیہ الرحمہ اور حضرت امیر خسرو کے حالات کے ضمن میں کئی جگہ امیر حسن کا بھی ذکر آگیا ہے۔ ایک جگہ تو تقریباً وہی عبارت نقل کردی ہے جو شیخ جمالی نے سیر العارفین میں لکھی ہے۔ فرق اتنا ہے کہ توبہ کے وقت خواجہ امیر حسن کی عمر بجائے تہتر سال کے پچاس سال سے زائد بتائی ہے۔ دوسری جگہ جو کچھ لکھا ہے وہ یہ ہے۔

اقتباس (۴)۔ "روزے شیخ نظام الدین اولیا با اصحاب خود از بازار میگذشت
"وامیر خسرو کہ در عنفوان جوانی بود نیز ہمراہ بود۔ خواجہ حسن شاعر کہ
"حسن و جمال وافر و فضل و دانش کامل داشت در دکان خبازے
"نشستہ بود۔ چوں چشم امیر خسرو بروے افتاد منظرے دید زیبا
"وحرکات موزوں و دلربا، مرغ دلش گرفتار گشتہ نزدیک دکان
"رفتہ پرسید نان چگونہ میفروشی۔ حسن گفت نان در پلہ ترازو می نہم
"وخریدار را میفرمایم کہ زر در پلہ دیگر گزارد۔ ہر گاہ زر گراں تر آید
"مشتری را راہی می نمایم۔ امیر خسرو گفت اگر مشتری مفلس باشد
"مصلحت چیست گفت درد و نیاز ہم عوض زری ستانم۔ امیر خسرو
"از حسن کلام خواجہ حسن حیران ماندہ کیفیت حال بہ شیخ (حضرت
"نظام الدین اولیا) عرض کرد۔ وخواجہ حسن را نیز در وطلب دامنگیر شدہ"

“ودراں زودی ترک دکان کردہ۔ اگرچہ آں وقت مرید شیخ نشد اما بیشتر”
“از اول بکسب علوم وکمالات ظاہری مشغول گشتہ بخانقاہ شیخ متردد”
“گردید ومیان او وامیر خسرو الفت تمام بہم رسید۔ ہردو نوکری شاہزادہ”
“محمد سلطان خاں شہید بن بادشاہ غیاث الدین بلبن وقت حکومت”
“ملتان اختیار نمودند امیر خسرو مصحف دار شدہ وخواجہ حسن”
“دوات دار گردید۔ و چوں محمد سلطان خاں شہید بدہلی می آمد”
“ہردو عزیز از خدمت شہزادہ فراغ می یافتند اکثر اوقات در ملازمت شیخ”
“بسر می بردند۔ ورفتہ رفتہ عاشقی ومعشوقی ایشاں شہرت یافتہ بجائے”
“رسید کہ صاحب غرضاں بعرض شہزادہ رسانیدند کہ ہمہ خلق ایشاں را”
“زبان گرفتہ از اہلِ ملامت میدانند، قابلِ خدمت نزدیک نیند۔”
“امیر خسرو دراں وقت غزلے کہ مطلعش ایں است گفت”
“زیں دل خودکام کارِمن برسوائی کشید خسرو افرمان دل کردن ہمیں بار آورد”
“بعدہٗ محمد سلطان خاں شہید از روے مصلحت خواجہ حسن را از”
“مصاحبت واختلاط امیر خسرو منع فرمود۔ امّا چوں سررشتۂ محبت”
“میان ایشاں استحکام داشت براں منع سودے مترتب نشد۔”
“واہلِ غرض باز ایں معنی بمحمد سلطان خاں شہید عرض کردند۔ ودریں”
“کرّت محمد سلطان اعراضی شدہ تازیانہ چند برخواجہ حسن زد۔ وخواجہ حسن”
“چوں ازانجا بیروں آمد راست بخانہ امیر خسرو رفت۔ وبمحمد سلطان خاں”
“شہید ہماندم ایں خبر رسید تعجب نمود ویکے از حضار مجلس کہ برحقیقت حال”

"مطلع بود معروض داشت کہ محبت مجازی ایشاں بزیورِ حقیقت آراستہ شدہ است"
"وجمال حال اینہا بہ پردہ عفت وصلاح پیراستہ۔ محمد سلطان خاں شہید"
"کس فرستادہ امیر خسرو را طلب نمودہ پرسید کہ محبتِ شما از شائبہ ہوا مبرا"
"است یا نہ۔ او جواب داد کہ دوئی از میانِ ما رخت بربستہ۔ محمد سلطان خاں"
"شہید گواہ طلبید۔ امیر خسرو دست از آستین برآوردہ گفت۔"
"مصرع۔ گواہ عاشق صادق در آستیں باشد۔ پس محمد سلطان خاں شہید"
"دید کہ اثر تازیانہ برہماں موضع کہ بر خواجہ حسن رسیدہ بود بر دستِ امیر خسرو"
"ظاہر است پس سکوت اختیار نمود۔ وامیر خسرو فی الفور ایں باعی خواند۔"

"عشق آمد و شد چو خونم اندر رگ و پوست"
"تا کرد مرا تہی و پُر کرد ز دوست"
"اجزائے وجودم ہمگی دوست گرفت"
"نامیست مرا بر من و باقی ہمہ اوست"

عہد جہانگیری کے تصنیفات میں مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی کی کتاب "اخبار الاخیار" (۱۰۰۰ہجری) مشہور و معروف ہے اور علامہ مؤلف نے ایک حد تک روایات کی تنقید فرمائی ہے جس سے اس سے قبل کی اکثر تالیفات بالکل معرا نظر آتی ہیں۔ علامہ موصوف نے امیر حسن کا ذکر ایک مستقل عنوان میں کیا ہے۔ جو کچھ وہ تحریر فرماتے ہیں وہ حسبِ ذیل ہے۔

اقتباس (۵)۔ "امیر حسن بن علاء سجزی دہلوی۔ او را درمیان فضلائے عصر"
"عزتے و مکانے دیگر بود و درمیان مریدان شیخ نظام الدین بقربت وعنایت"

"شیخ امتیازے داشت و در حسن معاملت وصفائے سریرت وسائر صفات"
"حمیدہ یگانہ عصر بود، و باوصاف تصوف موصوف۔ او را بامیر خسرو"
"تقدم گونہ ہست اگرچہ ہر دو مصاحب و معاصر یکدیگر بودند، او را قصاید است"
"در مدح سلطان غیاث الدین بلبن و در کلام امیر خسرو در مدح این سلطان"
"کمتر چیزے نواں یافت ۔ و اکثر اشعار امیر خسرو در زمان سلطان غیاث الدین"
"بلبن در مدح خان شہید است کہ پسر اوست و حاکم ملتان بود و امیر خسرو"
"در ملازمت او مے بود۔ و ایں خان شہید التماس قدوم شیخ مصلح الدین"
"سعدی شیرازی از شیراز نمودہ، شیخ التماس او را مبذول نداشتہ فرمود"
"پیر شدیم و میل سیر ہندوستان نماندہ۔ و آنکہ در باب ملاقات امیر خسرو"
"با شیخ سعدی سخنان گویند اصلے ندارد۔ و میر حسن را کتابے است مسمی"
"بفوائد الفواد در آنجا ملفوظات شیخ را جمع کردہ در غایت متانت الفاظ"
"و لطافت معانی، آن کتاب درمیان خلفا، و مریدان شیخ نظام الدین"
"دستورے است ۔ گویند کہ امیر خسرو گفتے کاشکے تمام تصنیفات من"
"بنام میر حسن بودے و ایں کتاب از من بودے و ایں سخن ناشی از"
"غایت محبتے است کہ امیر خسرو را نسبت بہ میر خود بود........"
"..........................."
"مولد و منشا امیر حسن مقام دہلی است و در مدتِ حیات خود مجردانہ"
"زیست و در آخر عمر در دیوگیر رفت و ہمانجا مدفن یافت روضۂ او"
"ہم در انجاست رحمۃ اللہ علیہ وفات او در سنہ...... است"

اِس کے بعد جس قدر تذکرے اولیا یا شعراء کے لکھے گیے ان میں وہی واقعات اُلٹ پلٹ کے لکھے جاتے رہے جو اوپر بیان ہو چکے ہیں۔ اور اس لحاظ سے ناقابل توجہ ہیں۔ البتہ عبدالرزاق المخاطب بہ **شاہ نواز خاں** کا تذکرۃ الشعراء موسوم بہ "بہارستان" جس میں قابل مؤلف نے ایک حد تک تنقید اور تقریظ سے کام لیا ہے۔ اِس قابل ہے کہ اس کے اقتباس کے بعد یہ سلسلہ ختم کر دیا جائے۔ جو کچھ انہوں نے تحریر فرمایا ہے وہ یہ ہے۔

اقتباس (۶)۔ "خواجہ حسن دہلوی لقب وے نجم الدین بن علاء سجزی است
" مولد و منشائے او در دہلی است۔ میان فضلائے عصر عزتے و مکانے
" داشت و در مریدان شیخ (نظام الدین علیہ الرحمہ) نیز بالتفات خاص
" مخصوص بود و بحسن معاملت و صفائے سریرت و سایر صفات حسنہ
" یگانہ زمانہ بودہ۔ انچہ گویند در ابتدائے حال خواجہ کہ حسن و جمال وافر
" و فضل و دانش کامل داشت بر دکان خبازے نشست۔ روزے
" سلطان المشایخ باصحاب خود ازاں راہ میگذشت۔ امیر خسرو کہ در عنفوان
" شباب بود چنین حسن دلربا دیدہ شیفتہ گردید و نزدیک دکان رفتہ بپرسید
" کہ نان چگونہ میفروشی۔ حسن گفت نان در پلہ ترازو مے نہم و خریدار را
" میفرمایم کہ زر در پلہ دیگر گزارد۔ ہر گاہ زر گراں بر آید مشتری را
" راہی مینمایم۔ امیر خسرو گفت اگر خریدار مفلس باشد مصلحت چیست
" گفت درد و نیاز عوض مینمایم۔ امیر خسرو از حسن کلام حسن حیران
" ماند۔ و کیفیت حال بشیخ عرض نمود۔ بحسب اتفاق دراں زودی

"حسن ترک دکان کردہ بیشتر از اول بحسب کمالات صوری اشتغال نمود
اگرچہ دراں وقت بخدمت شیخ مرید نشد، امّا آمد و رفت میکرد۔
ایں حکایت از اکاذیب است۔ شیخ (عبدالحق) در اخبار الاخیار
آوردہ کہ بقیاس چناں درمے آید کہ امیر حسن را نسبت با امیر خسرو
تقدم گونہ باشد، چہ امیر حسن را در مدح غیاث الدین بلبن قصائد غرا است
و از امیر خسرو در مدح سلطان موصوف کمتر چیزے تواں یافت، اگرچہ
ہر دو معاصر و مصاحب یکدیگر بودند۔ چوں میانہ وے و امیر خسرو
الفت و محبت تمام بہم رسیدہ بود ہر دو نوکری سلطان محمد بن غیاث الدین
اختیار نمودہ بملتان رفتند۔ امیر خسرو بہ مصحف داری شہزادہ و خواجہ حسن
بدوات داری اختصاص یافتند۔ و بعد از شہادت شاہزادہ بدہلی آمدند
و امیر خسرو[ے] در مرثیہ او نثرے نوشتہ و بیاراں دہلی فرستادہ۔ گویند خواجہ حسن
وقتیکہ شش از پنجاہ متجاوز بود بر حوض شمسی با جمعے بہ تجرع مشغول بود۔
ناگاہ سلطان المشائخ از آں راہ میگزشت۔ خواجہ ایں دو بیت خواند

سالہا باشد کہ ما ہم صحبتیم — گر ز صحبتہا اثر بوئے کجا است
زہد تاں فسق از اول ما کم نکرد — فسق ما یاں بہتر از زہد شما است

شیخ فرمود صحبت را اثر ہاست انشاء اللہ تعالیٰ روزی باد۔
چوں وقت انتباہ رسیدہ بود فوراً بپائے شیخ افتادہ از جمیع مناہی
توبہ نمود و مرید گشت و غزلے در سلک نظم کشید کہ مقطع اش ایں است

اے حسن توبہ آنگہے کردی — کہ ترا طاقت گناہ نماند"

[ے] بظاہر کتابت کی غلطی ہے یہاں بجائے خسرو کے حسن ہونا چاہیے۔

"کتاب فوائد الفواد کہ مشتمل براحوال واقوال شیخ است تصنیف اوست"
"در غایت متانت الفاظ ولطافت معانی۔ گویند امیر خسرو گفتے کاشکے"
"تمام تصانیف من بنام حسن بودے واین کتاب ازمن۔ واین سخن"
"از غایت محبتے است کہ نسبت بپیر داشت۔ در شعر بسیار معتقد شیخ سعدی"
"بودہ وہمیشہ تلاش آں روش میکرد چنانکہ خود گوید

حسن گلے زگلستان سعدی آوردہ است
کہ اہل معنی گل چیں ازاں گلستانند

"لہذا اورا سعدی ہندوستان می گفتہ اند ومولانا عبدالرحمن جامی"
"در بہارستان آوردہ کہ خواجہ حسن را در غزل طرز خاص است اکثر قافیہ ہائے"
"تنگ وردیف ہائے غریب اختیار نمودہ لاجرم از اجتماع آنہا"
"شعر وے اگرچہ در بادی الرائے آسان می نماید اما در گفتن دشوار است بنابریں"
"اشعار وے را سہل ممتنع گفتہ اند۔ صاحب تاریخ فیروز شاہی آوردہ"
"کہ من کسے را در لطافت وسلامت عقل وتہذیب اخلاق مثل خواجہ حسن"
"ندیدہ ام سلاطین واغنیا بوے توجہ خاص داشتند۔ در آخر عمر وقتیکہ"
"سلطان محمد تغلق شاہ دہلی را خراب نمودہ دیوگیر دکن را پائے تخت"
"خود قرار دادہ موسوم بدولت آباد ساخت وے نیز بدانجا شتافت"
"ودرہماں اوان بدار الجنان منزل گزید "مخدوم اولیا" تاریخ است۔"
"دراخبار الاصفیا سال رحلت سنہ ہفتصد وسی وہفت نوشتہ کہ"
"یک سال ازاں تاریخ کم است ودر بالا گھاٹ دولت آباد کہ اکثر"

"مشائخ چشت مثل شاہ منتجب الدین معروف بہ زری زربخش و برادرش"
"شاہ برہان الدین غریب و شیخ زین الدین قدس اللہ اسرارہم درانجا آسودہ اند"
"مدفون گردید و دراں دیار مشہور بہ حسن شیر گشتہ۔ اشعار خواجہ مشہور است"

. . . .

ان اقتباسات کے بعد ہم عنوانات مندرجۂ حاشیہ سے مختصراً بحث کرنا چاہتے ہیں۔

امیر حسن اور انکے والد کا نام | بعض مولفین نے حسن کا نام جلال الدین بھی لکھا ہے مگر اجماع اسی پر ہے کہ ان کا نام نجم الدین حسن تھا، اسی کا آخری جز لے کر خود انہوں نے یا ان کے اساتذہ نے ان کا تخلص قرار دیا اور وہ ان کے حسن انتخاب اور حُسن نیت سے ایسا چمکا کہ صدیوں گزر جانے اور زمانے کے سیکڑوں پلٹے کھانے کے بعد بھی فارسی کی ادبی دنیا میں ابھی تک نہایت آب و تاب کے ساتھ روشن ہے۔ فوائد الفواد کے دیباچہ میں انہوں نے خود اپنے آپ کو "حسن علاء سجزی" لکھا ہے۔ یہاں غور طلب یہ امر ہے کہ "علا" سے کیا مراد ہے۔ اور دوسرا لفظ "سنجری" ہے جیسا کہ عوام میں مشہور ہے یا "سجزی" ہے۔ مولانا شاہ عبدالحق صاحب اخبار الاخیار، اور شاہ نواز خاں صاحب تذکرہ بہارستان نے "علا" کو ان کے والد کا نام قرار دے کر اس بحث کو مختصر کر دیا ہے، لیکن اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ لفظ علاء الدین یا کسی دوسرے لفظ کا امالہ یا اختصار ہے یا ان کا نام صرف اسی قدر تھا۔ اسپرنگر جس نے اودھ کے کتب خانۂ شاہی کی کتابوں کی فہرست نہایت محنت سے مرتب کی ہے، ان کے والد کا نام صاف طور سے

علاء الدین لکھا ہے۔ معلوم نہیں ہوتا کہ اس کے پاس اس کی کوئی سند بھی تھی یا محض "علا" کو علاء الدین کا اختصار سمجھ کر ایسا لکھ دیا ہے۔ یہ امر کہ اس سے سلطان علاء الدین خلجی سے انتساب مقصود ہے جس کے زمانہ میں انہیں ایک حد تک عروج ہوا بظاہر قرینِ قیاس نہیں معلوم ہوتا، کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو اس بادشاہ کی دوسری انتسابی اشیاء کی طرح وہ بھی لفظ "علائی" سے ظاہر کیا جاتا نہ کہ محض لفظ "علا" سے۔

دولت آباد جو ممالک محروسہ سرکار آصفیہ حیدر آباد دکن کا ایک مشہور قصبہ اور امیر حسن کا مدفن ہے وہاں کے عوام الناس میں وہ "حسن شبر" کے نام سے مشہور ہیں۔ ایک غزل میں وہ خود بھی فرماتے ہیں۔

شیر دل خواندن حسن را، لطف بود
نے سگِ خود خواں کہ جاہ دیگر است

حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا اپنے مخصوص اور چہیتے مریدوں کو بعض اوقات بعض پیار کے ناموں سے یاد فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ امیر خسرو کو "ترک اللہ" فرماتے تھے۔ امیر موصوف خود ایک شعر میں اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

بر زبانت چوں خطاب بندہ "ترک اللہ" رفت
دست "ترک اللہ" گیر و ہم بہ الہش سپار

ممکن ہے کہ امیر حسن کو بھی سلطان المشائخ نے کسی وقت ان کے ترک و تجرد کی بنا پر "شیر دل" فرمایا ہو جیسا کہ ان کے شعر مذکورہ بالا سے مترشح ہوتا ہے۔

اور وہ مختصر ہو کر صرف شیر رہگیا ہو، لیکن زیادہ تر رجحان اسی طرف معلوم ہوتا ہے کہ عوام الناس نے لفظ "شاعر" کو بگاڑ کر "شیر" کر دیا ہے۔ حضرت سلطان المشائخ کی صحبت میں کئی بزرگ تھے جو حسن کے نام سے موسوم تھے۔ ان میں تمیز کرنے کے لیے ہر شخص کے نام کے ساتھ اس کی صفت بڑھا دیجاتی تھی۔ مثلاً ایک حسن شاعر کہلاتے تھے دوسرے حسن قوال کے نام سے مشہور تھے۔ یہ قوال سلطان المشائخ کے پسندیدہ اور مقبول قوالوں میں تھے اور اس قافلہ میں شریک تھے جسے دہلی چھڑوا کر قسمت دولت آباد کھینچ لائی تھی۔ اور اس لیے ان امتیازی الفاظ کا قایم رکھنا اور زیادہ ضروری ہو گیا ہوگا۔

لفظ "سنجری" کے متعلق ہمارا خیال ہے کہ کاتبوں کی غلطی سے اس لفظ نے یہ صورت اختیار کر لی ہے، ورنہ فی الحقیقت وہ "سجزی" ہے، جو "سگزی" کی معرب شکل ہے "فوائد الفواد" جو اسی سال قبل دہلی کے فخر المطابع میں چھپی ہے اور جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اس میں صاف طور سے حسن علا سجزی لکھا ہے۔ ہندوستان کے شرفا کے خاندانوں کی تاریخوں پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اکثر اور بیشتر خاندان عرب سے نکل کر ایران، افغانستان اور دوسرے قرب و جوار کے ممالک میں آباد ہوئے اور اس کے بعد وقتاً فوقتاً ہندوستان آتے رہے ہیں۔ ایسے خاندان شاذ ہی ہونگے جو براہ راست عرب سے آکر ہندوستان میں آباد ہوئے ہوں۔ اس بنا پر قوی قیاس یہی ہے کہ حسن کا خاندان بھی عرب سے نکل کر پہلے سیستان یا سجستان میں آکر آباد ہوا اور اس کے بعد ہندوستان آیا۔ اس لحاظ سے انہیں "سنجری" نہیں بلکہ "سجزی" کہنا صحیح ہوگا۔ اس قیاس کی تائید

اس سے بھی ہوتی ہے کہ دنیائے اسلام میں کوئی شہر یا قصبہ "سنجر" کے نام سے موسوم نہیں ہے۔ سنجار البتہ ایک شہر ہے جس کی نسبت "صاحب معجم البلدان" لکھتے ہیں کہ وہ "جزیرہ (عراق عرب) کا ایک مشہور اور آباد شہر ہے۔ موصل سے تین روز کی مسافت پر ایک بلند پہاڑ کے دامن میں واقع ہے .... یہ شہر اکثر اہل علم و ادب اور شعراء کا مولد اور مسکن رہا ہے۔ منجملہ ان کے ہمارے زمانہ میں اسعد ابن یحییٰ ابن موسیٰ بن منصور شاعر ہیں، جو بہائے سنجاری کے خطاب سے یاد کیے جاتے ہیں"۔ اگر حسن کے خاندان کا تعلق اس شہر سے ہوتا تو وہ بھی وہاں کے دوسرے باشندوں کی طرح "سنجری" نہیں بلکہ "سنجاری" کہلاتے۔ "صاحب معجم البلدان" سیستان یا سجستان کے متعلق جو کچھ لکھتے ہیں وہ بھی سن لیجیے:۔

"سجستان یا (سیستان) اقلیم سوم میں واقع ہے۔ اس کا صدر مقام زرنج ہے جو ہرات سے جانب جنوب اسّی فرسخ کے فاصلہ پر واقع ہے یہ ریگستانی حصہ ہے جس میں کھجور کے درخت بکثرت پائے جاتے ہیں۔ وہاں کے باشندے مضبوط قوی ہیکل اور بہادر ہوتے ہیں۔ رستم وہیں کا رہنے والا تھا۔ وہاں کے اہل علم جو مشہور ہوئے ہیں مثلاً ابو احمد خلف، ابی بکر الشافعی، وعلج عبداللہ بن سلیمان وغیرہ وہ سب "سجزی" کہلاتے ہیں"۔

اب صرف ایک صورت باقی رہ جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ امیر حسن کے خاندان کا کوئی تعلق سلطان سنجر سلجوقی یا اس نام کے کسی دوسرے شخص سے ہو اور اس نسبت سے اس خاندان کے لوگ اپنے آپ کو "سنجری" لکھتے ہوں۔ لیکن اس کا پتا نہ کسی تاریخ سے چلتا ہے اور نہ کہیں انھوں نے اپنی کسی نظم یا نثر میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس لیے جب تک مزید انکشاف نہ ہو انھیں "سجزی" ہی کہنا مناسب ہوگا۔

امیر حسن کا مولد و منشا | تمام تذکرہ نویسوں نے ان کا مولد دہلی بتایا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ انھوں نے خاقانی کے قصیدہ پر ایک قصیدہ لکھا ہے "مجرا داشتہ ویناداشتہ" جس میں اپنی نسبت فرماتے ہیں:-

پروردہ فضلِ ایزدش، ارشادِ غیبی مرشدش
بودہ بداؔیوں مولدش، دہلی است منشا داشتہ

پورا قصیدہ کُلیات میں موجود ہے جو ملاحظہ فرمایا جا سکتا ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ انکا مولد دہلی نہیں بلکہ بدایون تھا۔ بداؔیون اس زمانہ میں قبۃ الاسلام کہلاتا تھا اور ایک صوبہ کا صدر مقام اور مہتمم بالشان شہر تھا۔ یہ بتانا کہ ان کے والد وہاں کے مستقل باشندے تھے، یا کسی کاروبار کے سلسلے میں وہاں مقیم تھے اور امیر حسن کس عمر تک وہاں رہے، بغیر کسی مزید مواد کے محال ہے۔ شیخ جمالی نے اپنی کتاب سیر العارفین میں یہ فقرہ لکھا ہے۔

خواجہ علا سجزی با جمع یاران خود در کنارہ حوض شراب میخورد، و او را با حضرت شیخ (حضرت نظام الدین اولیا، علیہ الرحمہ) در مبدء حال در بداؔیون آشنائی و صحبت بودہ است پیدا گشت۔"

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حسن بداؔیون میں اتنی عمر تک رہے کہ ان پر بداؔیون میں حضرت شیخ سے آشنائی اور ہم صحبتی کا اطلاق ہو سکتا ہے، لیکن یہ بالکل لغو ہے۔ حضرت سُلطان المشایخ سنہ ۶۳۳ ہجری میں پیدا ہوئے اور (۱۶) سال کی عمر یعنی سنہ ۶۴۹ ہجری میں دہلی تشریف لے آئے۔ اس سے دو تین سال بعد امیر حسن پیدا ہوئے جیسا کہ ہم آگے چل کر ثابت کرینگے۔ پس حسن کا مبدا ر

ؔ سیر الاولیاء مولفہ امیر خورد

حال ہیں بدایوں میں حضرت شیخ سے آشنا اور ہم صحبت ہونا صحیح نہیں ہو سکتا۔ یہ واقعہ بھی شراب خواری کے واقعہ کی طرح جس سے ہم آئندہ بحث کرینگے، بے بنیاد معلوم ہوتا ہے۔ دہلی میں ان کا نشو و نما ہونا مسلم ہے جیسا کہ خود ان کے بیان سے ظاہر ہے۔

سال پیدائش اور امیر خسرو سے عمر کا مقابلہ

امیر حسن کا سالِ پیدائش کسی تذکرہ یا کتاب میں نہیں ملتا۔ ہمارے اکثر تذکرہ نویس حضرات اسے ایک غیر ضروری امر خیال فرماتے رہے ہیں حالانکہ کسی شخص کی سیرۃ یا تذکرہ میں اس کا ظاہر کرنا لازم اور ضروری ہے۔ ہم نے اس بارہ میں جو کاوش کی تھی وہ بھی قابلِ ذکر ہے۔ ہمارا سلسلۂ استدلال اس طرح تھا کہ امیر حسن حضرت نظام الدین اولیا کے ملفوظات موسوم بہ "فوائد الفواد" میں جو ۷۰۷ھ ہجری سے شروع ہوتی ہے تحریر فرماتے ہیں کہ ایک سال قبل جب سے میں مرید ہوا میں نے شیخ کے ملفوظات لکھنے شروع کیے ہیں۔ اس سے بلا شک و شبہ مرید اور تائب ہونے کا سال ۷۰۶ھ ہجری قرار پاتا ہے شاہ نواز خاں، صاحب تذکرۂ "بہارستان" جو ہماری رائے میں تمام متاخر تذکرہ نویسوں میں سب سے زیادہ معتبر اور مستند ہیں مرید ہونے کے وقت اُن کی عمر ۵۶ سال اور وفات کی تاریخ "مخدوم الاولیا" یعنی ۷۳۸ھ ہجری قرار دیتے ہیں۔ گویا ۷۰۶ھ ہجری یعنی مرید ہونے کے بعد ۷۳۸ھ ہجری تک امیر موصوف ۳۲ سال بقید حیات رہے۔ اس حساب سے ان کی عمر ۳۲ + ۵۶ = ۸۸ سال قرار پاتی ہے۔ اتنا معلوم ہو جانے کے بعد ان کے سال پیدائش کا دریافت کر لینا کچھ مشکل نہ تھا اگر ۸۸ کا عدد ۷۳۸ سے منہا کر دیا جائے تو سالِ پیدائش ۶۵۰ھ نکل آتا ہے۔ لیکن ہمارے اس حساب میں دو سال کی کمی رہ گئی تھی جیسا کہ ہمیں بعد کو معلوم ہوا۔

انڈیا آفس کے کتب خانہ کی فہرست کتب فارسی کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے، امیر حسن کے دیوان کا جو قلمی نسخہ وہاں موجود ہے اس کا دیباچہ خود انہوں نے نثر میں لکھا ہے، جس میں منجملہ دوسرے امور کے تحریر فرماتے ہیں کہ "سنہ ۷۱۵ ہجری میں جبکہ میری عمر ۶۳ سال کی تھی میں نے یہ دیوان مرتب کیا۔ اس حساب سے ۶۳ کے عدد کو ۷۱۵ سے خارج کردیا جائے تو سنہ ۶۵۲ ہجری مطابق سنہ ۱۲۵۴ء نکل آتا ہے جو ان کی پیدائش کا صحیح سال ہے۔ حضرت امیر خسرو کا سالِ پیدائش مسلم طور سے سنہ ۶۵۱ ہجری ہے، جیسا کہ وہ خود ایک قصیدہ میں فرماتے ہیں۔

کنوں کہ ششصد و ہشتاد و چار شد تاریخ

مرا زسی و سہ آمد نوید سی و چہار

یعنی سنہ ۶۸۴ ہجری میں میرا چونتیسواں سال شروع ہوتا ہے۔ اس لیے مولانا شیخ عبدالحق، صاحب اخبار الاخیار کا یہ فرمانا کہ "امیر حسن را بر امیر خسرو گونہ تقدم، ہست" (ملاحظہ ہو انتخاب نشان ۵) صحیح نہیں ہے۔ بلکہ حقیقت حال یہ ہے بلحاظ عمر امیر حسن، امیر خسرو سے ایک سال چھوٹے تھے۔ شیخ صاحب جس دلیل سے اس نتیجہ پر پہنچے ہیں وہ بھی صحیح نہیں ہے شیخ صاحب کا استدلال یہ ہے کہ "امیر حسن کے قصیدے غیاث الدین بلبن کی تعریف میں ہیں مگر امیر خسرو کے کلام میں ان کا کہیں پتا نہیں چلتا۔ شیخ صاحب کا یہ استدلال مختلف وجوہ سے کمزور اور محل نظر ہے۔"

اول تو محض کسی بادشاہ کی مدح نہ کرنے سے لازمی طور سے عمر یا زمانہ کا تخمینہ یا اندازہ نہیں ہوسکتا، کیونکہ یہ امر بآسانی ممکن ہے کہ دو شاعر ایک ہی وقت اور زمانہ میں

The J & K University Library
Acc. No. 26427

ہوں اور ایک نے بادشاہِ وقت کی مدح میں قصائد لکھے ہوں اور دوسرے نے نہ لکھے ہوں۔ محض تقدم اور تاخر کا معیار یہ نہیں قرار پا سکتا۔

دُوسرے یہ کہ امیر حسن کے جتنے کلیات ہماری نظر سے گذرے اور جن کی تعداد نو دس سے کم نہیں، اور جن میں سے اکثر مختلف شاہی کتب خانوں کے نسخے تھے ان میں سے کسی ایک نسخہ میں بھی غیاث الدین بلبن کی مدح میں ایک شعر بھی نہیں پایا گیا، نہ بحیثیت سلطان ناصر الدین کے وزیر اور مختار کل کے اور نہ بحیثیت بادشاہ کے۔

تیسرے۔ اور سب سے اہم امر یہ ہے کہ غیاث بلبن ۶۶۴ھ ہجری میں بادشاہ ہوا۔ اس وقت امیر خسرو کی عمر تقریباً ۱۳ سال اور امیر حسن کی تقریباً ۱۲ سال کی تھی۔ امیر حسن اپنے اس دیوان کے دیباچہ میں جس کا ذکر ہم اوپر کر آئے ہیں، تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے تیرہ سال کی عمر سے شعر کہنا شروع کیا اس لیے یہ کس طرح ممکن ہے کہ انھوں نے ۶۶۴ھ ہجری سے پہلے جبکہ غیاث الدین بلبن صرف الغ خاں کے خطاب سے یاد کیا جاتا تھا اس کی مدح میں کچھ لکھا ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ امیر حسن کے کسی دیوان میں بھی جو ہماری نظر سے گزرے ہیں بجز سُلطان علاء الدین اور اس کے خاندان کے کسی بادشاہ یا امیر کی مدح میں ایک شعر بھی نہیں ہے۔ خود ان کے مرتبہ کلیات میں بھی جو انڈیا آفس میں ہے، غیاث الدین بلبن کی مدح میں کوئی قصیدہ نہیں پایا گیا۔

مولانا شیخ عبدالحق ان لوگوں میں نہیں ہیں، جن کی نسبت یہ گمان کیا جائے کہ انھوں نے بغیر کسی بنیاد کے یوں ہی ایک لغویات لکھدی ہوگی۔ اس خلش کو دور کرنے اور اس معمے کو حل کرنے کے لیے ہمیں بہت زحمت اُٹھانی پڑی۔ مختلف تاریخوں اور تذکروں کی ورق گردانی کے بعد جو بات سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ "الغ خاں"

کے خطاب نے مولانا موصوف کو غلطی میں ڈال دیا ہے۔ سُلطان ناصرالدین محمود جو سُلطان شمس الدین التمش کا چھوٹا بیٹا تھا۔ سنہ ۶۴۴ ہجری م ۱۲۴۰ء میں اپنے بھتیجے سُلطان علاء الدین مسعود کی جگہ پادشاہ ہوا۔ ناصرالدین ہندوستان کے ان مسلمان بادشاہوں میں تھا جن کی زندگی خلفائے راشدین کی زندگی کا نمونہ تھی۔ شجاع، عابد، زاہد اور بیحد خداترس تھا۔ تخت نشینی کے دن اس نے ملک غیاث الدین بلبن کو جو سُلطان شمس الدین التمش کے "بندگان چہل گانی" میں اور اس کا داماد تھا اور مختلف پادشاہوں کے زمانہ میں بازدار خاصہ، میر شکار اور امیر حاجب رہ چکا تھا اپنا وزیر بنایا اور خانِ اعظم "الغ خاں" کا خطاب دیکر تمام سلطنت کا کاروبار اس کے سپرد کردیا۔ سلطان ناصرالدین کی بیس سالہ حکومت میں تمام سلطنت کا نظم ونسق اسی کے ہاتھ میں تھا اور وہی مختارِ کُل تھا۔ اور عام طور سے "الغ خاں" کے خطاب سے پکارا جاتا تھا۔ سلطان ناصرالدین کی وفات کے بعد خود پادشاہ ہوا۔ غیاث الدین بلبن کے پوتے سلطان معزالدین کی سہ سالہ پادشاہی کے بعد "خاندان غلامان" کا خاتمہ ہوگیا۔ اور خلجیوں کا ستارۂ اقبال چمکا۔ اِن میں پہلا پادشاہ سلطان جلال الدین خلجی تھا۔ اِسے فریب اور دغا سے اس کے بھتیجے اور داماد علاء الدین نے مار ڈالا۔ علاء الدین نے سنہ ۶۹۵ ہجری میں ملک کو دوسرے دعویداروں سے پاک وصاف کرکے سریرِ سلطنت پر قدم رکھا اور اپنے چھوٹے بھائی الماس بیگ کو جس کا جلال الدین کے قتل میں بڑا حصّہ تھا "الغ خاں" کا خطاب دیا اسے سلطنت کے انتظام میں بڑا دخل تھا اسی لحاظ سے بیچارے شعراء کو اس کی خوشامد بھی کرنی پڑتی تھی۔ یہی خطاب ہے جس سے مولانا شیخ عبدالحق کو غلط فہمی واقع ہوئی۔ امیر حسن کے متعدد قصائد اور

قطعات اسی "الغ خاں" یعنی الماس بیگ کی مدح میں ہیں نہ کہ غیاث الدین بلبن کی مدح میں۔ اس دعوے کی تائید میں بجز اس کے کوئی چارہ نہیں کہ "الغ خاں" کی مدح کے چند اشعار پیش کر دیے جائیں جس سے یہ معاملہ صاف ہو جائے۔ پہلی نظم جو امیر حسن کے دیوان میں "الغ خان" کی مدح میں ملتی ہے وہ اس طرح شروع ہوتی ہے۔

معزالحق "الغ خان" معظم مدار ملک کشور گیر عالم
ورا "نصر من اللہ" نقش خاتم گرامی گوہر الماس کوکب

"الماس" کا لفظ صاف طور سے "الماس بیگ" کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

معزالحق والدنیا "الغ خان" زمان داور کہ دارد او ز تائید ازل از لامکاں دولت
فلک سر بر در ایں خانہ می مالد چو می داند کہ ہرگز سر نہ پیچد زیں مبارک خانداں دولت

"خانہ" اور "خاندان" دونوں الفاظ بتا رہے ہیں کہ شاعر کا ممدوح یعنی "الغ خاں" اور بادشاہ وقت دونوں ایک ہی خاندان کے ارکان تھے۔ یہ کیفیت اگر پائی جاتی تھی تو علاء الدین اور الماس بیگ میں پائی جاتی تھی۔ سلطان ناصر الدین اور غیاث الدین بلبن گو رشتہ دار ہوں مگر نسلاً ایک خاندان کے ارکان نہ تھے۔

تیسرا انتخاب اور زیادہ صحیح اور صاف ہے۔

خلق در سایۂ اقبال الغ خانی باد سایۂ دولت شہ بر سرش ارزانی باد
شہ ز تاریخ ازل ثانی اسکندر شد شاہ اقبال تو تا حشر ہمہ ثانی باد

اس میں "ثانی اسکندر" کے الفاظ اس خطاب کی طرف اشارہ کر رہے ہیں جو سلطان علاء الدین نے متواتر کامیابیوں کے نشہ سے مست ہو کر اپنے لیے مقرر کیا تھا۔ اگر مزید ثبوت کی ضرورت رہ گئی ہو تو یہ اشعار ملاحظہ ہوں ؎

بزور بازواں عالم کشادی | ازیں اقبال برخوردار بادی
مقرر بر تو ہر چہ از بازوت خاست | الغ خانِ معظم بازوئے راست
خضر خان و مبارک شمع گلشن | دو چشم ملک ملک از ہر دو روشن

خضر خاں اور مبارک خاں سلطان علاء الدین کے بیٹے تھے۔ اِن کے علاوہ اور بہت سے اشعار ہیں جو صاف بتا رہے ہیں کہ امیر حسن کا ممدوح "الغ خاں" الماس بیگ تھا نہ کہ غیاث الدین بلبن اور مولانا شیخ عبدالحق صاحب جس نتیجہ پر پہنچے ہیں وہ غلط ہے۔

نسب و مذہب ہمارے مکرم اور معظم دوست مولانا مولوی عبدالقدیر صاحب بدایونی یہ سنکر بہت خوش ہوئے تھے کہ امیر حسن کا مولد بدایون تھا اور فرمایا تھا کہ ان کا نسب معلوم ہو جائے تو شاید ہم لوگ اس کا پتا چلا سکیں کہ آیا ان کا خاندان وہاں کا باشندہ تھا یا ان کے بزرگ بہ سلسلۂ ملازمت وغیرہ وہاں مقیم تھے جوئندہ یابندہ ان کے کلیات کو بنظر امعان دیکھنے سے بعض اشعار ایسے مل گئے جن میں انھوں نے اپنے نسب کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ ایک فخریہ قطعہ میں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض لوگوں کے اعتراض کا جواب ہے۔ فرماتے ہیں۔

بحر را مایہ از چو من ابر سیت | بہتریں دُر و کہتریں مطرم
از سخن آبم از تواضع خاک | لاجرم مہربان و مہر درم
شکم از غصہ پارہ کرد صدف | چوں شنید آبداریٔ گہرم
باز بعضے خسان و بد دہناں | زیں دُرر منکر اند و زیں غدرم
طعن ایں در سخن کنند مباد | ضرب شاں چیست یک شبہ سپرم

چار ما در کنند و ہفت پدر من زیک مادر و زیک پدرم
دست در شاخ من زنند مباد کہ بہ بیخ کسے رسد تبرم
در دنیا سرائے بولہبیت من بہ عزت ازیں سرا بدرم
خانہ بولہب چہ جائے قرار چوں در مصطفیٰ است مستقرم
قرشی الاصل، ہاشمی نسبم کز ہوایش برآمد ایں شجرم

اس سے ان کا ہاشمی النسب ہونا ظاہر ہے۔ امید ہے کہ جناب مولانا عبدالقدر صاحب بدآیون کے سادات کے شجرے ملاحظہ فرما کر اس مسئلہ پر کوئی مزید روشنی ڈال سکیں گے۔
ان کا زمانہ ان کا کلام، ان کی صحبت، اور ان کی ارادت صاف بتارہی ہے کہ وہ صوفی اور حنفی المذہب تھے۔

تعلیم سلطان غیاث الدین بلبن کا عہد جو ۶۶۴ھ ہجری م ۱۲۶۶ء سے شروع ہو کر ۶۸۵ھ م ۱۲۸۶ء میں ختم ہوتا ہے، امیر حسن اور امیر خسرو دونوں کی تحصیل علم کا زمانہ تھا۔ امیر خسرو کی تعلیم کے متعلق باوجود خود اُن کی کشادہ بیانی اور باوجود ان کے حالات سے طبقۂ شعراء اور صوفیہ کو اس قدر دلچسپی کے آج تک یہ نہ معلوم ہو سکا کہ انہوں نے کیا کیا علوم پڑھے اور کن کن استادوں سے پڑھے تھے تو بیچارے حسن سے بستہ زبان اور بمقابلہ اپنے دوست امیر خسرو کے غیر معروف شخص کی تعلیم کے متعلق یہ بتانا کہ ان کی تعلیم میں کن کن بزرگوں نے حصہ لیا اور وہ کس حد تک تھی، تقریباً محال ہے۔ البتہ اتنا معلوم ہے کہ یہ زمانہ علمی اور ادبی ترقی کے لحاظ سے ایک غیر معمولی زمانہ تھا۔ غیاث الدین بلبن کی خوش قسمتی اور اقبال مندی تھی کہ اس کے عہد حکومت میں ایشیا کے تیس چالیس ایسے حکمراں جنھیں تاتاری مغلوں کے

قیامت خیز طوفان نے اپنے ممالک سے نکلنے پر مجبور کر دیا تھا دہلی میں مقیم اور اس کی دربار کی زیبایش اور رونق تھے۔ بلبن ان سب کی تعظیم و تکریم میں بیحد مبالغہ کرتا تھا، اور سب کے لیے معقول وظائف مقرر کر رکھے تھے۔ ان میں سے بعض حکمران خود ذی علم تھے اور اکثروں کے ساتھ ایسے لوگ تھے جن کا شمار علماء اور فضلاء میں ہوتا تھا۔ انھوں نے خود دہلی کے اہل فضل و کمال کے ساتھ ملکر ایک ایسا علمی مجمع قایم کر دیا تھا جس کی نظیر ملنی مشکل تھی۔ مولانا ضیاء الدین برنی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ "اس عصر کو خیر الاعصار کہیں تو کچھ بیجا نہیں کیونکہ وہ بڑے بڑے معتبر سادات مشہور علماء اور ذی ہمت امراء کی ذات بابرکات سے مزین تھا۔ سادات میں قطب الدین شیخ الاسلام شہر (جد بزرگوار قاضیان بدایون) اور سید منتجب الدین و سید جلال الدین پسر سید مبارک و سید عزیز و سید معین الدین سامانہ و سادات گردیزد و سادات عظام کیتھل و سادات جنجیر و سادات بیانہ و سادات بدایون وغیرہ صحت نسب اور بزرگی حسب میں عدیم المثال تھے۔ طبقۂ علما اور صوفیہ میں مولانا برہان الدین بلخ مولانا برہان الدین بزاز، مولانا نجم الدین دمشقی شاگرد مولانا فخر الدین رازی، مولانا سراج الدین سجزی، مولانا شرف الدین دیوالجی، صدر جہاں منہاج الدین جرجانی قاضی رفیع الدین کازرونی، قاضی شمس الدین مراحی و قاضی رکن الدین سامانہ سے بزرگ شریک تھے"۔

اس علمی فضا اور اس ماحول میں امیر حسن، امیر خسرو اور شاہزادہ سلطان محمد (جس کے حالات سے ہم آئندہ بحث کرینگے) نے پرورش اور تعلیم پائی تھی۔ گو ہم امیر حسن کے اساتذہ کے نام اور ان کی تحصیل علم کی حد نہ بتا سکیں مگر جو کچھ ان کی

تصنیفات اور تالیفات سے ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ فارسی کی نظم و نثر پر وہ بدرجہ کمال قدرت رکھتے تھے فارسی اس زمانہ کے مسلمانوں کی تقریباً مادری زبان تھی۔ عربی میں اگرچہ ان کی کوئی معتدبہ نظم یا نثر ہماری نظر سے نہیں گذری مگر جس طرح وہ عربی کے فقرے جابجا اپنے کلام میں استعمال کرتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں عربی زبان پر بھی عبور تھا۔ میرے والد مرحوم مولانا احمد علی سابق سررشتہ دار کمشنری و رزیڈنسی دہلی، صاحب "قصر عارفان" جو سلاسل اور حالات صوفیہ میں نایاب کتاب ہے تحریر فرماتے ہیں کہ امیر حسن کی "قواعد النحو" نحو عربی میں ایک مشہور اور معروف کتاب تھی۔ اس سے ان کی عربی دانی کا مزید ثبوت ملتا ہے۔ مولانا ضیاء برنی ان کی نسبت لکھتے ہیں۔ کہ انہیں اخبار سلاطین و اکابر علمائے بزرگ دہلی کے حالات سے بڑی واقفیت تھی جس کے معنی یہ ہوئے کہ انہیں تاریخ پر بھی نظر تھی اس سے زیادہ ان کی تعلیم کے متعلق ہم کوئی روشنی نہیں ڈال سکتے۔

امیر حسن اور امیر خسرو کی ملاقات

اقتباس نشان (۴) ملاحظہ فرمائیے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ صاحب "تاریخ فرشتہ" کی روایت کے مطابق ایک دن حضرت سلطان المشائخ مع اپنے ساتھیوں کے بازار سے گزر رہے تھے۔ امیر خسرو کی جوانی کا زمانہ تھا وہ بھی ہمراہ تھے۔ خواجہ حسن شاعر جو بڑے صاحب حسن و جمال تھے ایک نان فروش کی دکان پر بیٹھے تھے امیر خسرو انکا حسن و جمال دیکھ کر فریفتہ ہو گئے دکان کے پاس جا کر پوچھا کہ روٹی کس انداز سے بیچتے ہو۔ حسن نے کہا کہ ترازو کے ایک پلڑے میں روٹی رکھتا ہوں اور خریدار سے کہتا ہوں کہ دوسرے پلڑے میں نقد رکھے جب نقد کا پلڑا جھک جاتا ہے تو خریدار کو چلتا کر دیتا ہوں۔ امیر خسرو نے کہا اگر خریدار نادار ہو تو کیا کرتے ہو

یا نانوائی تھے؟

کہا نقد کی جگہ درد و نیاز بھی قبول کرلیتا ہوں۔ امیر خسرو خواجہ حسن کا یہ انداز بیان اور حسن کلام سنکر حیران رہ گئے اور یہ کل کیفیت شیخ کی خدمت میں عرض کی۔ ادھر حسن کو دردِ طلب دامنگیر ہوا، اسی زمانہ میں دکان بند کر کے علوم اور کمالات ظاہری کے حصول میں کوشش کرنے لگے اگرچہ اس وقت مرید نہیں ہوئے مگر شیخ کی خانقاہ میں آنے جانے لگے اور ان میں اور امیر خسرو میں گہری دوستی ہوگئی"۔

جہانتک ہم واقف ہیں اس افسانہ کو سب سے پہلے ابو القاسم فرشتہ ہی نے شروع کیا اور وہ ایسا عام ہوگیا کہ اس سے ہمارے زمانہ کے ایسے اصحاب بھی جن سے تنقید کی بہت کچھ امید ہوسکتی تھی نہ بچ سکے۔ شاہ نواز خاں صاحب "تذکرہ بہارستان" نے البتہ اس حکایت کو "اکاذیب" میں شمار کیا ہے لیکن اس کے وجوہ نہیں بتائے ہیں اس معاملہ میں شاہ نواز خاں کی رائے سے پورا اتفاق ہے اور اس کے جو وجوہ ہمارے ذہن میں آتے ہیں وہ عرض کرتے ہیں۔

اول۔ فرشتہ نے مطلق یہ نہیں بتایا کہ اسے یہ حکایت کہاں سے ملی اور اس کے پاس اس کی صحت کی کیا سند ہے۔ یہ صحیح ہے کہ فارسی مورخ اور تذکرہ نویس اور خصوصاً سیر الاولیاء کے مولفین ماخذ یا سلسلہ روایت کی مطلق پروا نہیں کرتے مگر ان کی اس عادت کی بنا پر ان کی ہر لکھی ہوئی حکایت قابل اعتبار نہیں متصور ہوسکتی۔

دوسرے۔ یہ حکایت ایسی دلچسپ ہے کہ اگر اس کی کوئی حقیقت ہوتی تو مولانا ضیاء الدین برنی اور امیر خورد جنھوں نے امیر حسن کے چشم دید حالات لکھے ہیں کبھی اسے چھوڑ نہ سکتے تھے۔ امیر خورد نے سیر الاولیاء میں حضرت سلطان المشائخ کی کرامتوں کا

ایک عنوان قایم کیا ہے اگر فی الحقیقت اس روایت کی کوئی حقیقت ہوتی تو امیر خورد ضرور اس کا ذکر کرتے۔ ایک نان پز کے دل میں ایک نگاہ سے درد طلب کا پیدا کر دینا کیا کم کرامت ہو سکتی ہے۔

تیسرے۔ اس حکایت سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر حسن اور امیر خسرو میں ملاقات کا یہ پہلا موقع تھا۔ حالانکہ مولانا ضیاء الدین برنی جو ان دونوں حضرات کے معاصر اور ہم صحبت دوست تھے فرماتے ہیں کہ ان دونوں استادوں میں میل جول اور آمد و رفت اور دوستی کا سبب میں ہوا ہوں۔ اِس سے ظاہر ہے کہ باہم تعارف کا سبب مولانا ضیا الدین تھے نہ کہ وہ بازاری ملاقات جس کا ذکر فرشتہ کرتا ہے۔

چوتھے۔ امیر حسن کے حسن و جمال کا تذکرہ کسی معاصر مورخ نے نہیں کیا ہے، اگر ایسا ہوتا تو ان میں سے کوئی شخص ضرور اس کی طرف اشارہ کرتا جیسا کہ ان کے حسن اخلاق، عمدہ عادات یا ترک و تجرد کا ذکر کیا گیا ہے۔

پانچویں۔ فرشتہ نے یہ حکایت جن الفاظ میں کی ہے، اس سے خود اس کی خامی اور عدم صداقت کا اظہار ہوتا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ "خواجہ حسن ..... در دکان خباز ے نشستہ بود" اس سے ہرگز یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ وہ "نان فروشی" کرتے تھے اور جب وہ نان فروش نہ تھے تو امیر خسرو کا ان سے مزاحاً بھی یہ سوال کرنا کہ "نان چگونہ میفروشی" کس قدر بے موقع، خلاف تہذیب اور غیر قرین قیاس ہے۔

چھٹے۔ جو لوگ سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیا علیہ الرحمہ کے مریدوں کے اعتقاد اور طریقہ عمل سے واقف ہیں اور جس کی شہادت مختلف

کتابوں سے ملتی ہے وہ ایک لحظہ کے لیے بھی یہ باور کرنے کے واسطے آمادہ نہ ہونگے کہ سلطان المشایخ مع اپنے خاص مریدوں کے بازار سے گذر رہے ہوں اور ان میں کوئی بھی اس کی جرأت کر سکے کہ ایک نوجوان لڑکے کو نان بائی کی دکان پر بیٹھا دیکھ کر اس سے چہل اور مذاق کرنے کے لیے حضرت کا ساتھ چھوڑ کر چلا جائے۔ اور وہ بھی امیر خسرو سے مرید جو ابتدائے ارادت سے آخر دم تک سلطان المشایخ کے شمع جمال کے پروانے تھے اور خلوت و جلوت میں سایہ کی طرح ساتھ رہتے تھے۔ ان مریدوں اور معتقدوں کی ارادت اور ان کا ادب ان ابتدائی عربوں سے بالکل مختلف تھا جو حضرت سرورِ کائنات کو کھڑا چھوڑ کر خرید و فروخت کرنے اور کھیل تماشا دیکھنے کے لیے چلے جاتے تھے جس کی طرف کلام پاک میں ان الفاظ سے اشارہ فرمایا گیا ہے، وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا۔ ان وجوہ سے ہم فرشتہ کی اس روایت کو بھی اس کی دوسری روایت "تازیانہ" کی طرح، جس سے ہم آگے بحث کرینگے بالکل مہمل اور لغو سمجھتے ہیں۔

ملازمت غیاث الدین بلبن کی اولاد میں سلطان محمد اس کا بڑا بیٹا ان لوگوں میں ہے جنھیں تاریخ کبھی نہیں بھلا سکتی۔ اس نے جس آب و ہوا میں پرورش پائی تھی اسکا ذکر قبل ازیں ہو چکا ہے وہ خود تعلیم یافتہ اور علم و فضل کا دلدادہ تھا۔ پادشاہ اسے جان سے زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ سنہ ۶۶۸ یا ۶۶۹ ھ میں غیاث الدین بلبن کا چچازاد بھائی شیر خاں جو سلطنت کا رکن اعظم اور ملتان کا گورنر تھا فوت ہو گیا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ہندوستان تاتاری مغلوں کا جولانگاہ بنا ہوا تھا۔ ان کی روک تھام کے لیے سرحد پر ایسے شخص کی ضرورت تھی جو جری، شجاع، مدبر اور قابلِ اعتبار ہو

سلطان بلبن نے تمام امور پر غور کر کے بالآخر شہزادہ سلطان محمد کو اس خدمت کے لیے منتخب کیا، اور اسے "قاآن الملک" کا خطاب اور ولیعہدی کا چتر و تاج دیگر کثیر اتباع اور بہت سی فوج کے ساتھ ملتان روانہ کیا۔ سلطان محمد نے ملتان پہنچکر سرحد کا انتظام شروع کیا۔ مغلوں کی ایک کثیر جماعت کو قتل کیا اور بہت سے اقطاع ان کے ہاتھ سے نکال لیے۔

سلطان محمد کا قاعدہ تھا کہ ہر دوسرے تیسرے سال اپنے باپ کی زیارت اور قدمبوسی کے لیے ملتان سے دہلی آتا رہتا تھا۔ ۶۷۸ھ ہجری کے دورہ میں وہ امیر خسرو اور امیر حسن کو جو اس وقت شاعری اور نام آوری کی اُفق پر روشن ستاروں کی طرح چمکنے لگے تھے، علی الترتیب مصحف داری اور دوات داری کی معزز خدمات پر مامور کر کے اپنے ساتھ لے گیا۔ یہ لوگ پانچ سال یعنی ۶۷۸ھ ہجری سے ۶۸۳ھ ہجری تک سلطان محمد کے ساتھ رہے۔ اس شہزادہ کے عادات اور اطوار کے متعلق مولانا ضیاء الدین برنی جو اس شہزادہ کے معاصر اور دربار رس لوگوں سے ہم صحبت تھے جو کچھ لکھتے ہیں وہ بھی قابلِ ذکر ہے۔ ان کے بیان کا خلاصہ یہ ہے "کہ یہ شہزادہ بیحد مودب اور مہذب تھا اس کی صحبت ہمیشہ دانشمندوں، معتبروں فاضلوں اور ہنرمندوں سے معمور رہتی تھی، اور اس میں شاہنامہ، دیوان سنائی، دیوان خاقانی خمسہ نظامی پڑھے جاتے تھے اور ان پر بحثیں ہوتی تھیں اور امیر خسرو اور امیر حسن اس کے دربار کے ملازم تھے ان لوگوں نے پانچ سال ملتان میں رہ کر اس شہزادہ کی خدمت کی ہے اور اسکے ندمائی حیثیت سے تنخواہیں اور انعامات پائے ہیں۔ اس شہزادہ کی دانشمندی کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ اس نے چند صحبتوں میں ان دو شاعروں کے لطائف و فضائل

اور دانش وہنر دریافت کرکے انہیں اپنے تمام ندما میں منتخب کرلیا۔ انکے کلام کو پسند کرتا، اور ان کے ساتھ دوسرے ندیموں سے زیادہ مہربانی کرتا تھا اور انہیں زیادہ انعام اور بہتر خلعت دیتا تھا۔ میں نے خود امیر خسرو اور امیر حسن کو یہ کہتے سُنا ہے کہ خان شہید سا مؤدب اور مہذب شہزادہ بہت کم دیکھنے میں آیا ہے دربار میں تمام تمام دن ایک نشست سے مؤدب بیٹھا رہتا اور زانو نہ بدلتا تھا ایسے مواقع پر ہم نے کبھی اسے چار زانو بیٹھے نہیں دیکھا اور نہ کسی مجلس میں اسکے مُنہ سے کوئی لغو، بیہودہ یا فحش بات سُنی۔ قسم بھی اگر کبھی کھاتا تو وہ "حقا" کے لفظ سے زیادہ نہ ہوتی تھی ...... ملتان کے قیام کے زمانہ میں ایک مرتبہ اس نے شیخ عثمان اور شیخ قدوہ فرزند حضرت شیخ بہارالدین ذکریا کو بلاکر عربی غزلوں کا سماع کرایا۔ ان بزرگوں اور ان کے ساتھی درویشوں کو خوب وجد ہوا جس وقت تک ان کی یہ حالت رہی شہزادہ برابر ہاتھ باندھے کھڑا روتا رہا اس کی مجلس میں اگر شعرائے قدیم کا وعظ او نصیحت کا کوئی شعر پڑھا جاتا تھا تو اسے بجد توجہ سے سنتا تھا اور اس طرح روتا تھا کہ لوگ حیران رہجاتے تھے۔ علم کا شوق اس قدر بڑھا ہوا تھا کہ ملتان سے دو مرتبہ آدمی اور خرچ بھیجکر شیخ سعدی کو شیراز سے بلایا مگر ضعف پیری کی وجہ سے خود نہ آسکے اور ہر مرتبہ اپنا کلام اپنے قلم سے لکھ کر بھجوایا اور معذرت کی"

انتخاب نشان (۴) کے ملاحظہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ حسب روایت فرشتہ امیر خسرو امیر حسن پر عاشق تھے اور ان کے ان تعلقات کی نسبت لوگوں کے خیالات بُرے تھے۔ اگر عشق کے معنی دوستی اور محبت کے نہ لیے جائیں تو یہ عاشقی

اور معشوقی اور حسن کو کوڑوں سے پٹوانے کا افسانہ بھی فرشتہ کی نان پزی یا نان فروشی کی روایت کی طرح بالکل بے سروپا نظر آتا ہے۔ اہلِ ہوس کے وہ تعلقات جن پر لوگوں کو نکتہ چینی اور ملامت کا موقع ملتا ہے عموماً زیادہ عمر والوں کی طرف سے کم عمروں کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یہاں یہ معاملہ مطلق نہیں دونوں حضرات تقریباً مساوی العمر تھے۔ اور سلطان محمد کی ملازمت میں داخل ہونے کے وقت تقریباً ۲۷، ۲۸ سال کے تھے۔ دونوں کے ڈاڑھی مونچھیں نکل آئی ہونگی۔ پڑھے لکھے، معزز خدمتوں پر مامور تھے۔ محمد سلطان کا جس کی تہذیب اور متانت کا حال آپ سن چکے ہیں ان حضرات کے باہمی تعلقات کو قابلِ ملامت و سرزنش باور کر کے امیر حسن کو امیر خسرو سے نہ ملنے کا حکم دینا اور امیر حسن کے نہ ماننے پر انہیں کوڑوں سے پٹوانا، اور ان کوڑوں کے نشانات کا امیر خسرو کے ہاتھ پر نمایاں ہونا ایسے امور ہیں جنھیں کوئی ذی عقل انسان ماننے کے لیے تیار نہیں ہو سکتا۔ اگر فرشتہ نے ان دونوں حضرات کی عمروں، ان کے علم وفضل، تعلیم و تربیت اور سلطان محمد کے عادات و اطوار اور تہذیب و اخلاق پر تھوڑا سا بھی غور کیا ہوتا تو یہ لغو اور مہمل روایت اس کی تاریخ میں جگہ نہ پا سکتی تھی۔

شہزادہ سلطان محمد کی اس علمی و ادبی مجلس کو قائم ہوئے چودہ پندرہ سال (از ۶۶۹ھ تا ۶۸۳ھ) بھی نہ گزرنے پائے تھے کہ زمانہ نے اپنے قاعدہ کے مطابق کروٹ لی، اور چشم زدن میں اس پُرلطف اور دلچسپ صحبت کو درہم و برہم کر دیا۔ سلطان محمد نے جو شکستیں تاتاریوں کو وقتاً فوقتاً دی تھیں ان کا داغ ان کے دلوں پر تھا۔ جب ارغون خاں ہلاکو کا پوتا ایران کا فرمانروا ہوا

تو تیمور خاں نامی ایک چنگیز خانی امیر جو افغانستان کا حاکم تھا لوٹ مار، اور اپنے قوم کے دامن سے شکستوں کی بدنامی کا داغ مٹانے کے لیے بیس ہزار سواروں کے ساتھ دیبال پور اور لاہور کے علاقہ جات پر حملہ آور ہوا اور انہیں تاخت و تاراج کرتا ہوا ملتان کی طرف بڑھا۔ سلطان محمد نے نہایت جرأت اور مردانگی سے اس کا مقابلہ کیا، اور ایک گھمسان لڑائی کے بعد اُسے شکست دیدی۔ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ تاتاریوں کی اس شکست کے بعد شہزادہ سلطان محمد اپنی فوج کے پانسو فتح مند سپاہیوں کے ساتھ ایک تالاب کے کنارے ظہر کی نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک تاتاری مغل جو دو ہزار سواروں کو لیے کمیں میں بیٹھا تھا باہر نکل آیا، اور اس موقع کو غنیمت سمجھکر اس مختصر اور باخدا جماعت پر حملہ آور ہوا۔ کچھ لوگ نماز ختم کرچکے کچھ لوگ نماز میں تھے۔ یہ ناگہانی حملہ بھی سلطان محمد کو حواس باختہ نہ کرسکا، وہ سنبھلا اور اپنی مختصر جمعیت کو مرتب کر کے تاتاریوں کے حملوں کا جواب دینے لگا۔ اور اس نے کئی مرتبہ غنیم کے پروں کو توڑ دیا۔ مگر امیر حسن نے جو ملتان میں موجود اور غالباً اس معرکہ میں شریک تھے اپنے مرثیہ میں نماز کے واقعہ کا مطلق ذکر نہیں کیا ہے وہ اپنے مرثیہ میں لکھتے ہیں کہ

"غزات اسلام از ملوک ترک و خلج و معارف ہندوستان و سائر سپاہی در نماز گاہ معرکہ ازاں جہت کہ مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جہاد را باصلوٰۃ نسبت فرمود کہ رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر" تکبیر گویان دست برآوردند ..... "عجب نہیں کہ "نماز گاہ معرکہ" کے الفاظ نے بعد کے مورخین کو اس روایت کے بنا لینے پر مائل کیا ہو۔ امیر خسرو کے مرثیوں میں اور مولانا ضیاء الدین برنی کی تاریخ میں

کہیں نماز کے واقعہ کا ذکر نہیں ہے اگر اس کی کوئی حقیقت ہوتی تو ایسے مضمون کو نہ امیر حسن چھوڑ سکتے تھے اور نہ امیر خسرو۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس معرکہ میں جو صبح سے شام تک قایم رہا ایک تیر سلطان محمد کے سینہ پر ایسا لگا کہ وہ اس سے جانبر نہ ہو سکا اور اس طرح اس ہونہار اور بے مثل شہزادہ کا عین شباب میں خاتمہ ہو گیا۔ اسی واقعہ کی بنا پر سلطان محمد تاریخوں اور تذکروں میں "خان شہید" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس معرکہ میں خان شہید کے ساتھ دہلی کی فوج کے بہت سے سپاہی مارے گئے اور بہت سے لوگوں کو تاتاری گرفتار کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ اس معرکہ میں امیر خسرو کا شریک اور ان کا ایک مغل کے ہاتھ پڑ جانا اور دو سال کے بعد اس کی قید سے رہا ہو کر دہلی پہنچنا مسلم ہے، لیکن امیر حسن کے متعلق ہمیں ابتک کوئی ایسا مواد نہیں ملا جس بنا پر ہم یہ کہہ سکیں کہ وہ بھی قطعاً شریک معرکہ اور گرفتاری اور قید میں امیر خسرو کے ساتھی تھے۔ ہمارے مکرم استاد مولانا شبلی مرحوم نے "حیات خسرو" میں ایک فقرہ تحریر فرمایا ہے جس سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ حسن کو بھی تاتاری گرفتار کر کے بلخ لے گئے تھے۔ وہ فقرہ یہ ہے کہ "امیر صاحب اور خواجہ حسن دہلوی بھی اس معرکہ میں شریک تھے، چنانچہ تاتاری ان کو گرفتار کر کے بلخ لے گئے"۔ اگر مولانا مرحوم کا مقصد دونوں حضرات کی گرفتاری سے ہے تو غالباً مولانائے موصوف نے کسی سند کی بنیاد پر ایسا تحریر فرمایا ہو گا جس سے ہم ناواقف ہیں۔ امیر خسرو نے اپنی گرفتاری کا ذکر بعض نظموں میں کیا ہے مگر حسن کے کلام میں کہیں اس کی طرف اشارہ نہیں پایا جاتا۔ اس حادثہ جانکاہ سے مسلمانوں کو مختلف حیثیتوں سے سخت صدمہ

اٹھانا پڑا۔ اس پر امیر خسرو نے نظم میں اور امیر حسن نے نثر میں نوحہ خوانی کی ہے۔ امیر خسرو کے ترکیب بند کے ہر بند کے پانچ پانچ شعر اور امیر حسن کی نثر بتمامہ ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

ترکیب بند امیر خسرو

واقعہ است ایں یا بلا از آسماں آمد پدید
آفتست ایں یا قیامت در جہاں آمد پدید

مجلس یاراں پریشاں شد چو برگ گل ز باد
برگ ریزے گوئی اندر بوستاں آمد پدید

بسکہ آب چشم خلقے شد رواں از چار سوے
پنج آب دیگر اندر مولتاں آمد پدید

خواستم تا ز آتش دل بر زباں آرم سخن
صد زبانِ آتشینم در دہاں آمد پدید

جمع شد سیارہ در چشم مگر طوفاں شود
چوں ببرج آبی انجم را قراں آمد پدید

من نخواہم جز ہماں جمعیت ایں کے شود
خود محالست ایں بنات النعش پرویں کے شود

تا چہ طالع بد کہ شاہ از مولتاں لشکر کشید
تیغ کافر کش برائے کشتن کافر کشید

چوں خبر کردندش از دشمن بداں قوت کہ داشت
بے محابا خشم در سر کرد و رایت بر کشید

انچہ حاضر بود لشکر لشکرے دیگر نجست
زانکہ رستم را نشاید منت لشکر کشید

آنچناں رنگیں کنم امسال خاک از خون شاں
کز زمیں باید شفق را گونۂ احمر کشید

او دریں تدبیر و آگہ نہ کہ تقدیر فلک
صفحۂ تدبیر را خطِ مشیت در کشید

آں چہ ساعت بد کہ کافر بر سر لشکر رسید

جوق جوق از آب بگذشتند و ناگہ در رسید

جنگ شہ دیدی و بر گردوں غبار انگیختن
باد پا بر کافراں خاکسار انگیختن
علغلہ در انجم از جوش سپاہ انداختن
زلزلہ در عالم از سیر سوار انگیختن
ضربت مردانہ در پہلوئے نامرداں زدن
شعلۂ آتش ز تیغ آبدار انگیختن
دیو بندی را علم جمشید وار افراختن
ملک گیری را فرس خورشید وار انگیختن
آسماں اندر تضرع زاں فزع برداشتن
آفتاب اندر تیمم زاں غبار انگیختن

اندراں وقتے کہ فرق از مرد تا نامرد بود
اے بسا کس را کہ بہا خشک رو ہا زرد بود

روز را تاریکی آمد چوں بہم بر بافتند
زرد شد خورشید چوں خنجر بہ خنجر بافتند
روز بز ویک فرو رفتن شدہ از زرم تیغ
آسمانے بر سر خورشید لشکر بافتند
آبگوں شد خاک چوں جوشن بجوشن دوختند
گلستاں شد دست چوں اسپر در اسپر بافتند
کشتگاں افتادہ در صحرائے از اطراف سر
ہمچو صورتہا کہ در دیبائے اخضر بافتند
خواستند تا نطع نصرت گسترد لیکن چہ سود
کز فلک آں نطع را بر شکل دیگر بافتند

یکزماں شمشیر قاتلش نیا سود از قتال
از زوال روز تا شب اندراں روز زوال

یارب آں خوں بود کاندر روئے صحرا میدوید
یا بسوئے تشنگاں موجے ز دریا می دوید
کشتہ اندر خاک جاں میکند و بر خود می طپید
در گلویش موج می زد خون و بالا می دوید

ایں بدوزخ برد آب و آں بجنت برد جوے
گرچہ خون گبر و مومن ہر دو یکجا می دوید

شاہ لشکرکش بترتیب صف و آئین جنگ
مید وانید اشہب اقبال را تا می دوید

پائے پس می برد گردوں مو گرفتہ فتح را
فتح ہرچند از طلایع جانب ما می دوید

کافر اندر انتظار شب کہ تا بیروں شود
ناگہاں میزان ما را پلہ دیگرگوں شود

تا چہ شب بود آں کہ از چرخ آفتاب افتادہ بود
دیو آتش در جہاں میزد شہاب افتادہ بود

روز چوں باقی نبود آں آفتاب تحت را
روز باقی بود چیزے کافتاب افتادہ بود

گر حسین کربلا را رہ بہ بے آبی فتاد
او محمد بد کہ در آبش تاب افتادہ بود

کافر اندر خوں چو خر در پارگیں غلطیدہ بود
مومن اندر گل چو گوہر در خلاب افتادہ بود

فعل ایں گرگ کہن بنگر کہ از دست سگاں
شیر در زنجیر و فیل اندر طناب افتادہ بود

بے فزع بود آں قیامت را معین دیدہ ام
گر قیامت را نشاں اینست پس من دیدہ ام

دایرات آسمانی گردش پرکار کرد
مرکز اسلام را سرگشتہ چوں پرکار کرد

ذرہ را دیدی کہ آب چشمہ خورشید برد
سنگ را دیدی کہ کار لولوی شہوار کرد

با مغل ہر سال بہر دیں سر کارش بود
عاقبت جان گرامی در سر ایں کار کرد

دست تقدیر است گہ خوں ریز و جاں گہ دہد
ناتوانانیم و نتواں کینہ با قہار کرد

شیر نر از نیش موری صد خروش صعب زد
پیل مست از نوک خارے صد فغاں زار کرد

جمعہ بود و سلخ ذی حجہ کہ بود آں کارزار
آخر ہشتاد و سہ آغاز ہشتاد و چہار

مہر و مہ بر روئے آں فرخ لقا بگریستند
روز و شب بر سالِ آں اندک بقا بگریستند

بس کہ اندر عہد او ماہی و مرغ آسودہ بود
ماہیاں در آب مرغاں در ہوا بگریستند

خلق ملتاں مرد و زن مویہ کناں موکناں
کو بکو و سو بسو و جا بجا بگریستند

از خروش گریہ و بانگ دہل شب کس نخفت
بس کہ در ہر خانۂ اہلِ عزا بگریستند

در ازاں بند بلا ناگہ اسیرے باز گشت
روئے او دیدند ہر کس بے ریا بگریستند

گریہ چنداں شد کہ موج دیدہ از جیحوں گزشت
حالِ من ایں بود حالِ دیگراں تا چوں گزشت

دست مالم یا خود از دنداں کنم بازو کبود
یا بپوشم جامہ زیں مینائے چوں مینو کبود

ہم سیاہے شد ز ہند و ہم سفیدی شد ز ترک
بس کہ می پوشد کنوں ہم ترک ہم ہندو کبود

نیلگر را خود عروسے شد بخانہ بس کہ شد
بر مثال نو عروسے در عزائے شو کبود

خوبرویاں را کہ پیشانی زدند و خوں گریست
زیر ابرو سرخ شد بالاتر از ابرو کبود

بس کہ می کندند مو از فرق نازک سربسر
شد ز آزارِ چناں کندن تہ ہر مو کبود

موئے سر تا چند ازیں غم زار و گریاں بر کنم
ایں تن چوں موے بارے از سر جاں بر کنم

وہ کہ دل یکبارگی خوں شد برائے دوستاں
آہ ازاں جمعیت راحت فزائے دوستاں

بسکہ خون بے بہا خوردہ است خاک از دوستاں	واجب است از خاک جستن خوں بہائے دوستاں
خسروا ہر بار میگوئی فراخواہم درید	جامۂ جاں تا بدامن در عزائے دوستاں
جاں کہ صد جا پارہ شد از غم کجا باشد روا	پارہ را پارہ کردن از برائے دوستاں
دوستاں رفتند از بہر کہ میگوئی سخن	ختم مطلق کن سخن را از برائے دوستاں

یاد میکن رفتگاں را خاصہ در حال دعا
کت برحمت یاد نماید مگر دال دعا

یارب آں خورشید رحمت نور درجاں بادشاں	جاں ز فیض نور چوں خورشید تاباں بادشاں
بود شاں در روز ہیجا خانِ اعظم پیشوا	پیشوائے جنت الفردوس ہم خاں بادشاں
تشنگانے را کہ جانہا شاں زبے آبی برفت	بر سر از ابر کرم ہر لحظہ باراں بادشاں
بستگانے را کہ دشواری بر ایشاں دیر ماند	یارب امید رہائی زود آساں بادشاں
وانچہ باقی ماندہ اند وزاں بلا باز آمدہ	فضل یزداں بادشاں احسان سلطاں بادشاں

چوں محمد رفت شہ را عاقبت محمود باد
کیقبادش اسعد و کیخسروش مسعود باد

مرثیہ امیر حسن

دیر باز است تا سپہر ستمگر اگرچہ مدتے عقد موافقت می بندد و عہد مصادقت می پیوندد برمی گردد و روزگار ناساز گار اگرچہ رسم رضامی نہد و وعدۂ وفائی دہد در میگزرد

آسمان شوخ چشم کہ مردمک مردمی او بجس خساست معیوب است اگرچہ اول چوں مستاں بے آنکہ ہیچ کرمے باعث باشد چیزے می بخشد ولیکن آخر چوں طفلاں بے آنکہ ہیچ خیانتے مانع آید بازمی ستاند عادات ومعہودات زمانہ جافی ہمبریں منوال چہ بتجارب وچہ بتسامع دیدہ وشنیدہ آمدہ است کہ ہر کرا چوں ماہ برآمدہ می بیند میخواہد کہ روے کمال او را بداغ نقصان سیاہ کند و ہر کرا چوں ابر برسر آمدہ می یابد دراں می کوشد کہ جوہر او را پارہ پارہ در اطراف آفاق پراگندہ کند دریں بلغ حیرت وبستان حسرت چنانکہ ہیچ گلے بے خار نرست ہیچ دلے از خار خار نرست اے بسا سبزۂ نورستہ کہ از خزاں آفت درمقام لطافت زرد روئے ماندہ واے بسا نہال نوخاستہ کہ از تند باد اجل درخاک زمیں پہلو نہادہ ؎

در باد خزاں بیں کہ چہ حد بردی کرد　　　برسرو جواں چہ ناجوانمردی کرد

یکے از امثال ایں تمثیل واقعہ خسرو ماضی قاآن ملک غازیست انار اللہ برہانہٗ وثقل بالحسنات میزانہٗ روز آدینہ سلخ ماہ ذی حجہ سنہ ثلث وثمانین وستمایۃ (۶۸۳) کہ ماہ چوں مہر دردل کافر ہیچ جا پدید نبود آفتاب بمصاحبت لشکر اسلام تیغ زناں برآمد وشہزادہ اعظم کہ آفتاب آسمان ملک بود نورانیت غزا درغرۂ غزائے او لایح وجہد افراط جہاد درضمیر نیر او ثابت پائے مبارک دررکاب آورد شبانہ برائے مشکل کشائے عرضہ داشتند کہ ایتمر باتمامی لشکر بسہ فرسنگی فرود آمدہ است چوں بامداد شد برعزیمت کوچ ازاں مقام نہضت فرمود وبیک فرسنگی آں ملاعین پیش بازآمدہ بموضع مصاف درحدود بلغ سمرترہ برکرانۂ آب لاہور اختیار کرد۔ چنانچہ متصل آب دیہی بزرگ بود آنرا حصن حصین ساخت وصورت لبست کہ چوں کفار

مقابل شوند ہر دو آب در عقب لشکر باشد تا نہ ازیں حملہ کسے رو بفرار تواند نہاد و نہ ازال مخاذیل ساقۂ لشکر را آفتے تواند رسید والحق آں اختیار از غایت حزم و نہایت کاردانی اُن خان جہاں ستاں بود اما چوں قضائے بد میرسد سررشتۂ ہمہ مصالح در تاب میرود و سلک ہمہ تدبیرہا از انتظام می شود ؎

ہر کرا از بخت بد رہ اوفتد کار او ورکام بد خواہ اوفتد
بخت چوں دیوانہ از رہ گم شود عقل چوں شب کور در چاہ اوفتد

قضارا آں روز ماہ و آفتاب کہ نسبت بہ ملوک دارند نشانہ ماہی آویختہ بودند و مریخ کہ در سرخروئی او ہمہ از خون اعیان مملکت است ہمہ از ترکش آں برج خدنگ خذلان طعانہ طغیان می کشاد خان جوز اکمر را کہ اسدے بود از برج آبی خانۂ خوف و خرابی و دلائل فتن و مخایل فتور بریں نوع ظاہر و باہر و رمز و اشارات جاء القضا ضاق القضا در سیاق اوراق تحریر افتاد۔

القصہ نیمروز است کہ سوار چرخ در ولایت نیمروز رسید و روز آں شاہ گیتی فروز را وقتِ زوال نزدیک شد ناگاہ گروہے از سمت آں کفرہ پدید آمد خان غازی ہماں زمان سوار شد و مثال داد کہ تمامی خیل و خدم و حاشیہ و حشم او بر قضیۂ اُقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً صفے صد بار قوی تر از سد سکندر برکشیدند بعد از ترتیب میمنہ و ترکیب میسرہ بذاتِ عالی صفات در قلب گاہ چوں در جمع کواکب ماہ بجہاد ایستاد و کفار تتار علیہم الخذلان والخسران از آب لہاور عبرہ کردند و مقابل صف اسلامیان در آمدند ازیں وحشیان خرابی دوست بیابان زادہ پر ہائے بوم بر سرہائے شوم خود نہادہ و غزات اسلام از ملوک ترک و خلج و معارف ہندوستان

وسایر سپاہی در نماز گاہ معرکہ ازاں جہت کہ مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جہاد را باصلوٰۃ نسبت فرمود کہ رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر تکبیر گویان دست برآوردند و در اول حملہ چندین زبردستان را از خیل مغل زیر تیغ گزرانیدند و نیزۂ ملوک درگاہ در اعضائے اعدا چناں می نشست کہ نیزہ وار از بالائے ہر یک خون برمیخاست و شست ترکان خاص در تیر تافتن چناں می بود کہ جامۂ بود بر اہل تتارہ تار تار می شد۔ ؎

در اول تگ خدنگ شہ جست گشتند تتاریاں ہمہ پست

خدایگان شیردل شمشیرزن باشمشیر ے چوں عقیدت خود صاف از میان مصاف ہر بار کہ حملہ می آورد شمشیر گوئی دراں حربگاہ برشمایل آں شاہ می لرزید و ہمہ تن زباں شدہ باوی گفت کہ امروز دفع ایں ملاعین بہ بندگان دولت حوالہ کن و نفس نفیس خود حرکت مفرمائے کہ شمشیر دو رویہ است و تیغ اجل راز خصمے بے محابا نتواں نست دا کہ از تقدیر قادر برکمال بکہ رسد من از عین الکمال چشم می زنم۔ ؎

مرو تا خاک تو بر چشم بندم مکن کز چشم بد اندیشہ بندم
فلک روئے چناں روشن ندیدہ است من از دیدہ برآں آتش سپندم

تازمانے کہ در میدان سیر غزا و رسوم ہیجا باقامت میرسانید ہر یک از اسلحہ بزبانِ حال در مقال آمدہ نیزہ می گفت کہ شاہا امروز دستِ از من کوتاہ کن کہ زبان سنان من از بسیاری جدال و قتال کند شدہ و مرا در روئے خصم مجال طعن نماندہ مبادا کہ برجہم و حرکت پریشان از من بظہور آید و تیر می گفت اے عقد شست تو عقدہ جود ابر کشادہ بقصد ایں فسدہ پیش مرو من خود در رفتن مہلکہ خاک بر سر

میکنم نبایدتنگ چشم فلک کہ بربام پنجم است و بر در خانۂ ہشتم در گوشۂ کمین از کمان کید وکین بر سبیل جسارت وجفا بر تو خدنگ خطا رواں کند، و کمندمی گفت کہ امروز سر رشتۂ تدبیر از دستِ تفکر نمی باید داد کہ من ازیں جنگ بے درنگ و رزم بے حزم تو برخود می پیچم ساعتے توقف کن کہ اسلام و اسلامیان چوں طناب بر بستۂ خیمۂ نعم تواند اللہ اللہ با ایں طائفہ رسم طناب اندازی راچندیں اطناب مدہ

من برغبت پیش تو سر بر طناب آوردہ ام
تو کمند از زلف اندازی کمند انداز من

فی الجملہ آں شاہ دیں پناہ کفر کاہ ہمہ قلب سپاہ بایں گروہ گمراہ از نیمروز تا شامگاہ غزوے بے اجبار و اکراہ میکرد و غوغائے غالبان وغا و غلیان طالبان غزا گوش گیتی و اصماغ سما کر کردہ زبانہ ہائے آتشیں کہ از سر نیزہ غزا مغز می خاست و زباں ہائے تیغ کہ در گذاردن پیغامِ اجل یک حرفِ خطا نمیکرد دراں قیامت ہمہ بدیں آیہ رواں بود کہ یوم یفرُّ المرءُ من اخیہ پشت زمیں چملِ چشم پیران بصر بباد دادہ پرخوں، وروئے آسمان چوں فرق پسران پدر گشتہ پر گرد

آہن شمشیر چوں آتش چہ تابی اے پدر
یا مرا داغ یتیمی بر جگر خواہی نہاد

ہم دریں ایں عناد اثنائے ایں آشوب و بلا ناگاہ تیرے از شست قضا بر بال آں شہباز فضائے غزا رسید و مرغ روح از قفس قالب آنحضرت بجانب گلشن و روضۂ رضوان نقل کرد اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون ہماں زمان پشت دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم چوں دل یتیمان زار شکست و سد ملت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم

چو گورِ غریباں پست بیفتاد و اعتضادے کہ بازوے ملک را بود از دست بشد و اعتمادے کہ بیضۂ اسلام داشت از جائے برفت راست وقت غروب آفتاب عمر آں شاہ کہ آفتابش زرد شدہ بود بمغرب فنا فرو رفت و گردوں بر شعار سوگواراں جامہ در نیل زدہ و اشک سیارہ بر اطراف رخسارہ رواں گردیدن گرفت، زحل بر وقف قضائے وفا و شرط عزا کسوت سیاہ گردانید و از مرگ او بر اہل ہندوستان نوحہ می کرد، و مشتری بر دریغ آں اندام گرد اندود و قبائے خون آلود و دراعہ چاک میکرد و دستار بر خاک می زد، و مریخ کہ دستِ قوت او چوں چشم ترکاں روئے معیشت او چوں جعد زنگیاں تنگ و تاریک باد از تاسف آں خار خار کہ در دل خوں انگیخت چوں حوت در پیش آفتاب و چوں حمل در قبضۂ قصاب می طپید، و آفتاب از شرم آنکہ چرا در دفع ایں حادثہ و قمع ایں واقعہ نکوشید بر نیامد و در زمین فرو شد، و زہرہ چوں دید کہ اجرام از چنگ ایام چہ زحمت یافتند زاد فی الطنبور نغمہ دف را ورق بگردانید وسماع در پردۂ دیگر آغاز کرد و بر وفات آں شاہ بندہ نواز خود بجائے ساز نالیدن گرفت، و عطارد کہ در غزوات و فتوحات بر موافقت کاتب فتحنامہا در قلم می آورد، دراں نظم از سواد دوات خود روئے سیاہ می کرد و از اوراق دفترِ خویش پیراہن کاغذیں می پرداخت، و ماہ حالے در صورت ہلالے با قامت منحنی دراں قیامت زمین بسر بر دیوار و در افق میزد و مراتب مراثی نگاہ می داشت. نظم

روئے بخاک می نہی وہ کہ چنیں نخواہمت
ماہِ زمانۂ مرا زیر زمیں نخواہمت

گر بشکار میروی جان منست خاک تو
خلوت خاک خوش بود جان من ایں نخواہمت

حق تعالے و تبارک روح مطہر و مطیب آں شاہزادۂ غازی را بدارج علے

ومراتب والا برساناد ودمدم جام مالا مال تجلی جمال وجلال خویش بخشاد وہر شفقت ومرحمت وعاطفت وتربیت کہ درحق این شکستہ بیکس داشت سبب مزید درجات ومحو خطیات او گرداناد۔ آمین یارب العالمین"۔

یہ نظم ونثر دونوں مدتوں اس زمانہ کے اہلِ علم کی صحبتوں میں پڑھی جاتی اور مقتولین کے عزیزوں کو رُلاتی رہی ہیں۔

امیر خسرو کی نظم خواجہ حسن کی نثر سے صاف اور واضح تر ہے۔ ہر زمانہ کا ایک خاص طرزِ تحریر ہوتا ہے جس کی پابندی ایک حد تک ہر شخص کو کرنی پڑتی ہے۔ امیر حسن کی نثر میں بجائے واقعات کے زیادہ تر زور عبارت آرائی پر دیا گیا ہے جو اس زمانہ کے مذاق کے مطابق نہیں ہے۔ امیر حسن کی نظم کی صفائی اور سادگی اور فوائد الفواد کی نثر کی روانی دیکھ کر ہی سمجھ میں آتا ہے کہ انہوں نے یہ طرزِ تحریر اوائل عمر میں اختیار کیا تھا اور آگے چل کر اسے ترک کر دیا۔ سلطان محمد کی شہادت اور اس کی علمی اور ادبی مجلس کے درہم برہم ہو جانے کے بعد ملتان میں قیام کی کوئی وجہ نہ تھی۔ امیر خسرو اور امیر حسن دونوں دہلی چلے آئے۔ سلطان محمد کے حادثہ نے سلطان غیاث الدین کو زندہ درگور کر دیا تھا، اگرچہ بادشاہ اپنی شکستہ دلی اور رنج وغم کو چھپانے کی بہت کوشش کرتا تھا مگر اندر ہی اندر اس غم میں گھلتا جاتا تھا۔ دہلی پر مردہ دلی اور افسردگی کی ایک گھٹا چھائی ہوئی تھی۔ یہ فضا عموماً شعر وشاعری کے مناسب اور موافق نہیں ہوتی چنانچہ ملتان سے آکر امیر خسرو اپنے وطن پٹیالی اور امیر حسن دہلی میں گوشہ نشین ہو گئے۔ سلطان محمد کے حادثہ پر پورے تین سال بھی نہ گزرے تھے کہ سلطان غیاث الدین کا ۶۸۶ھ میں انتقال ہو گیا۔

اگرچہ سلطان غیاث الدین کی وصیت یہ تھی کہ اس کے بعد "خان شہید" کا بڑا بیٹا کیخسرو پادشاہ ہو، مگر امرائے دولت اور اعیان سلطنت نے سلطان کے دوسرے فرزند بغرا خاں کے بیٹے کیقباد کو جس کی عمر سترہ اٹھارہ سال کی تھی پادشاہ بنایا۔

یہ شہزادہ بقول مولانا ضیاء الدین برنی کے طبعاً سنجیدہ، خوش اخلاق اور خوبصورت تھا، شعر و سخن سے اسے مناسبت تھی۔ سلطان غیاث الدین بلبن نے اس کی تعلیم و تربیت کا بڑا اہتمام کیا تھا۔ رات دن استاد، اتالیق اسے گھیرے رہتے تھے۔ شراب اور عورتوں کی صحبت سے سختی کے ساتھ روکا جاتا تھا۔ بعض طبیعتوں کا خاصہ ہوتا ہے کہ جن چیزوں سے جتنا زیادہ روکے جاتے ہیں اسی قدر اس کے دلدادہ اور فریفتہ ہوتے جاتے ہیں۔ کیقباد انہیں لوگوں میں تھا۔ ایک وسیع اور بنی بنائی سلطنت کا مالک ہو کر ایسا بدمست اور سرشار ہوا، اور اس طرح عیش و عشرت میں پڑ گیا کہ اسے دین و دنیا کا ہوش نہ رہا۔ اس کے دیکھا دیکھی وہ امرائے دولت اور اعیان سلطنت جو اب تک سطوت بلبنی کے ڈر سے اس قسم کے جذبات کو روکے ہوئے تھے کھل کھیلے۔ اور ہر طرف خوبرویوں کے جمگھٹے، اور شراب و کباب کی صحبتیں قایم ہو گئیں۔ شہر میں ایسے جلسے خاطر خواہ نہ ہو سکتے تھے۔ اس لیے پادشاہ نے "لعل کوشک" چھوڑ کر "کیلوکھری" میں جمنا کے کنارے ایک عالیشان قصر اور باغ تیار کرایا، اور اپنے مصاحبوں، خاصوں اور ملازمین کے ساتھ وہاں رہنا شروع کیا، اور تمام ملک کے چیدہ اور برگزیدہ مطرب اور تقویٰ و توبہ شکن شاہد آ کر اس پرستان میں جمع ہو گئے۔ مسجدیں ویران اور میخانے

آباد ہو گئے۔ اس عیش اور کامرانی میں جہانداری اور جہانبانی کا کسے خیال تھا۔ ملک کا تمام نظم ونسق ملک نظام الدین نامے ایک امیر کے ہاتھ میں تھا، نظام الدین کا خسر اور چچا ملک الامرا فخر الدین دہلی کا کوتوال اور اس کی بیوی پادشاہ کی مُنہ بولی ماں تھی۔ غرض کہ اندر باہر کُل کا مختار ملک نظام الدین تھا۔ ملک نظام الدین کے متعلق مولانا ضیاء الدین برنی لکھتے ہیں کہ یہ شخص بڑا عالی ہمت، قدر دان علم وہنر، مردم شناس اور مخیر تھا۔ مگر دنیا کی طمع نے اسے اندھا اور بہرا کر دیا تھا۔ اور وہ اس وقت اس فکر میں تھا کہ کسی طرح معز الدین کا کام تمام کر کے خود پادشاہ ہو جائے۔ اس منصوبہ سے خاندان بلبنی کے ارکان اور اس خاندان کے ہوا خواہ منتشر ومتفرق اور نیست و نابود کیے جا رہے تھے کیخسرو خان شہید کا بڑا بیٹا جسے سلطان غیاث الدین بلبن نے اپنا ولیعہد مقرر کیا تھا مع اپنے ساتھیوں کے ملتان سے آتے ہوئے رہتک میں جانوروں کی طرح ذبح کرا دیا گیا۔ خواجہ خطیر سا نیک نام وزیر اور امرائے دولت کی ایک بڑی جماعت معزول، معطل اور منتشر ہو گئی۔ اس اثر اور قوت کے زمانہ میں ایسے لوگوں کے لیے جو "خان شہید" کے نمک خوار رہ چکے تھے اور اس کے خاندان کی ہوا خواہی کا دم بھرتے تھے کیا گنجائش تھی۔ امیر خسرو اور امیر حسن اُسی زمرہ کے لوگوں میں تھے جن سے ملک نظام الدین کھٹکتا رہتا تھا۔ اس لیے معزی دربار کے ابتدائی نقشہ سے یہ دونوں درخشاں تصویریں غائب ہیں۔ اس زمانہ میں امیر خسرو نے "خاں جہاں" نامی ایک امیر کی ملازمت اختیار کر لی، اور امیر حسن بھی ممکن ہے کہ کسی امیر کے مصاحب ہو گئے ہوں لیکن

نہ وہ خود اشارہ میں کچھ کہتے ہیں اور نہ کسی تاریخ یا تذکرہ سے اس کا پتا چلتا ہے۔
سلطان معزالدین کی غفلت اور ملک نظام الدین کی بے اعتدالیوں او
امرائے ملک کی تباہی کا حال جب سلطان معزالدین کے باپ بغرا خاں کو جو
پہلے لکھنوتی کا گورنر اور معزالدین کے بادشاہ ہوجانے کے بعد وہاں کا خود مختار
فرمانروا ہوگیا تھا معلوم ہوا تو وہ ایک طویل خط وکتابت کے بعد ایک کثیر جمعیت
کے ساتھ بیٹے سے ملنے اور اُسے سمجھانے کے لیے لکھنوتی سے چلا۔ قرار یہ پایا کہ
باپ بیٹے اودھ میں آکر ملیں۔ اس قرارداد کے مطابق باپ اپنے خدم اور حشم
کے ساتھ اودھ پہنچکر دریائے سرجو کے ایک کنارے پر اور بیٹا اپنے لاؤ لشکر
کے ساتھ دوسرے کنارہ پر خیمہ زن ہوا۔ طویل گفت وشنید اور قاصدوں کی
آمدورفت کے بعد یہ طے پایا کہ باپ دریا عبور کرکے بیٹے کی قیام گاہ میں آئے
اور وہ تمام آداب اور مراسم بجالائے جو پادشاہ دہلی کے شایان شان ہیں۔
باپ نے فطری محبت اور مصلحت وقت کے لحاظ سے یہ سب ذلتیں سہنا
قبول کیا۔ بیٹے کا دربار نہایت تزک واحتشام اور شان وشوکت سے مرتب
کیا گیا۔ بغرا خاں حسب قرارداد داخلے کے دروازہ سے پاپیادہ سراپردہ میں داخل
ہوا، اور "زمین بوس" کے مختلف مقامات پر آداب بجالاتا ہوا بیٹے کے سامنے
آیا۔ باپ کی یہ حالت دیکھ کر بیٹے سے نہ رہا گیا۔ بیتاب ہوکر تخت سے اترا اور
باپ کے پاؤں پر سر رکھ دیا۔ بیحد اصرار اور تپاک سے اسے تخت پر بٹھایا، اور
خود زانوئے ادب تہ کرکے اُس کے سامنے بیٹھا۔ چند روز باہم ملاقاتوں اور جشنوں کے
سلسلے جاری رہے۔ بغرا خاں نے بیٹے کو ملک داری اور جہانبانی کے متعلق

بہت سی نصیحتیں کیں اور اشارۃً اور کنایۃً سمجھا دیا کہ ملک نظام الدین کا وجود اس کی سلامتی اور بقا کے لیے سخت مضر اور خوفناک ہے۔ معز الدین چند روز باپ کی نصیحتوں کا پابند رہا۔ شراب و کباب اور رقص و سرود کے جلسے چند روز موقوف رہے مگر یہ کمبخت عادتیں جب راسخ ہو جاتی ہیں تو ان کا چھٹنا دشوار بلکہ محال ہو جاتا ہے۔ ذرا سی تحریک سے معز الدین کی توبہ ٹوٹ گئی اور پھر وہی عیش کی راتیں اور عشرت کے دن لوٹ آئے۔ سلطان معز الدین نے اگرچہ چند ہی روز میں باپ کی سب نصیحتیں بھلا دی تھیں مگر باپ کی درد انگیز اور عبرت خیز ملاقات کی یاد تازہ تھی اور چاہتا تھا کہ اس کے تمام واقعات نظم کے پیرایہ میں آجائیں۔ ملک نظام الدین اگرچہ ابھی تک زندہ تھا مگر اس کا درباری اثر زائل ہو چکا تھا اس لیے لوگوں نے اس کام کے لیے امیر خسرو کا نام لینے کی جرأت کی۔ ہمارا قیاس یہ ہے کہ امیر خسرو اس زمانہ میں خان جہاں کے ساتھ اودھ ہی میں تھے اور وہ باپ بیٹے کے اتحاد اور مصالحت پر ایک قصیدہ بھی لکھ چکے تھے۔ جس کے چند اشعار یہ ہیں:۔

زہے ملک خوش چوں دو سلطاں یکے شد زہے عہد خوش چوں دو پیماں یکے شد
پسر پادشاہے پدر نیز سلطاں کنوں ملک میں چوں دو سلطاں یکے شد

معز الدین نے اس مشورہ کے مطابق امیر خسرو کو بلا کر یہ کام اُن کے سپرد کیا اور امیر موصوف نے چھ مہینے کے اندر مثنوی "قران السعدین" تمام کی۔ اس زمانہ میں امیر حسن کا کہیں پتا نہیں چلتا کہ وہ کہاں اور کس شغل میں تھے۔ بظاہر ان کا کوئی تعلق دربار شاہی کے شعراء یا ندماء سے نہ تھا۔ خود امیر خسرو کا تعلق

معزی دربار کے ساتھ ایک سال سے زیادہ نہیں رہا۔ کیونکہ ۶۸۶ھ ہجری میں "قران السعدین" کا کام ان کے سپرد ہوا اور ۶۸۹ھ میں سلطان معز الدین تین سال اور چند ماہ حکومت کر کے مرگیا۔ سلطان معز الدین کے مرنے کے بعد تین چار مہینے کے اندر ہی ترکوں کی ترکی تمام ہوگئی اور خلجیوں کا ستارہ چمکا۔

خلجیوں میں پہلا تاجدار سلطان جلال الدین فیروز شاہ خلجی ہوا۔ تخت نشینی کے وقت اس کی عمر (۷۰) سال کی تھی۔ یہ بادشاہ مکارم اخلاق، دینداری، جوانمردی، حلم و بردباری، عدل گستری میں اپنا آپ ہی نظیر تھا۔ شعر و سخن کا قدر دان اور خود بھی شعر کہتا تھا۔ صاحب "منتخب التاریخ" نے اس کے یہ شعر نقل کیے ہیں ؎

اے زلف پریشانت ژولیدہ نمیخواہم وان روئے چو گلنارت تفسیدہ نمیخواہم
بے پیرہنت خواہم یک شب بکنار آئی ہاں بانگ بلند است ایں پوشیدہ نمیخواہم

گوالیار کے محاصرہ کے زمانہ میں وہاں ایک عالیشان گنبد بنوایا تھا اور اس کے کتابہ کے لیے خود یہ رباعی تصنیف کی تھی۔

مارا کہ قدم بر سر گردوں ساید از تودۂ سنگ و گل چہ قدر افزاید
ایں سنگ شکستہ زاں نہادیم درست باشد کہ دل شکستۂ آساید

یہ رباعی سعد منطقی اور دوسرے درباری شعراء کو سنائی اور ان سے چاہا کہ اسکے عیب و صواب بیان کریں۔ درباری شعراء سے بجز تعریف اور توصیف کے اور کیا توقع ہو سکتی تھی۔ اس پر بادشاہ نے کہا کہ آپ لوگ میری خاطر سے ایسا کہتے ہیں۔ اس رباعی میں جو خامیاں رہ گئی ہیں انہیں میں خود ایک دوسری رباعی سے رفع کیے دیتا ہوں۔ اس کے بعد یہ رباعی کہی۔

باشد کہ دریں جا گزر کس باشد کش خرقہ روائے چرخ اطلس باشد
شاید کہ زمین قدم میمونش یک ذرہ بما رسد ہماں بس باشد

صاحب تاریخ "فیروز شاہی" لکھتے ہیں کہ "جلال الدین کی لطافت طبع اور شناخت ہنر کی اس سے بہتر اور روشن تر دلیل کیا ہو سکتی ہے کہ اس نے امیر خسرو پر جو شعرائے اولیں و آخرین کے سر دفتر ہیں، اپنے عرض ممالکی کے زمانہ میں خاص توجہ مبذول کی تھی اور بارہ سو تنگہ جو ان کے والد کی مواجب تھی ان پر جاری کردی تھی اور خلعت گھوڑا اور انعام اپنی طرف سے دیا تھا، ان کے حال پر بیحد نوازش اور مہربانی اور عنایت کرتا تھا۔ بادشاہ ہونے پر انہیں اپنا مقرب اور مصحف دار بنایا، اور جو خلعت امرائے عظام کے لیے مقرر تھا وہی امیر خسرو کے لیے مقرر کیا اور اسی بناء پر ان کے نام کے ساتھ امیر کا خطاب مستعمل ہونے لگا۔ سلطان جلال الدین کے ہم صحبت اور ہمنشین اس زمانہ کے چیدہ اور منتخب لوگ تھے مثلاً ملک تاج الدین کوچی، ملک اعز الدین غوری، ملک قیر، ملک نصرت صباح ملک چپ، ملک کمال الدین ابو المعالی، ملک نصیر الدین کہرامی، ملک سعد الدین منطقی یہ لوگ ظرافت و لطافت طبع میں مشہور روزگار تھے۔ طبقۂ ندما میں تاج الدین عراقی، امیر خسرو، موید جاجرمی، پسر ابیک دعاگو، موید دیوانِ صدر عالی، امیر ارسلان کلاہی، اختیار باغ اور تاج خطیب سے انشار پرداز دانشور، مورخ اور آداب داں لوگ شریک تھے۔ امیر خسرو روز نئی نئی غزلیں کہہ کر لاتے تھے، پادشاہ کو ان کے کلام کے ساتھ ایک قسم کی شیفتگی ہوگئی تھی وہ امیر موصوف کو بے شمار انعام اور اکرام دیتا تھا سلطان کے

دربار کے غزلخواں، ساقی، اور مطرب بھی ایسے ہی مشہور و معروف اور بے مثل لوگ تھے۔ غرضکہ سلطان جلال الدین کی یہ صحبتیں ایسی پر لطف اور دلکش ہوتی تھیں کہ دنیا میں ان کی مثال کا ملنا مشکل تھا۔"

اس دلکش اور لطف انگیز مرقع میں کہیں امیر حسن کی صورت نہیں نظر آتی اور نہ کہیں ان کا نام ملتا ہے۔ البتہ علامہ بدایونی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ "امیر خسرو سلطان معز الدین کے انتقال کے بعد سلطان جلال الدین کے ہمنشین ہوئے، شاہی قرآن ان کی تحویل میں رہتا تھا اور ہر سال ایک بھاری خلعت پاتے تھے۔ اسی طرح امیر حسن بھی اس کے ندیموں میں داخل تھے۔" علامہ موصوف نے امیر حسن کے ندما میں شریک ہونے کا واقعہ معلوم نہیں کہاں سے لیا ہے۔ ضیاء الدین برنی جو امیر حسن کے بے تکلف دوست اور بے حد مداح ہیں، اور جنھوں نے سلطان جلال الدین کے ساقیوں، غزلخوانوں اور مطربوں کا نام بنام ذکر کیا ہے اپنے دلی دوست امیر حسن کے ندما میں شریک رہنے کے واقعہ کو کس طرح چھوڑ سکتے تھے، علاوہ اس کے ان کے کسی دیوان میں جلال الدین کی مدح میں ایک شعر بھی نہیں پایا جاتا، اس لیے ہمارا رجحان اسی طرف ہے کہ امیر حسن کو سلطان جلال الدین کے عہد میں بھی شاہی دربار تک پہنچنے کا موقع نہیں ملا اور ان کا تعلق بدستور لشکر شاہی سے رہا۔ ان کے اس تعلق کا پتا ان کی کتاب "فوائد الفواد" کے مختلف مقامات سے چلتا ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ اب میں نے لشکر ہی میں رہنا شروع کر دیا ہے۔ دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ آج میں آٹھ مہینے کی غیر حاضری کے بعد (حضرت سلطان المشائخ کی) دولت پابوس

سے مشرف ہوا۔ غیر حاضری کا سبب یہ تھا کہ میں دیو گیر کے لشکر کو گیا ہوا تھا۔ تیسری جگہ شمس دبیر کے ذکر میں کہتے ہیں کہ جس سال سلطان غیاث الدین لکھنوتی گئے تھے میں بھی لشکر میں تھا اور شمس دبیر جو میرے قرا بندار ہیں وہ بھی اسی لشکر میں تھے۔ میرا ان کا خشکی اور تری میں ساتھ رہا۔ کھانا پینا بھی ایک ساتھ تھا۔ چوتھی جگہ ۷۱۶ھ کی ایک صحبت میں لکھتے ہیں کہ میں نے خواجہ علیہ الرحمہ کی خدمت میں عرض کیا کہ جو شخص لشکر میں جاتا ہے اس کے دل میں یہ آتا ہے کہ اگر وہ فوت ہو جائے تو خدمتگار کو وصیت کر جائے کہ وہ اسے وہیں دفن کر دے نعش کو دور و دراز مقامات سے شہر میں لانا نہایت بیہودہ حرکت معلوم ہوتی ہے۔ اس پر ارشاد ہوا کہ یہی مناسب ہے۔ ایک جگہ اپنے افلاس کے ضمن میں فرماتے ہیں ؎

اکنوں کہ وقت لشکری آمد چہ ساں روم
اسپم گرو، سلاح گرو، چارپا گرو

غرضکہ ان اقتباسات اور شاہی لشکر کے ساتھ جانے آنے سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ انہیں فوجی خدمات سے کوئی تعلق تھا خواہ وہ زمرۂ اہل سیف میں ہوں یا اہل قلم میں۔ قدیم زمانے پر منحصر نہیں ہے اس زمانہ میں بھی ہر فوج اور لشکر کے ساتھ اہل قلم کی ایک جماعت کا رہنا لازم ہوتا ہے۔

سلطان جلال الدین کو علاء الدین اس کے داماد اور بھتیجے نے کڑا ے میں بلا کر نہایت بیرحمی اور دغا سے قتل کرا دیا جیسا کہ ہم پہلے لکھ آئے ہیں۔ مولانا ضیاء الدین برنی نے علاء الدین کے عہد کے دس عجائبات بیان کیے

میں ۔ وسوال جسے وہ "اعجب العجائب" کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔ یہ ہے کہ "بغیر علاء الدین کے ارادہ اور اہتمام کے اس کے عہدِ حکومت میں ہر قوم کے بزرگ اور ہر علم کے استاد اور ہر ہنر کے ماہر اس قدر جمع ہو گئے تھے کہ دار الملک دہلی رشکِ بغداد غیرتِ مصر اور ہمسر قسطنطنیہ ہو گیا تھا۔ مولانائے موصوف نے اس زمانہ کے مشائخ، علماء، سادات، واعظین، ماہرانِ فنِ قرأت، ندما، مورخین، اطبا، منجمین اور سرود گویوں اور شعرا کا بہ تفصیل ذکر کیا ہے۔ طبقۂ شعرا میں پہلا نام امیر خسرو کا اور دوسرا نام امیر حسن صاحبِ تذکرہ ہذا کا ہے۔ اس کے بعد صدر الدین عالی فخر الدین قواس حمید الدین راجہ، مولانا عارف، عبید حکیم، شہاب انصاری، اور صدر بستی کا ذکر کر کے لکھتے ہیں کہ ان میں سے ہر شخص کا نظم و نثر میں ایک خاص انداز اور مخصوص طرز تھا اور سب صاحبِ دیوان تھے۔ امیر خسرو سے شعرا اگر سلطان محمود غزنوی یا سنجر سلجوقی کے عہد میں ہوتے تو معلوم نہیں ان کو کتنی جاگیریں ملتیں اور کیا کیا عزت اور توقیر کی جاتی مگر سلطان علاء الدین ایسے نادرِ روزگار شعرا کو صرف ایک ہزار تنکہ مواجب "دیوانِ عرض" سے دیتا تھا اور ان کی کوئی خاص عزت یا احترام نہیں کرتا تھا۔ باوجود اس بے پروائی اور بے التفاتی کے خدائے تعالیٰ نے اس کے عہد کو ایسے اعجوبہ روزگار استادوں اور ہنرمندوں کی ذات سے مزین اور آراستہ فرمایا تھا۔ غرضکہ سلطان علاء الدین ہی کا عہد ایسا عہد ہے جس میں امیر حسن کو شاہی دربار سے تعلق رہا۔ ان کے دیوان میں اسی بادشاہ اور اوس کے اعزہ کی مدح میں قصائد اور قطعات ملتے ہیں۔ کسی دوسرے بادشاہ کی

مدح میں ایک شعر بھی نہیں ہے۔ چنانچہ وہ خود جابجا اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار سے ظاہر ہوگا۔ ؎

حسن را از غم و اندیشہ و رنج و محن بود ے
زباں ساکت، قلم ساکن، معانی کم، سخن کمتر
کنوں ے بیمنت از جاہ وجود و بذل و عدل شہ
سخن بسیار، و فضل افزوں، و شعر آساں سخن از بر

حسن کیں آستان کہف عصمت یافت در عالم
کمینہ مادح و کمتر سگ ایں آستاں بادا

جانِ من بندہ حسن شاداں زجاں بخشی شاہ
حرز جان خویش کردم مدح ایں درگاہ را

بندہ حسن چو از کرم شاہ قایم است
اول دعائے شاہ کند پس دعائے خویش

حسن دورِ سخن بر پادشہ نوش — کہ ایں معنی دریں دوراں تو داری

ایں روز خوش کہ دارم در دور شاہ حقا — ہرگز شبے زمانہ ننمود جز بخوابم

سلطان علاء الدین کہ باد از حق نظرہا سوئے او
الحق ز چشم مرحمت دارد نظرہا سوئے من
چونانکہ من بندہ شدم درگاہ شاہنشاہ را
گیتی غلامم می شود ترک فلک ہندوئے من

سُلطان علاء الدین نے تقریباً اکیس سال حکومت کرنے کے بعد ۷۱۶ھ میں انتقال کیا۔ اس کے انتقال سے سلطنت کا تمام نظم ونسق درہم برہم ہوگیا۔ ملک کافور نے جس کا خطاب "ملک نائب" تھا اور جو سلطان علاء الدین کا بڑا معتمد علیہ اور قوی ہوگیا تھا، امرائے دولت کو جمع کرکے علاء الدین کا ایک وصیت نامہ پیش کیا جس میں خضر خاں اپنے بڑے بیٹے کو ولیعہدی سے علٰحدہ کرنے اور اس کی جگہ شہاب الدین اپنے چھوٹے بیٹے کو جس کی عمر پانچ چھ سال کی تھی ولیعہد مقرر کرنیکا ذکر تھا۔ امرائے دولت نے کچھ اس جعلی وصیت نامے اور زیادہ تر ملک کافور کے اقتدار سے مرعوب ہوکر شہاب الدین کی بادشاہی قبول کی اس طور سے سلطنت کا تمام کاروبار ملک کافور کے ہاتھ میں آگیا۔ ملک کافور اپنے چند روزہ اقتدار کو نہایت بُری طرح اور بیحد ظالمانہ طریقہ سے کام میں لایا۔ خضر خاں کو جو گوالیار کے قلعہ میں علاء الدین کی زندگی میں محبوس تھا اندھا کرادیا اور خضر خاں کی ماں "ملکہ جہاں" کو قید کردیا اور اس کا تمام زر و زیور چھین لیا۔ سلطان علاء الدین کے دوسرے بیٹے شادی خاں کی جو نہایت خوبصورت نوجوان تھا اپنے حجام کے ذریعہ سے دونوں آنکھیں نکلوالیں۔ صرف مبارک خاں تیسرا بیٹا رہ گیا اسے ایک حجرہ میں بند کرکے کچھ لوگ اس غرض سے بھیجے کہ اسے بھی اندھا کردیں

شہزادہ ان لوگوں کو آتا دیکھ کر ان کا مقصد سمجھ گیا۔ اس کے گلے میں جواہرات کا ایک بیش بہا ہار تھا وہ ہار اس نے بڑھ کر ان لوگوں کے نذر کیا اور وہ احسانات انہیں یاد دلائے جو سلطان علاء الدین نے ان کے ساتھ کیے تھے۔ ان لوگوں کو رحم آگیا۔ اور وہ مبارک خاں کو اسی طرح چھوڑ کر چلے گئے۔ ملک کافور بقیہ خاندان اور امرائے علائی کی قلع قمع کی فکر کر رہا تھا۔ اور اس سے غافل تھا کہ قضا و قدر خود اس کی فکر میں ہے۔ پائیکوں کی ایک جماعت نے رات کے وقت ملک کافور کی خوابگاہ میں داخل ہو کر اس خواجہ سرا کا خاتمہ کر دیا اور صبح مبارک خاں کو قید سے نکال کر پہلے سلطان شہاب الدین کا نائب اور دو سال کے بعد بادشاہ بنا دیا۔ بادشاہ ہو کر اس نے اپنا خطاب سلطان قطب الدین قرار دیا۔ یہ دو سال کا زمانہ ایسے ہنگامے اور پریشانی کا تھا کہ اس میں کسی سے علم پرستی اور معارف نوازی کی کیا امید ہو سکتی تھی۔ البتہ سلطان قطب الدین کی تخت نشینی کے بعد ایک گونہ سکون کی صورت پیدا ہوئی۔ امیر خسرو نے اول ہی سال جلوس میں مثنوی "نہ سپہر" لکھ کر پیش کی اور سلطان قطب الدین نے حکم دیا کہ امیر موصوف کو ایک ہاتھی کے ہموزن روپیہ انعام میں دیا جائے جو اس وقت تک کسی بادشاہ نے نہیں دیا۔ اسی کے متعلق فرماتے ہیں۔

"شہا، گنج بخشا، کرم گسترا   معانی شناسا، سخن داورا

چنیں بخششے کز تو جم یافتم   در ایام پیشینہ کم یافتم

کنوں لابد از سحر سنجے چو من   بہ اندازۂ بخشش آید سخن

ہاتھی کے ہموزن روپیہ دینے کے متعلق مختلف روایتیں مشہور ہیں اس زمانہ میں

ہاتھی کا وزن کر لینا ذرا بھی مشکل نہیں مگر اُس زمانہ میں یقیناً ایک مشکل مسئلہ ہوگا۔ کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ اس طرح حل کیا گیا کہ ایک کشتی پر ہاتھی سوار کیا گیا اور اس کے وزن سے کشتی جتنی پانی کے اندر گئی اس پر نشان کر دیا گیا۔ اس کے بعد ہاتھی کو اتار کر اس پر روپے بار کیے گئے، اور جب ان کے وزن سے کشتی اس خط کے برابر پانی کے اندر اتر گئی اس وقت یہ سمجھا گیا کہ روپے ہاتھی کے ہموزن ہو گئے۔

سلطان قطب الدین ایک عیاش اور بے خبر حکمراں ثابت ہوا اس کے عہد میں وہ قواعد اور ضوابط جو سلطان علاء الدین نے اس قدر خوض و فکر اور خونِ جگر کھا کر بنائے اور نافذ کیے تھے وہ سب برطرف اور منسوخ ہو گئے۔ اس کی صحبت شاہدوں، مسخروں، اور بھانڈوں سے گرم رہتی تھی۔ خسرو خاں ایک بروار بچہ پر فریفتہ تھا اور اسے بڑھاتے بڑھاتے اس قدر بڑھایا کہ اپنا وزیر بنا لیا اور آخرکار نہایت ذلت اور خواری سے اسی کے ہاتھ سے مارا گیا۔ امیر خسرو کو فیاضی کے جوش اور دولت کی مستی میں ایک مرتبہ کثیر انعام دیدینا اس کی علم دوستی یا معارف پروری کا نتیجہ نہ تھا۔ سلطان قطب الدین کے عہد حکومت اور خسرو خاں کی چند روزہ حکمرانی میں جو ۷۱۶ھ سے لیکر ۷۲۱ھ تک چلتی رہی۔ امیر حسن کا دہلی میں موجود رہنا اُن کی کتاب فوائد الفواد سے ثابت ہوتا ہے جو ۷۰۷ھ سے شروع ہو کر ۷۲۲ھ کو ختم ہوتی ہے یہ وہ زمانہ ہے جس میں وہ نہایت عقیدت اور محبت کے ساتھ حضرت سلطان المشایخ کے حاضر باش مریدوں کے زمرے میں شریک اور درباری زندگی سے بالکل علیحدہ نظر آتے ہیں اگر ان کا کوئی تعلق دربار ہوتا تو وہ حضرت سلطان المشایخ کی خدمت میں اس طرح حاضر نہ ہو سکتے تھے کیونکہ

سلطان قطب الدین بقول مولانا ضیاء الدین برنی کے حضرت سلطان المشائخ کا سخت دشمن تھا اور انہیں علانیہ بُرا بھلا کہتا تھا۔ بلکہ بارہا یہ کہہ چکا تھا کہ اگر کوئی شخص حضرت کا سر کاٹ کر لائیگا تو اُسے ایک ہزار تنگہ زر انعام دیا جائیگا۔ تمام ملازمین دربار حضرت موصوف سے ملنے کے لیے غیاث پور جانے سے ممنوع تھے۔ قطب الدین اور خسرو خاں کے قتل کے بعد زمانہ نے اپنے معمول کے مطابق کروٹ بدلی اور خاندان علائی جس کی بنیاد خاک وخون پر قایم ہوئی تھی۔ بہت ہی تھوڑے زمانہ میں خاک وخون میں مل گیا۔ اور خلجیوں کی جگہ زمانہ نے تغلقوں کو صاحب تاج وتخت بنا دیا۔ تغلقوں میں پہلا بادشاہ غیاث الدین تغلق ہوا۔ یہ بادشاہ نہایت منتظم، معتدل مزاج اور بڑا تجربہ کار تھا، جیساکہ امیر خسرو اس کی تعریف میں کہتے ہیں ؎

کارے نکرد جز بکمالات علم وعقل گوئی کہ صد عمامہ بزیر کلاہ داشت

اس نے بہت جلد ان تمام خرابیوں اور نقصوں کی اصلاح کرلی جو سلطان قطب الدین اور خسرو خاں کی بے اعتدالیوں سے انتظام مملکت میں پیدا ہوگئے تھے۔ دینے لینے میں بھی وہ اعتدال پسند تھا نہ رعایا سے زیادہ لیتا تھا اور نہ دوسروں کو زیادہ دیتا تھا۔ اس کی داد و دہش نہ اسراف اور تبذیر کی تعریف میں آسکتی تھی، اور نہ اس پر بخل اور امساک کا اطلاق ہوسکتا تھا۔ وہ ہر خوشی کے موقع مثلاً شاہزادوں کے تولد، ان کی دوسری تقریبوں، اور فتوحات ممالک پر دہلی کے تمام سربرآوردہ بزرگوں، عالموں، استادوں، مدرسوں، مذکروں اور طلبہ کو شاہی دربار میں طلب کرکے ہر ایک کی حیثیت کے مطابق انعام

و اکرام دیتا تھا۔ اور جو گوشہ نشین اور آستانہ دار حاضر نہ ہو سکتے تھے ان کے پاس ان کا حصہ بھجوا دیتا تھا غرضکہ اس کے عہد حکومت میں ہندو مسلمان خاص و عام شہری اور لشکری سب بہ اطمینان تمام زندگی بسر کرتے تھے۔ سلطان غیاث الدین تغلق کو زمانہ نے زیادہ مہلت نہ دی چار سال چند ماہ حکومت کرنے کے بعد بنگالہ سے واپس ہوتے ہوئے اس کوشک میں ٹھیرا جو اس کے بیٹے سلطان محمد نے اس کے لیے بنوایا تھا۔ قرارداد یہ تھی کہ بادشاہ رات کو وہیں رہے اور صبح کو تغلق آباد میں داخل ہو جو بنگالہ کی فتح کی خوشی میں نہایت تزک و احتشام سے سجایا گیا تھا۔ بادشاہ نے اپنے تمام امراء دولت کے ساتھ وہیں کھانا کھایا۔ امراء وغیرہ ہاتھ دھونے کے لیے باہر گئے اتنے میں نو تعمیر مکان کی چھت گر پڑی اور بادشاہ پانچ چھ آدمیوں سمیت اس کے نیچے دبکر مرگیا۔ اور جو شہر جشنوں اور جلسوں کے لیے اس قدر اہتمام اور کوشش سے آراستہ و پیراستہ کیا گیا تھا وہ چشم زدن میں ماتم کدہ بن گیا۔ سلطان غیاث الدین تغلق کو انتظام مملکت نے اتنی فرصت نہ دی کہ وہ علوم و فنون کی پرورش اور ترقی کی طرف توجہ کر سکے اس لیے اس کے عہد میں علماء فضلاء اور شعراء کی کوئی ممتاز حیثیت نظر نہیں آتی اور نہ اس طبقہ کے لوگوں کا اس کے عہد کی تاریخ میں کوئی تذکرہ ملتا ہے۔ اس زمانہ میں بیچارے امیر حسن کی بحیثیت شاعر کے کیا پرسش ہو سکتی تھی۔

امیر حسن کے اخلاق، عادات اور دوسرے حالات

امیر حسن کے عادات اور خصائل کے معلوم ہونیکا ہمارے پاس اور کوئی ذریعہ نہیں بجز اس کے جو مولانا ضیاء الدین برنی کی تاریخ یا خود ان کی کتاب "فوائد الفواد" سے مستنبط ہوتا ہے،

مولانا موصوف ان کی نسبت جوکچھ لکھتے ہیں اس کی تفصیل اس طرح کیجاسکتی ہے کہ امیر حسن کے اخلاق اور عقائد پاکیزہ تھے۔ وہ نہایت ذیعقل اور پابندِ وضع لوگوں میں تھے ان کی زندگی صوفیانہ تھی اور باوجود تجرد اور تفرد اور اسباب دنیا نہ ہونے کے ہمیشہ قانع اور خوش وخرم اور مرنج ومرنجان نظر آتے تھے۔ علم مجلس میں طاق اور علما اور فضلائے دہلی اور سلاطین ماضیہ کے حالات سے خوب واقف تھے۔ ان کی قناعت اور ان کے پاس اسباب دنیا نہ ہونے کی تصدیق تو خود ان کے اشعار سے ہوتی ہے جو جابجا بے اختیار ان کے قلم سے نکل گئے ہیں ؎

صیاد مرا یکے بیاموز — دولت بکدام دام گیرند

حدیث مفلسی من کہ نیست حد و قیاسش
بجملہ شہر رسید و بشاہ ما کہ رساند

گر حسن افلاس می ورزد مرنج — مایہ عاشق تہیدستی بود

حسن ہرچند مفلس شد زیادت گنج ہا دارد — در او بارش چہ می بینی بہ اقبال تو می نازد

مائیم یک قبا شدہ آن یک قبا گرو — در دست چرخ خانہ بہائے مرا گرو
اکنوں کہ وقت لشکری آمد چہ سان روم — اسپم گرو، سلاح گرو، چارپا گرو

کس نیست تا کہ کوزہ آبے دہد مرا — شادی گرو، ملیح گرو، زیرکا گرو[1]
یک خانہ پر کتاب کنوں کاغذے نماند — حجت گرو، قبالہ گرو، ماجرا گرو
عالم ز بینوائی اکنوں چناں شدہ ست — بر خلق می نہم چو حسن خویش را گرو

[1] یہ شاعر کے غلاموں کے نام ہیں۔

قناعت کا پتا اس سے چلتا ہے کہ ان کی مدت زندگی میں کئی خاندان حکمراں ہوئے اور بعض بادشاہ ان میں شعروسخن کے دلدادہ اور فدائی تھے مگر وہ ان سب درباروں سے علیحدہ رہے۔ سلطان علاءالدین ایک ایسا بادشاہ ہے جس کے زمانہ میں معلوم نہیں کس طرح ان کا بے لوث دامن بادشاہوں کی بیجا مداحی کی گرد سے ملوث ہوگیا۔ اگر یہ نہ ہوتا تو انکا شمار ان معدودے چند شعرا میں ہوتا جو ہمیشہ اس گرد مزلت سے دامن بچا کر چلے ہیں۔ امیر خسرو نے باوجود تمام عمر بادشاہوں کی مداحی کرنے کے سچ کہا ہے۔ ؎

شعر ار چہ تر و فصیح باشد — از گفتن مدح دل بمیرد
گر خود نفس مسیح باشد — گردو نفس چراغ مردہ

امیر حسن کے دوست احباب ہمیشہ ان کو ترغیب دیتے اور تحریص کرتے رہے کہ آپ کو جدوجہد کر کے اپنی معاش میں ترقی کی فکر کرنی چاہیئے مگر انہوں نے مطلق اس کی طرف توجہ نہیں کی جیسا کہ ان کے بعض اشعار سے ظاہر ہوتا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں ؎

ہم دریں محنت و محنت کدہ بگزار مرا — چند گوئی کہ در دولتیاں لازم گیر

حضرت سلطان المشائخ کی بیعت سے پہلے اتنا ضرور مستنبط ہوتا ہے کہ ان کی زندگی ایک حد تک آزادانہ اور لاابالی تھی "فوائد الفواد" کی پہلی ہی صحبت میں حضرت سلطان المشائخ نے غالباً انہیں کے استفسار پر تائب اور متقی کے متعلق ایک تقریر فرمائی ہے اور یہ بتایا ہے کہ متقی وہ ہے جس نے تمام عمر شراب نہ پی ہو اور کوئی گناہ نہ کیا ہو اور تائب وہ ہے جس نے سب کچھ کیا ہو اور بعدہٗ توبہ

کرلی ہو۔ مرتبہ میں دونوں مساوی ہیں۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے "التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ" دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ استقامت توبہ کا ذکر آیا ارشاد ہوا کہ جب کوئی شخص شراب سے توبہ کرتا ہے تو اس کے ہم نوالہ اور ہم پیالہ اس کو پھر شراب کی طرف مائل کرتے ہیں اور ترغیبیں دلاتے ہیں اور یہ اس وقت ہوتا ہے جبکہ اس کے دل میں تھوڑی بہت شراب کی خواہش باقی ہوتی ہے اگر دل پورے طور سے صاف ہوجاتا ہے تو پھر کوئی ہم نشین اس کی توبہ کا مزاحم نہیں ہوسکتا۔ اور یہی صدق توبہ کی دلیل ہے علاوہ اس کے جا بجا اپنے اشعار میں توبہ کا ذکر کرتے اور اپنی گذشتہ زندگی پر تأسف کرتے نظر آتے ہیں جیسا کہ اشعار مندرجۂ ذیل سے ظاہر ہوگا ۔

یک سرِ مو دولت سفید نشد ہیچ مو بر تنت سیاہ نماند
اے حسن توبہ آنگہے کردی کہ ترا طاقت گناہ نماند

اے جوانی ہمہ در حشو سر آوردہ حسن
وقت تقبیل حواشی بساط پیراست

جز سیہ کاری نکردی تا سیاہت بود موے
چوں سفیدت شد کنوں بعد از سیاہی رنگ نیست

چوں حسن آنکہ از گنہ در نگذشت آں منم
آنکہ گناہ بندگاں در گزراند آں توئی

بسیار خطا کردی باز آے حسن اکنوں روے بہ زمیں آور، در ویشی درویشاں

آرے آخر ازپشیمانی بود حرف ندیم زاں ندیمیہا کہ میکردے پشیماں شد حسن

یہ سب کچھ سہی مگران کا دوستوں کے ایک مجمع کے ساتھ "حوض شمسی" پر بیٹھکر علانیہ شراب پینا جیساکہ شیخ جمالی لکھتے ہیں (ملاحظہ ہو اقتباس نشان ۳) ہرگز قرین قیاس نہیں ہے جیساکہ ہم آئندہ چل کر دکھائینگے۔ یہ امر یقینی ہے کہ بیعت کرنے کے بعد ان کی زندگی اسلامی نقطۂ نظر سے قابلِ رشک ہوگئی تھی ایک جگہ خود کہتے ہیں۔

حسن ارچہ کج نہادے کلہ کرشمہ برسر

بہ بر تو بند اکنوں کمر امیدواری

"فوائد الفواد" پڑھیے تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ وہ کس سختی کے ساتھ نہ صرف فرائض اور سنن بلکہ تہجد، نوافل، اوراد و وظائف کے پابند تھے، اور اُن کی زندگی بعینہ ایسی تھی جیسی ایک اہل اللہ اور حضرت سلطان المشائخ کے ایک بااعتقاد مخصوص مرید کی ہونی چاہیے۔ شیخ جمالی نے اگرچہ اپنی روایت کو مولانا شہاب الدین امام کی طرف منسوب کیا ہے جو بڑے پایہ کے بزرگ اور حضرت سلطان المشائخ کے مخصوص مریدوں اور خلفا میں تھے مگر یہ نہیں بتایا کہ یہ روایت انہیں کہاں سے ملی، اور جب تک یہ نہ معلوم ہو اور وہ روایت درایت کے معیار پر ٹھیک نہ اترے اس کا باور کرنا کسی قدر مشکل ہے۔ یہ امور مسلم ہیں کہ امیر حسن ۷۰۶ھ میں مرید اور تائب ہوئے اور یہ سلطان علاء الدین کی حکمرانی کا زمانہ تھا۔ اگر شیخ جمالی کا بیان تسلیم کرلیا جائے تو یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ شراب نوشی کا واقعہ بھی ۷۰۶ھ کا ہے۔ لیکن تاریخ فیروز شاہی سے معلوم ہوتا ہے کہ علاء الدین نے سنہ ۶۹۹ھ میں قلعہ رنتنبھور کا محاصرہ کیا۔

اثنائے محاصرہ میں اسے ملک کی چند بغاوتوں کی اطلاع ملی، اگرچہ یہ بغاوتیں بآسانی فرو ہوگئیں مگر علاءالدین کو دانشمند اور دوربین مدبرین کی طرح اس کا فکر دامنگیر ہوا کہ آئندہ اس قسم کی بغاوتوں کا قطعی انسداد ہوجانا چاہیے۔ بادشاہ دن بھر محاصرہ کے انتظامات میں مصروف رہتا تھا اور راتوں کو اپنے مشہور صاحب الرائے ملازمین کے ساتھ اس بارہ میں مشورہ کرتا تھا۔ مہینوں کی بحث مباحثوں کے بعد بغاوتوں کے چار اسباب قرار پائے۔ اول بادشاہ کا رعایا کے نیک و بد سے ناواقف ہونا۔ دوسرے علانیہ شراب خواری جس سے سلطنت کا کوئی راز چھپ نہیں سکتا۔ تیسرے اعیان سلطنت اور امراء کی باہم رشتہ داری۔ چوتھے زر و مال کی فراوانی۔ بادشاہ نے ان چاروں امور کے متعلق قواعد اور ضوابط مقرر کیے ہیں اس موقع پر بحث صرف انسداد شراب نوشی سے ہے اس لیے اسی کا انتظام مختصراً بیان کرینگے۔ علاءالدین اگرچہ ابتداءً خود شراب پیتا اور جلسے کرتا تھا مگر اس تجویز کے پختہ ہوجانے کے بعد اس نے بذریعہ اعلان شاہی شراب اور بھنگ وغیرہ کی خرید و فروخت قطعاً ممنوع کردی اور شہر کے تمام مشہور شرابیوں اور بھنگڑوں کو خارج البلد کردیا اور جو کثیر محاصل اس ذریعہ سے ملتا تھا اس سے دستکش ہوگیا۔ مخلص اور سچے مصلحین کیطرح اس نے اپنے گھر سے اصلاح شروع کی اپنے مجلس خانہ خاص کا تمام سامان شراب نوشی جو قیمتی چینی اور بلور کا تھا چکنا چور کرادیا۔ اور جتنے قرابے عمدہ عمدہ شرابوں کے تھے وہ سب بیرون شہر بھیجکر اُنڈلوادیے جس سے راستوں میں کیچڑ ہوگئی اور شہر کے دروازوں پر چوکیدار اور نقیب مقرر کردیے کہ چوری چھپے بھی شراب شہر میں نہ آنے پائے۔ جو لوگ ان احکام کی خلاف ورزی کرتے تھے وہ مارے پیٹے

اور قید کر دیے جاتے تھے۔ جب قید خانوں میں جگہ نہ رہی تو بادشاہ نے بڑے کنوئیں کھدوائے جن میں مجرمین ڈال دیے جاتے تھے۔ علاوہ اس کے اس زمانہ میں قاضی کمال الدین صدر جہاں اور قاضی جلال حاکم شرع تھے جو اس قسم کے غیر مشروع حرکات کے انسداد میں ضرورت سے زیادہ سخت تھے۔ کیا ان حالات میں کوئی شخص یہ باور کر سکتا ہے کہ امیر حسن ایک مجمع کے ساتھ سرِ راہ بیٹھے ہوئے علانیہ شراب پی رہے ہونگے؟ شیخ جمالی کے بیان کا دوسرا جز یعنے امیر حسن اور حضرت سلطان المشایخ کا ابتدائی زمانہ میں بدایون میں ہم صحبت ہونا بھی محض لغو ہے۔ یہ صحیح ہے کہ دونوں حضرات کا مسقط الراس بدایوں ہے حضرت سلطان المشایخ مسلم طور سے ۶۳۲ھ میں پیدا ہوئے اور سولہ سال کی عمر میں مع اپنی والدہ ماجدہ کے دہلی تشریف لے آئے جیسا کہ خود حضرت موصوف کے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے "بعد ازاں چوں شانزدہ سالہ شدم عزیمت دہلی شد" جو امیر خورد صاحب "سیر الاولیا" نے نقل کیے ہیں۔ اسطور سے حضرت سلطان المشایخ کا دہلی تشریف لانا ۶۴۹ھ میں قرار پاتا ہے۔ امیر حسن کا سال پیدائش ۶۵۲ھ ہجری ہے۔ جس وقت حضرت سلطان المشایخ ترک وطن فرما کر دہلی تشریف لائے ہیں اس وقت تک امیر حسن عالم وجود میں بھی نہ آئے تھے، بدایون میں ان کی ہم صحبتی کجا۔ بیعت کے وقت امیر حسن کی عمر ۷۰ سال کی ہونا بھی غلط ہے، ۷۰۶ھ میں مرید اور ۶۵۲ھ میں پیدا ہوئے اس لیے بیعت کے وقت انکی عمر ۵۴ سال کی تھی۔ امیر حسن کا پہلی ملاقات پر معتقد اور مرید ہو جانا بھی تمام دوسری روایتوں کے خلاف ہے۔ امیر خورد نے سیر الاولیاء میں حضرت سلطان المشایخ

کی کرامتوں کا ایک باب قایم کیا ہے اگر فی الحقیقت امیر حسن بقول شیخ جمالی مجلس شراب سے اٹھکر سروپا برہنہ دوڑ کر حضرت کے قدموں پر گرے اور تائب ہو گئے ہوتے تو ایسی اہم اور بین کرامت کو امیر خورد کس طرح ترک کر سکتے تھے جیساکہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ امیر خسرو اور مولانا ضیاء الدین برنی کے ساتھ مرید ہونے سے قبل حضرت سلطان المشایخ کی خدمت میں آتے جاتے رہے ہیں اور اس کے بعد بیعت کی ہے۔ غرضکہ شیخ جمالی کے بیان کا کوئی جزُ بھی تنقید میں صحیح نہیں ٹھہرتا۔ امیر حسن کی تنگی معاش کی شکایت خود آپ اُن کی زبان سے سُن چکے ہیں لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ وہ بالکل مفلس نادار اور محتاج تھے۔ اس کے معنی صرف اس قدر ہیں کہ جیسی انکے ہم چشموں اور ہمسروں کی مالی حالت تھی ویسی فارغ البالی انہیں نہ تھی ورنہ فوائد الفواد کی ۲۳؍ ربیع الآخر ۷۱۱ھ کی صحبت کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کہیں سے انہیں تنخواہ ملتی تھی۔ اس تاریخ کے واقعات میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں اس ہفتہ میں تنخواہ میں توقف ہو جانے کی وجہ سے پریشان اور دلتنگ تھا۔ خواجہ ذکراللہ بالخیر نے یہ حال معلوم کرکے ایک برہمن کی حکایت بیان فرمائی کہ وہ ایک شہر میں رہتا تھا اور بڑا مالدار تھا اس شہر کے حاکم نے اس پر مصادرہ کرکے اس کا تمام مال و اسباب چھین لیا۔ جس سے وہ بالکل مفلس اور نادار ہو گیا۔ ایک روز برہمن مذکور کہیں جا رہا تھا۔ راستے میں اس کا ایک دوست ملا۔ اس نے حال دریافت کیا۔ برہمن نے کہا بہت اچھا ہے اس کے دوست نے کہا کہ مہاراج تمہارا تمام مال تو چھن گیا ہے حال اچھا کیا ہے۔ برہمن نے جواب دیا کہ میرا جنیو تو نہیں چھنا ہے۔ یہ حکایت بیان

فرما کر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ اس تقریر کی تقریب تمہاری سمجھ میں آئی۔ میں نے عرض کیا کہ اس حکایت سے بندہ کا دل قوی ہو گیا اور مجھے معلوم ہو گیا کہ یہ بیان میرے تسکین قلب کے لیے ارشاد ہوا تھا اور اس کا منشاء یہ تھا کہ توقف مواجب اور اسباب دنیا نہ ہونے کی وجہ سے مجھے رنج و افسوس نہ کرنا چاہیے اگر تمام دُنیا ہاتھ سے نکل جائے تب بھی کچھ پروا نہیں صرف حق کی محبت کا قایم رہنا کافی ہے۔ پھر ۲۹ رجب ۷۱۴ھ کی صحبت میں تقریباً تین سال چند ماہ کے بعد لکھتے ہیں کہ آج دولت قدمبوسی حاصل ہوئی میری تنخواہ جو بند ہو گئی تھی وہ مجھے مل گئی۔ اس کی اطلاع میں نے عرض کی۔ اثنائے گفتگو میں ارشاد ہوا کہ کاموں میں استقلال اور ثبات کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ وہ تنخواہ پاتے تھے اور اگر یہ تنخواہ سرکار سے تھی جیسا کہ قیاس چاہتا ہے تو عہد علائی کے دوسرے شعرا کی طرح اس کی مقدار ایکہزار تنگہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ تنگہ کے متعلق ہم نے کوئی خاص تحقیق نہیں کی ہے لغت میں اس کے معنی سکۂ مروج کے بتائے جاتے ہیں خواہ وہ چاندی کا ہو یا سونے کا۔ عام طور سے دیکھا یہ جاتا ہے کہ قدیم تاریخوں میں جہاں محض لفظ تنگہ کا استعمال ہوتا ہے اس سے مراد سکہ نقرئی ہوتا ہے اور جہاں اس کے خلاف مقصود ہوتا ہے وہاں تنگہ کے بعد طلائی کی تصریح کر دی جاتی ہے۔ ہندوستان کے ابتدائی شاہی خاندانوں کے تنگے مختلف الوزن اور لازمی طور سے مختلف القیمت رہے ہیں۔ راجہ درگا پرشاد سندیلوی اپنی کتاب گلستان ہند میں لکھتے ہیں کہ عام طور سے علاءالدین کے عہد کا تنگہ تقریباً ہندوستان کے انگریزی روپے

کے برابر ہوتا تھا۔ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ سلطان علاء الدین اپنے دربار کے شعرا کو ایک ہزار تنگہ مواجب دیتا تھا۔ مولانا ضیاء الدین برنی نے یہ امر سلطان علاء الدین کی ناقدردانی کے ضمن میں بیان کیا ہے۔ اِس سے ظاہر ہے کہ مواجب سے ماہوار نہیں بلکہ سالیانہ مراد ہے۔ اگر ماہانہ ہوتا تو اُس زمانہ کے لحاظ سے جبکہ اعلیٰ سے اعلیٰ گھوڑے کی قیمت ایک سو تیس تنگہ سے زیادہ نہ ہوسکتی تھی اور دو جیتل یعنی آٹھ پائی کو ایک سیر مصری ملتی تھی۔ ایک ہزار تنگہ ماہوار جو قابلیت خرید کے لحاظ سے اس وقت کے دس ہزار سے بھی زائد ہوتے ہیں۔ مولانا ضیاء الدین کو کسی شکایت کا موقع نہ تھا۔ بظاہر قیاس یہی ہے کہ یہ مواجب سالانہ تھی اور اس حساب سے امیر حسن اور امیر خسرو اور دوسرے شعراء کو تقریباً ۸۴ تنگے ماہانہ ملتے تھے جو اس زمانہ کے لحاظ سے معمولی طور سے بسر برد کیلیے کافی تھے چنانچہ فوائد الفواد کے بعض مقامات سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر حسن ایک متوسط حال شخص کی طرح زندگی بسر کرتے تھے۔ ان کے یہاں نوکر چاکر غلام لونڈیاں تھیں۔ ملیح نامی ایک غلام کو انہوں نے حضرت سلطان المشائخ کے مواجہ میں آزاد کردیا تھا۔ ۱۳ر شعبان ۷۰۸ھ کی صحبت میں لکھتے ہیں کہ خواجہ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ تم صدقہ فطر دیتے ہو؟ بندہ نے بطریق استفہام عرض کیا کہ کیا میرے اوپر اس کا ادا کرنا واجب ہے۔ ارشاد ہوا کہ اگر نصاب کامل ہو اور وہ لابدی ضروریات سے زائد ہو اس سے لباس اور گھوڑا وغیرہ خارج ہے اگر نقد رقم پاس ہو تو ضرور دینا چاہیے۔ بندہ نے عرض کیا کہ نقد رقم تو نہیں رہتی۔ اسپر کچھ ارشاد نہ ہوا۔ مگر یہ فرمایا کہ اس وقت میرے پاس بہت کچھ ہی

جس زمانہ میں میں بالکل تنگ دست تھا، اس زمانہ میں بھی یہ حدیث سُنکر
کہ روزوں کا انحصار صدقۂ فطر پر ہے۔ قرض دام کرکے صدقۂ فطر دیا کرتا تھا۔
یہ سُنکر بندہ قدمبوس ہوا اور عرض کی کہ بندہ آئندہ سے صدقۂ فطر دیا کریگا۔
ارشاد ہوا کہ یہ صدقہ اپنی اور اپنے غلاموں اور چھوٹے بچوں کی طرف سے دیا کرو۔
اس کے بعد بندہ نے عرض کیا کہ جب ہم لوگ دیوگیر میں تھے تو میرے آزاد خدمتگار
ملیح نے ایک چھوکری پانچ تنکہ کو خریدی تھی جب لشکر وہاں سے چلنے لگا تو چھوکری
کے ماں باپ دس تنکے لیکر آئے اور نہایت عجز و انکسار سے التجا کی کہ دس تنکے
لے کر چھوکری ان کو واپس کر دیجائے۔ چھوکری کے ماں باپ کے رونے پیٹنے کا میرے
دل پر بہت اثر ہوا میں نے ملیح سے کہا کہ تو نے پانچ تنکے میں یہ چھوکری خریدی
ہے دس تنکے میں میرے ہاتھ فروخت کر دے۔ ملیح راضی ہو گیا اور میں نے
دس تنکے میں اسے لیکر آزاد کر دیا۔ خواجہ نے ارشاد فرمایا کہ تم نے بہت اچھا کیا......
فوائد الفواد سے اسی طرح کے بہت سے اقتباسات پیش کیے جاسکتے ہیں
جن سے مترشح ہوتا ہے کہ امیر حسن متوسط حال شرفا کی طرح زندگی بسر کرتے تھے۔
ان کے تجرد اور تجرید کے متعلق جو کچھ بیان کیا جاتا ہے اس سے صرف یہ سمجھنا
چاہیے کہ انہوں نے اہل و عیال کا جھگڑا اپنے ذمہ نہیں لگا یا ورنہ ان کی کتاب
فوائد الفواد سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بڑے کنبہ والے تھے۔ شمس دبیر کے ساتھ
جو سلطان غیاث الدین بلبن کے بیٹے کا معتمد ہو گیا تھا ان کی قرابت تھی
اور ان کے دو بھتیجوں میر چھجو اور شمس الدین کا ذکر اکثر جگہ آیا ہے۔ یہ دونوں بھائی
بھی حضرت سلطان المشایخ کے مرید اور بیحد معتقد تھے۔ شمس الدین کے متعلق

صاحب سیر الاولیاء لکھتے ہیں کہ وہ سلطان المشائخ کے فدائیوں میں تھے اور جب جماعت خانہ میں موجود ہوتے تھے تو جب تک حضرت سلطان المشائخ کا جمال مبارک نہ دیکھ لیتے تھے تحریمہ نماز نہ باندھتے تھے۔ اس طرف اشارہ کر کے امیر حسن کہتے ہیں؎

در اثنائے نماز اے جاں نظر بر قامتت دارم
مگر از قامت خوبت قبول افتد نماز من[1]

اس کے علاوہ فوائد الفواد سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے خاندان کے اکثر بچوں کو تسمیہ خوانی اور پھونک ڈلوانے کے لیے حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں لایا کرتے تھے۔

امیر حسن کی شاعری مسلمانوں سے پہلے ایران میں جو شاعری تھی اس کا کوئی صحیح اور قابل اطمینان نمونہ ابتک دستیاب نہیں ہوا ہے۔ فتح اسلام کے بعد مسلمانوں نے فارسی زبان میں جو شاعری شروع کی وہ بالکل عربوں کے طریقہ پر تھی۔ عرب زیادہ تر قصائد کہتے تھے۔ اس لیے اہلِ فارس بھی ایک زمانہ تک قصائد ہی کہتے اور اسی میں اپنا زور طبیعت دکھاتے رہے۔ رفتہ رفتہ یہ حالت بدلی اور بعض شعرا، غزلیں بھی کہنے لگے، مگر ان کی غزلیں سیدھی سادی، روکھی پھیکی ہوتی تھیں۔ سعدی علیہ الرحمہ نے غزل کا رنگ بدلا، اور ایک حد تک جذبات واردات اور معاملات بیان کر کے غزل کے افسردہ اور مردہ قالب میں ایک نئی رُوح پھونک دی۔ اور اس نازک صنف شعر کو جدید تراش خراش اور نئے جوڑ توڑوں سے ایسا درست کیا کہ اس کا رتبہ کئی درجے بلند اور برتر ہو گیا، اگرچہ ابھی اس فن کے بادشاہ یعنی خواجہ حافظ اور دوسرے زعما یعنی فغانی

[1] صاحب سیر الاولیاء نے یہ شعر امیر خسرو کی طرف منسوب کیا ہے۔

نظیری، عرفی، کلیم، طالب اور صائب کے آنے میں مدتوں کا وقفہ تھا۔ غرضکہ امیر خسرو اور امیر حسن کے زمانہ میں شیخ سعدی علیہ الرحمہ ہی کا رنگ سب سے زیادہ کامل اور مقبول سمجھا جاتا تھا۔ اور غزل میں ہر شخص اسی کی پیروی کرنا چاہتا تھا۔ امیر حسن تو درکنار امیر خسرو سے باکمال شخص فرماتے ہیں ؎

خسرو سرمست اندر ساغرِ معنی بریخت
"شیرہ از خمخانۂ مستی کہ در شیراز بود

امیر حسن نے تو شیخ کے اتباع کو اس حد تک پہنچا دیا تھا کہ انہیں ان کے معاصر "سعدی ہند" کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ وہ خود بھی جابجا اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

در خم معنی حسن را شیرۂ نوریخت عشق
"شیرہ از خمخانۂ مستی کہ در شیراز بود[1]

از نظم حسن نوشد دیباچۂ عشق آرے
جلد سخنش دارد شیرازۂ شیرازی

حسن گلے ز گلستان سعدی آوردہ ست کہ اہلِ معنی گلچین آں گلستان است

گر بنوشی دردے از خم خانۂ دردِ اے حسن
داد معنی از مے سعدی شیرازی دہی

امیر حسن کے کلام کے متعلق ان کے معاصرین اور متاخرین نے جو رائے قائم کی ہے اور خود ان کا جو دعویٰ ہے پہلے اسے سُن لیجئے اس کے بعد ان کا کلام ملاحظہ فرما کر خود جو رائے قائم ہو سکتی ہو قایم فرمائیے۔

---

[1] یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اخیر مصرع درحقیقت امیر خسرو کا ہے یا امیر حسن کا یہی حال اس شعر کا ہے ؎
ہر قوم راست راہے، دینے و قبلہ گاہے ؎ ما قبلہ راست کردیم بر سمت کج کلاہے

(۱) امیر خسرو جو امیر حسن کے دوست اور معاصر ہیں ایک غزل کے مقطع میں فرماتے ہیں ؎

خسروا شعر تو اسرار حدیث است مگر
کز سخنہائے تو ام بوئے حسن می آید

اگر یہ کنایہ فی الحقیقت امیر حسن کی طرف ہے تو اس سے امیر خسرو کی اس رائے کا اندازہ ہوتا ہے جو وہ امیر حسن کے کلام کے متعلق رکھتے تھے۔

(۲) ان کے دوسرے معاصرین مولانا ضیاء الدین برنی اور امیر خورد ان کے کلام کے متعلق جو کچھ رائے رکھتے ہیں وہ اقتباسات نشان ۱ و ۲ سے ظاہر ہے مولانا فرماتے ہیں کہ ان کی نظم و نثر صحت ترکیب اور روانی سخن میں بے مثل ہے اور چونکہ ان کی غزلیں وجدانی اور رواں ہوتی ہیں اسلیے وہ سعدی ہندوستان کہلاتے ہیں ان کی جگر سوز غزلیں عاشقوں کے دلوں کے چقماق سے محبت کی آگ نکالتی ہیں اور ان کے دلپذیر اشعار سے سخنوروں کے دل راحت پاتے ہیں۔ اور ان کے روح افزا لطائف سے اہلِ ذوق لطف اٹھاتے ہیں ان کے کلام میں سعدی کے کلام کی چاشنی پائی جاتی ہے۔

(۳) دولت شاہ سمرقندی اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ "حسن کا دیوان اس زمانہ (نویں صدی ہجری) میں عزیز و مکرم ہے اور جو لوگ سخن شناس ہیں انہیں خواجہ موصوف کے کلام کے ساتھ حسن اعتقاد اور بیحد التفات ہے۔ چونکہ ان کا کلام خواص و عوام میں بہت مشہور اور معروف ہے اس لیے صرف ایک غزل لکھی جاتی ہے ؎

ساقیا مے دہ کہ ابرے خاست از خاور سپید — سرو را سر سبز شد صد برگ را چادر سپید الخ

اکثر فضلاء نے اس غزل کا جواب لکھا ہے مگر کسی کی غزل ان کی غزل کو نہیں پہنچتی"۔

(۴) مولانا عبدالرحمن جامی بہارستان میں لکھتے ہیں کہ خواجہ حسن نے غزل گوئی میں ایک خاص طرز اختیار کیا تھا۔ اکثر تنگ قافیوں اور غیر معمولی ردیفوں میں شعر کہتے تھے ان کا کلام اگرچہ بظاہر آسان معلوم ہوتا ہے مگر ایسا کلام کہنا سخت دشوار ہوتا ہے اسی وجہ سے ان کے اشعار سہل ممتنع کہے جاتے ہیں۔

(۵) ملک الشعرا فیضی کا قول تھا کہ" امیر حسن آنے دارد کہ عاشق آں تواند شد اگرچہ امیر خسرو یوسف زمان بود" ایک فخریہ قطعہ میں لکھتے ہیں۔

وگر از علم من سخن طلبی — بر زبانم جہاں جہاں سخن است

وگر از پیر من نظر جوئی — روح فیاض خسرو حسن است

(۶) ہلالی ایک غزل کے مطلع میں لکھتے ہیں۔

ہلالی از کمال شعر دارد منصب شاہی

کہ سوز خسرو ست و ناز کیہائے حسن با او

(۷) مولانا شبلی مرحوم شعر العجم میں تحریر فرماتے ہیں کہ حسن کا صنف غزل پر خاص احسان ہے۔ ان کے اشعار سے یہ اندازہ ہوسکتا ہے کہ جو سوز و گداز، اور جذبہ و اثر ان کے کلام میں موجود ہے۔ وہ ان کے کشتۂ محبت (امیر خسرو) میں بھی نہیں۔ خود اپنے کلام کے متعلق جو خیالات انھوں نے جابجا ظاہر کیے ہیں گو وہ شاعرانہ انداز اور تعلی کے پیرایہ میں ہوں مگر قابلِ لحاظ ہیں اور ان سے ایک حد تک خود ان کی رائے کا پتا چلتا ہے ؎

پر شد ز گل نظمم ہم مشرق و ہم مغرب — تو بوئے نمی یابی آخر چہ زکامست ایں

بر نظمِ حسن دیدم شہرے شدہ دیوانہ زیرا کہ نمی یابند ایں طرز بہ دیوانہا

ایں طرز شیوہ حسن است ورنہ پیش زیں چندیں شکر بعرصہ ہندوستاں نہ بود

بحسن نظم حسن یک زباں شدند ہمہ منش ہمے نہ ستایم بیک زباں تنہا

ہندوے چرخ زہر داد مرا ہمہ ہندوستاں پر از شکرم

ہاں اے حسن از عالم تلخی چہ کشی چندیں از گفتہ شیرینت بارے شکر ارزاں شد

خاست بعہد تو حسن از دو جہاں یگانہ ہم بدیہہ تر سخن ہم بدیع درفشاں

اپنی غزل کی برتری سے خوب واقف ہیں۔

ع شعر حسن شعر متیں، خاصہ غزل سحر مبیں

آں بلبلم کہ شہر پر آوازہ منست کز اوج کنگر فلک آواز میکنم

مست سماع قول من آند اہل ایں دیار اینک ہماں طریق غزل ساز میکنم

اے حسن بر آستین نظم خود نو کن طراز خاصہ ایں ساعت کہ طرز خاص پیدا کردہ

روز قیامت از حسن ہیچو شمار ہر کسے عرض سخنوراں شود در صف شاں علم توئی

حسن را در ہمہ حال آفریں گو — کہ گرد اندر سخن سحر آفرینی

تو بحسن ختم کن خاتم گویائے خود — زانکہ بر او میشود ختم سخن گستری

ان کی زندگی ہی میں ان کا کلام اس قدر مقبول ہو گیا تھا کہ کہا جاتا ہے کہ حضرت سلطان المشایخ حالت ذوق وشوق میں قوالوں سے فرمائش کر کے امیر حسن کی غزلیں سنتے تھے۔ امیر خورد اپنی کتاب سیر الاولیا میں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ امیر خسرو نے غیاث پورہ میں میرے والد کے مکان میں ایک دعوت کی جس میں حضرت سلطان المشایخ اور شہر کے دوسرے مشایخ عظام شریک تھے۔ بہلول قوال نے امیر حسن کی یہ غزل گائی۔

زہے ترکے کہ از خمہائے ابرو — کماں پیدا کند پنہاں زند تیر
بگوش مدعی کے جائے گیرد — مزامیرے کہ ہست اندر مزامیر

اس کے بعد امیر خسرو اپنی ایک غزل گانے کے لیے بیٹھے گر مطلع پڑھکر بند ہو گئے اور سعدی علیہ الرحمہ کی یہ غزل شروع کی ؎

معلمت ہمہ شوخی و دلبری آموخت
جفا و ناز و عتاب و ستمگری آموخت

لوگوں نے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ ہے کہ جب آپ اپنی غزل شروع کرتے ہیں تو ایک یا دو شعر پڑھکر بند ہو جاتے ہیں۔ فرمایا کہ معنی کا اس قدر ہجوم ہوتا ہے کہ میں حیران ہو کر رہجاتا ہوں۔ اور آگے نہیں چل سکتا۔ امیر حسن کا دیوان ان کی زندگی ہی میں شایع ہو گیا تھا۔ اور وہ اس قدر و قعت کی نظر سے دیکھا جاتا

تھا کہ لوگ اسے سبقاً سبقاً استادوں سے پڑھتے تھے۔ چنانچہ امیر خورد اپنی نسبت لکھتے ہیں کہ انھوں نے حسن کا دیوان قاضی شرف الدین نامی ایک بزرگ سے پڑھا تھا ایک شاعر کی زندگی میں اس کے کلام کی اس قدر وقعت ایک بڑی کامیابی ہے اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ حسن کے مخالف اور معاندنہ تھے۔ کوئی زمانہ ایسے لوگوں سے خالی نہیں رہا ہے۔ امیر حسن کی نظموں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں بھی کچھ فرومایہ لوگ ایسے موجود تھے جو دوسروں کا کلام اپنی طرف منسوب کر کے حسن کا مقابلہ اور ان کے کلام پر اعتراض کرتے تھے۔ جن کے متعلق فرماتے تھے۔

از سخن دزدی نیار د شد کسے صاحب سخن ۔۔۔ دیو گر انگشتری دزدد سلیماں کے شود

از فضول حاسداں فضل حسن مخفی نماند ۔۔۔ آفتاب اندر پر خفاش پنہاں کے شود

شعراء کے کلام کی تنقید کا آج کل یہ طریقہ عام طور سے رائج ہو گیا ہے کہ اس کا منتخب کلام پیش کر کے ایک رائے قایم کرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ طریقہ بالکل اطمینان کے قابل نہیں متصور ہو سکتا۔ کیونکہ کوئی شاعر دنیا میں ایسا نہیں جس کے کلام میں بلند اور پست نہ ہو۔ اس لیے اگر ناقد چاہے تو اسکا بلند اور منتخب کلام پیش کر کے اُسے فن کی اعلیٰ کرسی پر بٹھا سکتا ہے اور اگر وہ چاہے تو اس کے سرسری اور پست اشعار سامنے لا کر اُسے کمال کی کُرسی سے کئی درجے نیچے لا سکتا ہے۔ کسی شاعر کے حسن و قبح اور کمال بیر کمال کا اندازہ کرنے کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اس کا کلام بغور پڑھا اور جانچا جائے یہ عذر کہ اس زمانہ میں روز افزوں مشاغل اور تمدنی کاروبار سے کسے اتنی فرصت ہے کہ وہ کل کلام کو رائے قایم کرنے کے لیے پڑھے ہمارے

نزدیک قابلِ قبول نہیں ہو سکتا جسمیں اتنی فرصت یا قابلیت نہ ہو اسے، بقول ہمارے ایک دوست کے، مطلق یہ حق نہیں ہے کہ وہ کوئی رائے قائم کرے۔

امیر حسن کے کلام کو سرسری طور سے بھی دیکھیے تو مفصلۂ ذیل خصوصیات صاف طور سے نظر آتے ہیں۔

(۱) ان کی غزلوں میں درد، سوز و گداز، اور جذبات پوری طور سے موجود ہیں جو غزل کی جان ہیں۔

(۲) ان کی زبان شیریں، رواں، نرم اور لطیف ہے۔ ان کی ہر غزل میں ایک آدھ شعر تیر ہوتا ہے جو دل سے نکلتا ہے اور دل ہی میں جا کر بیٹھتا ہے۔

(۳) مضامین صاف، ترکیبیں سلجھی ہوئی ہوتی ہیں۔ مضامین کے لیے زبان اور محاورہ میں فرق نہیں آنے دیتے۔

(۴) باوجود صوفی ہونے کے ان کے کلام میں صوفیانہ رنگ کم اور عاشقانہ رنگ غالب ہے، جو اُس زمانہ کی خصوصیت ہے۔ اس زمانہ میں صوفیائے کرام جو "ہمہ اوست" کے قائل تھے وہ بھی اس مسئلہ کے علانیہ اظہار سے اجتناب کرتے تھے۔ اور یہی وہ مادہ ہے جس سے بشیتر شعر پر تصوف کا رنگ چڑھتا اور چمکتا ہے۔

(۵) اکثر غزلوں میں صرف قوافی پر اکتفا کرتے ہیں اور ردیف کا سہارا نہیں لیتے اور باوجود اس کے غزل سنبھال لیجاتے ہیں جو ان کے کمال قادر الکلامی کی دلیل ہے۔

(۶) اکثر مشکل اور تنگ قافیے اختیار کرتے ہیں اور متداولہ بحر، ردیف اور قافیوں سے بچتے ہیں۔ ان کے دیوان میں ایسی غزلیں کم ہیں جو متقدمین یا معاصرین کی غزلوں کی بحور اور قوافی میں ہوں۔

(۷) مختصر گوئی میں انہیں خاص ملکہ ہے شعر میں ایک لفظ ایسا لے آتے ہیں جو پورے ایک جملہ کے مساوی ہوتا ہے۔ ذیل کے اشعار ملاحظہ ہوں۔

زاشکِ حسن، حسن را تا لب رسید طوفاں
اے دستگیر عاشق دستے بگیر ورنہ (در سیلاب اشک غرق میشوم و میمیرم)

با حسن گفتی چرا عاشق شدی
صد جوابست ایں سوالت را ولے (از راہِ ادب جواب گفتن نمی توانم)

عقل گوید از چہ دیدی روئے گندم گونِ او
آدم آنجا ہا بلغزیدہ است، مسکیں آدمی (آدمی بیچارہ را چہ یارا کہ نلغزد)

مرد نئی تا ہمہ دل خوں نئی
لاف محبت چہ زنی چوں نئی (مرد ہمہ دل خون نئی)

بسیار خطا کردی، باز آ، ے حسن اکنوں
روئے بزمیں آور، درویشی درویشاں (بطفیل درویشی درویشاں)

اسی طرح کے بیسیوں اشعار ہیں۔

(۸) نرد اور شطرنج کے اصطلاحات بکثرت استعمال کرتے ہیں جیسے

تخت شاہیست کہ بر فیل نہد فرزیں بند
رُخ دریں عرصۂ منہ بیدق ایں شاہ نہ

شاہ انجم بر بساطِ آسماں
خانہ خانہ از رخت بگریختہ

پیل بند عشق شد برعرصۂ دل استوار شاہ رُخ بنما کہ ماتست از غزائے شاہ شاہ

نرد عشقت پاک می بازم ولے ترسم از انکہ کعبتین چشم غلطانی مرا بازی دہی۔ وغیرہا

بعض غزلیں از سرتاپا شطرنج کے اصطلاحات سے مملو ہیں۔ دیکھو غزل ۱۲۲ صفحہ ۲۵۶

(۹) بعض غزلوں میں ایک خاص لفظ کا التزام کر لیتے ہیں اور کل غزل اسی التزام کے ساتھ تمام کرتے ہیں دیکھو غزل ۸۹، صفحہ ۳۸۷۔ جس میں لفظ "شتر" کا التزام کیا ہے۔ بعض حضرات نے شتر اور حجرہ اور بعض نے شتر اور مو کا التزام کیا ہے انہیں کی سنت ادا فرمائی ہے۔

(۱۰) اپنے معاصرین سے زیادہ ایسی ترکیبیں اور الفاظ استعمال کرتے ہیں جو اِس زمانہ میں متروک ہیں۔ مثلاً

گفتی چو حسن بر من چوں شاد نمی آئی من غمزدۂ عشقم چوں شاد نمی آیم

"چوں" بمعنی "زیں" کے استعمال ہوا ہے۔

نزد تو آورد حسن قصۂ عجز و بیکسی تو بکمال مرحمت بیکس و عاجزش ممان

"ممان" بمعنی "مگزار"

ال سرو رواں گشت ہمی نالم از ایرا چوں بلبل ازاں سرو رواں دور شدم باز

"از ایرا" = ازیں جہت یا بدیں سبب

عشقت رسید و ملک دل بگرفت شاہنشاہ شد عقلم فضولی می نمود از شغل یکسوں کردمش

"یکسوں" بجائے "یکسو" کے یا "ہر ہمہ" بجائے "ہمہ" یا "جزکہ" بجائے "جز" یا "فرمودگی" بجائے "پسندیدہ" کے۔ ان کے کلام میں ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جنہیں بلحاظ طوالت ہم یہاں درج نہیں کر سکتے۔

(۱۱) لفظی رعایتوں کا ضرورت سے زیادہ خیال کرتے ہیں جس سے اکثر حالتوں میں شعر اپنے پایہ سے گر جاتا ہے۔

گفتم ز باغ وصل تو بوئے بمن رسد آواز از درنو بر آمد کہ بار نیست
مرا با خاتم ہمت فلک فیروزہ آمد بداں فیروزہ درصف صفا پیوستہ فیروزم
بکشائے رُخ فرخ و درج دہن تنگ مُہرے بغریباں کن و مُہرے بگدا بخش
تو بہر وصال گل زنی پر ما زیر پر فراق بالیم
صبر از برم بجست چو آہو بصید گاہ آں شہسوار سخت کماں را خبر کنید

رعایت لفظی کی مثالوں سے ان کا دیوان بھرا پڑا ہے۔ انتہا یہ ہے کہ الفاظ کے تلفظ سے جو رعایت پیدا ہوتی ہے اس سے بھی کام لے لیتے ہیں۔ ع

کو پیک تا پیامے از ما بگل رساند کاندر غم عزیزاں تا چند خوار بودن

(۱۲) ان کے قصائد کو بجز دو ایک قصائد کے قصیدہ کہنا ہی صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ قصائد کے جو حدود اساتذہ قدیم مقرر کر گئے تھے اور جو شان و شوکت اور طمطراق ان کے لیے ضرور ہے اس سے ان کے قصائد بالکل معرا ہیں۔ بعینہٖ یہ معلوم ہوتا ہے کہ غزلوں میں چند اشعار ممدوح کی تعریف میں بڑھا دیے گئے ہیں اور عجب نہیں کہ ایسا ہی ہوا ہو۔

(۱۳) مثنویاں جس قدر ہیں صاف اور قصائد سے زیادہ تر چست ہیں۔

(۱۴) قطعات اور رباعیات اول تو بہت کم ہیں اور جو ہیں اُن میں کوئی خاص بات قابلِ لحاظ نہیں نظر آتی۔

کاپیاں اور پروف دیکھنے میں ہمیں اُن کے جو اشعار پسند آئے انہیں

ہم لکھتے گئے تھے جو نذر ناظرین کیے جاتے رہیں۔

منتخب اشعار

دل شد و صبر است پا اندر رکاب — رو کہ سلطاں رفت و لشکر میرود

گفتی کہ چرا جدائی از من — ایں از فلک است از حسن نیست

گفتی کہ بخواب اندر مہمان شومت یک شب — اما تو کجا آئی چوں خواب نمی آید

در عرصات ہمچنیں روئے کشادہ اندر آئے — تا بدعا بدل شود دعوئ داد خواہ تو

از حسن ایں چہ سوالست کہ محبوب تو کیست — ایں سخن را چہ جوابست تو ہم میدانی

خلق گویند دل از صبر بجا آور باز — اے دل از صبر نشانے دہ اگر جائے ہست

باز ایں دلم بسوئے دل آرام می رود — از دام جستہ باز سوئے دام میرود

طرفہ سر و کاریست کہ با وعدۂ معشوق — صابر نتواں بود و تقاضا نتواں کرد

دو سہ بار با تو گفتم کہ مرا بہ ہیچ لبتاں — نہ شد اتفاق، شاید کہ بایں بہا گرانم

تلخ کردم جہانیاں را خواب — زاں دعاہا کہ مستجاب نہ بود

اے حسن یار اگر خطائے کرد — ہم شکایت از او صواب نہ بود

گفتی کہ چرا حال دل خویش نگوئی — من خود کنم آغاز بپایاں کہ رساند

صبر من بیگانہ تر شد چوں تو برگشتی ز من — آشنا ہر گہ کہ برگردد چہ غم بیگانہ را

زلف از رویت نمی گردد جدا — کافراں را نیست از آتش نجات

یارب منجے برساں تا بپرسمش — کاں آفتاب شب روم از آسمان کیست

زلف تو شفیع محشرم باد — ہر چند کہ نامہ ام سیاہ است

یار یاری کند اگر خواہد — قصۂ من ہنوز بُراگر است
سنگ بر روئے خود زن آتشے در رخت خویش — اے حسن ایں سنت دیوانگان عاقل است
دوش چشم ہمہ کس در رہ تو حیراں بود — چاشنئ خمِ ابروئے کسے باوے ہست
آب مژہ ما گزراں شد ز سر ما — نیکو مثل است اینکہ ہم از ماست کہ بر ماست
مرا بزور گرفتی برحمت بگزار — کہ پادشاہ بسے صید را گرفت و گزاشت
یار آوارگی ہمی خواہد — رفتن حج بہانہ افتادہ است
ما گناہے نکردہ ایم و لے — خوئے بد را بہانہ بسیار است
دلم ربودی و ننواختی ہزار افسوس — چنانکہ دلبریت ہست دلنوازی نیست
روزم تو بر فروز شبم را تو نور بخش — ایں کار تست کار مہ و آفتاب نیست
جاں پیش کشم چو تو در آئی — در خلوت دوست جاں نگنجد
ہر چہ بغمزہ میکشی زندہ ہمی کنی بلب — چشم تو جور میکند لعل تو داد میدہد
حسن دعاے تو گر مستجاب نیست مرنج — ترا زبان دگر و دل دگر دعا چہ کند
مصلحت نیست کہ پندم دہی اے خواجہ حکیم — ہر کسے مصلحت خویش نکو میداند
فراق روئے تو بسیار شد چہ چارہ کنم — مگر لباس حیاتے کہ ہست پارہ کنم
گرفتم اینکہ بہ بندم زباں ز نالیدن — تپیدن دلِ بیچارہ را چہ چارہ کنم
بہ شمشاد گفتم جوانی مکن — کہ ما نیز روزے جوان بودہ ایم
دل نہادیم بہ ہر حکم کہ از تقدیر است — ترک تدبیر پسندیدہ ترین تدبیر است
اینست بزرگ نعمتی صبر بحالت بلا — دام بلا قبول کن چوں زدۂ دم ولا
واللہ ار تیر زنی بر جگرم ہر بارے — از جگر بر کشم و باز بدست تو دہم

اے حسن گر دل تو بشکند از لشکر غم
عشق را مژدہ نصرت ز شکست تو دہم

گردیدن خود حرام داری
ما کشتن خود حلال داریم

مجنوں لباس عقل و دیں در عشق لیلےٰ چاک زد
پند پدر مانع نشد رسوائے مادر زاد را

عمرے حسن ملازم اصحاب درد بود
بسیار خواستہ کہ ز ایشاں شود نشد

بر دل یار حسن بود فراموش گشتہ
ایں غزل خواندہ شد آں نادرہ گو یاد آمد

گفتی حسن چرا نہ کنی توبہ از شراب
واللہ کہ توبہ کردم و مستی نمی رود

مرد نئی تا ہمہ دل خوں نئی
لاف محبت چہ زنی چوں نئی

چوں شود حالم دریں سیلاب غم
ہم شتر غلطید ہم رخت اوفتاد

گرت روم بفدا عمر دوستاں تو باد
ہزار جان گرامی فدائے جان تو باد

خوں شد دل دیوانہ ام زلفت ببازی ہمچناں
آخر رسید افسانہ ام شب را درازی ہمچناں

بازم ایں ساعت ازاں روئے نکو یاد آمد
گل بخندید و مرا خندہ او یاد آمد

با رُخ خوے کردہ بر بام آمدی
چوں گلِ نو خاستہ باراں زدہ

شحنۂ عشقت چہ خواہد از دلم
خیمۂ اندر دہِ ویراں زدہ

مدعی گر نشد از شوق در آتش چہ کند
ہیزم او ہمہ تر بود کجا در گیرد

رفتن باد صبا، آمدن گل چہ کنم
من ترا دانم ازیں ہا بسے آیند و روند

طبیب علم ندارد ز درد ضربت عشق
چہ سود مند بود شربتے کہ او فرمود

تا چند حسن عشق، شراب و غم شاہد
باز آ کہ ز پیراں نہ پسندند جوانی

ہجر تو علامت قیامت
وصل تو لطیفۂ خدائی

داری تو زخم تیغ رواں، ما سرشک خوں | روزے میان ما و تو ایں ماجرا رود
روز غم تو مرمرا از ار شکست گو شکن | من ز شکستگی خوشم گر تو شکستہ پروری

قبل ازیں بیان ہو چکا ہے کہ امیر حسن سعدی علیہ الرحمہ کے اتباع پر فخر کرتے رہے ہیں۔ اس امر کے جانچنے کے لیے کہ انھیں اس اتباع میں کہاں تک کامیابی ہوئی ہم ان دونوں حضرات کی چند ہم طرح اور ہم قافیہ غزلیں پہلو بہ پہلو نقل کرینگے۔

سعدی	امیر حسن
۱۔ آں روئے بیں کہ حُسن بپوشیدہ ماہ را	۱۔ اے بر فراز سرو بر آوردہ ماہ را
واں دامِ زلف دانۂ خال سیاہ را	بر ماہ کج نہادہ بشوخی کلاہ را
۲۔ من سرو را قبا نشنیدم کمر کہ بست	۲۔ دل مے بری ز ما بگواہئ قد خویش
بر فرق آفتاب ندیدم کلاہ را	اے دوست راست کردہ چہ آری گواہ را
۳۔ گر صورتے چنیں بقیامت در آورند	۳۔ گویند آفتاب پرستند یک گروہ
عاشق ہزار عذر بگوید گناہ را	ما بندہ ایم آں دو رخ ہمچو ماہ را
۴۔ با دوستانِ خویش نگہ میکند چنانکہ	۴۔ اے روئے تو تمام چو مہ در ہمہ صفت
سلطاں نظر کند بہ تکبر سپاہ را	اطراف مہ رقم زدہ خط سیاہ را
۵۔ سعدی حدیث مستی و فریاد عاشقی	۵۔ بندہ حسن ز خط خوشت نسخہ کند
دیگر مکن کہ عیب بود خانقاہ را	ہر گہ کہ عرضداشت کند پادشاہ را
دیگر	
وقتے دل سودائی میرفت بہ بستانہا	۱ اے غمزۂ خونریزت تاراج بر جانہا
عیش و طرب آوردے بر لالہ و ریحانہا	کفر سر زلف تو غارتگر ایمانہا

گہ نعرہ زدے بلبل گہ جامہ دریدے گل　　بر شحنۂ عشق تو ہر روز ہمی بینم
تا یاد تو افتادم از یاد برفت آنہا　　در کشتن مسکیناں از خط تو فرمانہا
تا عہد بہ تو بستم عہد ہمہ بشکستم　　اے نرگس نورستہ ایں نوع روا داری
بعد از تو روا باشد نقض ہمہ پیمانہا　　من خستہ ہر جائے تو خفتہ بہ بستانہا
تا خار غم عشقت آویختہ در دامن　　تا روئے نہاں کردی مُہری بدہاں کردیم
کوتہ نظری باشد رفتن بہ گلستانہا　　عاشق بتو خوش باشد بلبل بہ گلستانہا
آں را کہ چنیں دردے از پائے در اندازد　　بسیار ہمی گویند از حور و قصور آوخ
باید کہ فرو شوید دست از ہمہ درمانہا　　اے آنکہ تواں داری بے تو چکنم آنہا
گر در طلبت رنجے ما را برسد شاید　　اے نقش بدیع تو آرائش ہر ایواں
چوں عشق حرم باشد سہل است بیابانہا　　در نقش تو حیرانم چوں نقش بہ ایوانہا
ہر کو نظرے دارد با یار کماں ابرو　　مانا کہ منجم را معلوم شد از اشکم
باید کہ سپر باشد پیش ہمہ پیکانہا　　کاں سال در احکامش بینم ہمہ بارانہا
گویند مگو سعدی چندیں زغم عشقش　　بر نظم حسن دیدم شہرے شدہ دیوانہ
میگویم و بعد از من گویند بدورانہا　　زیرا کہ نمی یابند ایں طرز بدیوانہا

دیگر

باد گلبوئے سحر خوش مے وزد خیز اے ندیم　　دل بہ دلبر عاقبت تسلیم کردم اے سلیم
بسکہ خواہد رفت بربالائے خاک ما نسیم　　تا بروں دادم علم از عالم امید و بیم
اے کہ در دنیا نرفتی بر صراط مستقیم　　در کلاہ ہمت درویش تا یک ترک ہست
در قیامت بر صراطت جائے تشویش است و بیم　　ترک جنت خوشترست ہر چہ در جنت نعیم

قلب روئے اندودہ نستانند در بازار حشر
خالصے باید کہ از آتش بروں آید سلیم
غیبت از بیگانہ پوشیدہ است و می بیند بصیر
فعلت از ہمسایہ پنہانست و میداند علیم
نفس پروردن خلاف رائے ہر عاقل بود
طفل خرما دوست دارد صبر فرماید حکیم
آنکہ جاں بخشید و روزی داد و چندیں لطف کرد
ہم ببخشاید چو گشتے استخواں بیند رمیم
سعدیا بسیار گفتن عمر ضایع کردن ست
وقت عذر آوردن ست استغفر اللہ العظیم

یافتم الحمد للہ ہم بجوئے عشق دوست
آنچہ در الحمد میخواندم صراط مستقیم
در گلوئے قمریاں از شوق طوقے کردہ اند
تو ہماں خط بینی و عارف نوائے یا کریم
آب خضر اندر دہن شربت چہ آری اے طبیب
آسماں زیر قدم طالع چہ بینی اے حکیم
وقت سعدی خوش کہ خوش میگفت بعد از ہر چہ گفت
وقت عذر آوردن است استغفر اللہ العظیم
زاں ندیمہا کہ میکردے پشیماں شد حسن
آرے آخر از پشیمانی بود حرف ندیم

ہم انہیں تین غزلوں پر جو ہم نے دونو حضرات کے دیوانوں سے بلا کسی خاص لحاظ کے منتخب کرلی ہیں اکتفا کرتے ہیں۔ جس قدر کلام یہاں درج ہوا ہے اس سے ظاہر ہے کہ پرداز خیال، بندش، روانی، سلاست اور سادگی میں امیر حسن شیخ کا پورے طور سے اتباع کرتے ہیں اور انہیں سعدی ہند کا جو خطاب دیا گیا ہے وہ غلط نہیں ہے، شیخ کی تقلید کہو یا زمانہ کا رنگ امیر حسن نے ہزلیات میں بھی ایک نظم لکھی ہے جو صفحہ ۴۰۹ کلیات ہذا پر درج ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مرید اور تائب ہونے سے قبل کی ہے۔ اسی طرح ہم ان کی اور اون کے دوست امیر خسرو کی بھی چار غزلیں جو اُن کے دیوانوں سے سرسری طور سے لی گئی ہیں پہلو بہ پہلو نقل کرتے ہیں تاکہ اس صنف شعر میں دونوں کے کلام کا اندازہ کیا جاسکے۔

امیر خسرو

شبہا بروز آمد بسے کز دل نہادی یاد را
جانم ز تن آمد بروں بوئے نہ دادی باد را
شد بازوئے ہجرت قوی در کشتن بیچارگاں
چنداں قصاص افزوں کند عادت شود جلاد را
ایکہ میگوئی کہ وقتے لوح صبرت باد برد
سالہا شد تا فراموش کردہ ام آں باد را
ایں ہمہ خونابہ کاشامم ہمے زیں روز زید
بہتریں روزے خلل انداز دایں بنیاد را
چند گریم چوں سیہ روئی عشقم از قضاست
آب کے شستن تواند داغ مادر زاد را
تا بسوئے گفت شیریں سست دل خارا و کوہ
کندن از ناخن چو گل چیدن بود فرہاد را
نوک مژگان تو در دل ماند خسرو را چنانکہ
در رگِ بیمار نشتر بشکند فصّاد را

امیر حسن

دی سوئے سرو لالہ رخ پیغام دادم باد را
بنوشتہ خط بندگی آں سوسنِ آزاد را
تا پیش او افتد مگر اینک ز چشم دُر فشاں
در ہا ذخیرہ میکنم از بہر پیش افتاد را
مجنوں لباس عقل و دیں در عشق لیلی چاک زد
پند پدر مانع نشد رسوائے مادر زاد را
میخواستم کز دست دل امروز فریادے کنم
گریہ گرہ شد در گلو رہ بستہ شد فریاد را
دی بعد فرض بامداد از دور دیدم روئے او
من در غزل خواندن شدم رخنہ فتاد اوراد را
ہر کس رہے دارد ولے چہ سود کز خوان ازل
بوسہ بخسرو میرسد تیشہ زدن فرہاد را
گر عمر اینست اے حسن در پائے خوباں صرف کن
چندیں چہ کہگل میزنی دیوار بے بنیاد را

دیگر

باز دل گم گشت در کویش منِ دیوانہ را
از کجا کردم نگہ آں شکل قلاشانہ را
گاہ گاہ اے باد کانجا ہات می افتد گزر

باز نو کردم ز سر عہد مے و میخانہ را
ساقیا لختی بدہ ان آفت فرزانہ را
باز مد زنجیر زلف شاہداں آویختیم

زاشنایان کہن یادے دہ آں بیگانہ را
چوں کنم بس می نیابم ایں دل دیوانہ را

عمر بگذشت و حدیث درد ما آخر نشد
یار بے واند زہر گردانی عشاق خویش

شب بآخر شد کنوں کوتہ کنم افسانہ را
شمع بہ روشن کند جانبازی پروانہ را

شعلہ گو در جاں بگیر و سینہ گو ز آتش بسوز
جاں چو جائے عشق او شد عقل را گفتم برو

شمع زینہا نیست کو رحمت کند پروانہ را
در حریم محرم او چوں کنم بیگانہ را

جاں ز نظارہ خراب و ناز او زاندازہ بیش
ماہ من از چیست کاندر کلبہ ام نائی شبے

ما بوئے مست و ساقی پر دہد پیمانہ را
یا مگر از گنج روزی نیست ایں ویرانہ را

حاجتم نبود کہ فرمائی بترک نام و ننگ
در دلم صد گونہ غوغا ئیست گر مہماں شوی

زانکہ رسوائی نیاموزد کسے دیوانہ را
از حضور ت کعبہ میسازم من ایں بتخانہ را

خسروست و سوز دل وز ذوق عالم بیخبر
دل چو رفت از تو نصیحت با کہ گوئی اے حسن

مرغ آتشخوارہ کے لذت شناسد دانہ را
مرغ چوں جست از قفس دیگر چہ ریزی دانہ را

دیگر

یارے کہ از جدائی اویم گماں نبود
امسال رونق گل تر آنچناں نبود

ماہیست بے دیم کہ شبے درمیاں نبود
بے سرو و گل بدیہہ بلبل رواں نبود

بیگانہ وار از سر ما سایہ برگرفت
گلزار بود مجلس و قول مغنیاں

مارا ز آشنائی آں ایں گماں نبود
بر قول صوفیاں ہمہ خود بود آں نبود

گل آمد و بباغ رسید ند بلبلاں
ایں کارواں گل پس صبا لے رسید لیک

واں مرغ رفتہ را ہوس آشیاں نبود
ماہے کہ در و لست دریں کارواں نبود

دامانش چوں گزاشت حق صحبت قدیم / دانستہ ام کہ از تو بہ بینم شب فراق

گیرم کہ دست ہیچ کسش در عناں نبود / آں روز رستخیز مرا در گماں نبود

جانم بجا و من نیم از زندگاں ازانکہ / لعل بتاں جواہر غیبم نثار کرد

زو بود جملہ زندگی من بجاں نبود / ورنہ مرا چنیں صدف در فشاں نبود

رفتم ببوے صحبت یاراں بسوئے باغ / مرغ ار چہ عشق نامہ خود خواند بامداد

گوئی بباغ زاں ہمہ گلہا نشاں نبود / دستانش را طراوت ایں داستاں نبود

خسرو اگر گل تو ز گلزار شد منال / ایں طرز شیوۂ حسن ست ورنہ پیش ازیں

دانی کہ ہیچگہ چمنے بے خزاں نبود / چندیں شکر بعرصۂ ہندوستاں نبود

دیگر

گرچہ از عقل و دل و دیدہ و جاں برخیزم / چیست مطلوب تو تا از سر آں برخیزم

حاش للہ کہ من از شوق فلاں برخیزم / ور بجاں حکم کنی از سر جاں برخیزم

یکزماں پیش من اے جان جہانم بنشیں / اندریں رشتہ دکانیست مرا از طاعت

تا بداں خوشدلی از جاں ز جہاں برخیزم / گر نہ سودائے تو باشد ز دکاں برخیزم

ہوسم ہست کہ پیش تو دمے بنشینم / یک جہاں طعنہ زنندم کہ نشینی بیکار

وز سر ہر چہ بگوئی پس ازاں برخیزم / گر تو دستے بدہی از دو جہاں برخیزم

مردم دیدہ مرا بہر تو در خوں بنشاند / بے تو از دنیا و عقبیٰ چو نخیزد چیزے

من برویت نگرم وز سر جاں برخیزم / تو بیا تا ہم ازیں وہم ازاں برخیزم

ناتواں گشتم ازاں گونہ کہ نتوانم خاست / سوئے گور من اگر بگذری اے سرو رواں

ور مرا دست بگیری تو رواں برخیزم / سرو تو بنگرم از دور و رواں برخیزم

از پس حشر کہ از گور بر انگیزیدم — اگر از زمزمہ عشق تو در نفخہ صور
ہم ز بہر تو بہر سو نگراں برخیزم — نیم بانگے شنوم رقص کناں برخیزم
خسروم آخر و مپسند کہ ہر دم با تو — در وے از درو بنہ بر سر من بندہ حسن
شادماں شینم و با آہ و فغاں برخیزم — تا ازیں زہد فروشی ز باں بر خیزم

ممکن ہے کہ غزل کے میداں میں امیر حسن اپنے دوست امیر خسرو کے دوش بدوش چل سکتے ہوں بلکہ بعض خصوصیات میں ان سے دو قدم آگے ہوں۔ لیکن قصاید، مثنوی اور دوسرے اصناف شعر، اور عام طباعی اور پرگوئی میں سچ یہ ہے کہ وہ امیر خسرو کو نہیں پہنچ سکتے جس کا اقرار وہ خود کرتے ہیں اور جس خوبصورتی سے یہ اقرار کرتے ہیں وہ دیکھنے کے قابل ہے۔

خسروا از رہ کرم وپذیر — انچہ من بندہ حسن می گویم
سخنم چوں سخن خسرو نیست — سخن این ست کہ من می گویم

انصاف اور محبت کا زمانہ تھا، امیر خسرو باوجود ان تمام کمالات کے جو فطرت نے ان کی ذات مجمع الصفات میں جمع کر دیے تھے، اپنے دوست امیر حسن کے کلام کی خوبیوں سے منکر نہ تھے۔ ایک غزل کے مقطع میں کہتے ہیں۔

خسروا شعر تو اسرار حدیث است مگر — کز سخنہائے تو ام بوئے حسن می آید

اگرچہ امیر خسرو کا معیار سخن اس قدر بلند تھا کہ وہ اپنے زمانہ کی شاعری کو زیادہ وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتے تھے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں۔ قطعہ

کس دریں روزگار نتواں یافت — کہ سخن با فروغ میگوید
ہر کہ گوید کہ راست میگویم — راست گویم دروغ میگوید

مہ تقریباً نصف صدی گزر جانے کے بعد پردار خیال اور طرز ادا میں جو تبدیلی ہوئی اس کے لیے ملاحظہ ہو حافظ کی غزل جو
[illegible]

امیر حسن کم گو شعراء میں ہیں جیسا کہ وہ خود کہتے ہیں ؎

رسم حسن ہمیشہ چو کم گفتن آمدہ ست — زیں بیشتر مجال نداد ایں قصیدہ را

ان کے اس دیباچہ سے جو انڈیا آفس کے نسخہ میں خود ان کا لکھا ہوا ہے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے تیرہ سال کی عمر سے شعر کہنا شروع کیا اور پچاس برس تک نظم اور نثر لکھتے رہے (۶۳) سال کی عمر تک جو کچھ انہوں نے کہا اور قابل اشاعت سمجھا وہ ۷۱۵ھ میں بمقام دہلی شایع کیا جس میں دس ہزار ابیات بتائے جاتے ہیں یہ کلیات ان کے انتقال سے ۲۳ سال قبل کا ہے۔ اس ۲۳ سال کی مدت میں انہوں نے جو کچھ کہا اس کی نسبت یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ وہ مروجہ اور موجودہ دیوانوں میں ہے یا نہیں اور اگر ہے تو کس قدر ہے۔ اس کا پتا اسی وقت چل سکتا ہے جبکہ انڈیا آفس کے نسخہ کا مقابلہ موجودہ دیوانوں سے کیا جائے ظاہری قیاس یہ ہے کہ آخر زمانہ میں انہوں نے جو کچھ کہا اس نے موجودہ دیوانوں میں بہت کم جگہ پائی۔ یہ مسلم ہے کہ حضرت سلطان المشائخ علیہ الرحمہ اور امیر خسرو کا انتقال ان کی زندگی میں ہوا مگر حضرت سلطان المشائخ اور امیر خسرو کا کوئی مرثیہ یا نوحہ ان کے موجودہ دیوانوں میں نہیں پایا جاتا، جس سے قیاس مذکورۂ بالا کی ایک درجہ تک تائید ہوتی ہے۔

امیر حسن نے اپنے اشعار میں جن کا ذکر کیا ہے وہ حسان، خاقانی، رشید وطواط، سعدی، خسرو اور حسینی ہیں۔ موخرالذکر حضرات کے سوائے، جن کا ہم کوئی پتا نہ چلا سکے باقی حضرات طبقہ شعرائے عرب و عجم کے مشہور اور معروف ارکان ہیں۔

اودھ کے شاہی کتب خانہ کے نسخہ میں غزلوں کے (۵۳۳۰) اور قصائد

کے (۴۹۰) اور رباعیات کے (۲۰۷) جملہ (۶۰۲۷) ابیات بتائے گئے ہیں۔ شاد ایڈیشن یعنی نسخۂ ہذا میں غزلوں کے (۵۴۱۹) اور قصائد کے (۲۱۲۶) رباعیات کے (۴۵۸) اور مثنویات کے تقریباً ۱۴۰۰ ابیات ہیں۔

شمالی ہندوستان کا حال ہمیں معلوم نہیں مگر حیدرآباد میں جتنی غزلیں عام طور سے حسن کے نام سے قوالی میں گائی جاتی ہیں اور جنھیں حضرات صوفیہ امیر حسن کے انتساب کی بناء پر بڑے ذوق وشوق سے سنتے اور وجد کرتے ہیں وہ امیر حسن کی نہیں بلکہ منشی غلام حسین صاحب نامی ایک صاحب کی ہیں جو حسن تخلص کرتے تھے۔ اور ملتان کے رہنے والے تھے" ان کا دیوان ۱۳۰۴ھ ہجری میں سراج المطابع جہلم میں طبع ہوا تھا۔ منشی غلام حسین مرحوم صوفی منش، مستعد اور صحیح المذاق شاعر معلوم ہوتے ہیں۔ عراقی کی ایک مشہور غزل ہے جس کا مطلع اور مقطع یہ ہے:

شراب عشق کاندر جام کردند ز چشم مست ساقی وام کردند
چو راز خویشتن کردند خود فاش عراقی را چرا بدنام کردند

اگرچہ وہ عراقی کے دیوان مطبوعہ مطبع نولکشور میں نہیں پائی جاتی۔ اسی پر امیر حسن اور منشی غلام حسین مرحوم نے غزلیں لکھی ہیں جو ذیل میں درج کیجاتی ہیں۔

غزل امیر حسن

بتاں کز زلف مشکیں دام کردند جہانے زیر ہر مو رام کردند
بتقوی نام نیکو بردہ بودم نکورویاں مرا بدنام کردند
بہشتے گشت صحن خانہ امروز مگر ایشاں گذر بربام کردند
من از اخلاص میخواندم دعائے وزاں سوختم بر دشنام کردند

غم نوشیں لباں زاں تشنگاں پرس | کہ دریاہائے خوں آشام کروند
ملایک دیگے اندر طعن ایشاں | بر آورند لیکن خام کردند
حسن را جامۂ جاں چاک ازاں شد | کہ دُردِ دردش اندر کام کردند

غزل منشی غلام حسین مرحوم

شراب درد کاندر جام کردند | نصیب عاشق بدنام کردند
گرہ کز طرۂ لیلےٰ کشادند | دل مجنوں اسیر دام کردند
قضا روزیکہ نقش دار بربست | سوئے منصور زاں پیغام کردند
قد رعنائے آں سرو دلآرائے | قیامت بود قامت نام کردند
ثنائے زلف و رخسار تو ایماہ | ملایک ورد صبح و شام کردند
ہلال عید میجستم کہ ناگاہ | اشارت بر لب آں بام کردند
حسن آہ و فغان و گریہ و سوز | زعشقم ایں ہمہ انعام کردند

یہی حال اس غزل کا ہے جس کا مطلع اور مقطع یہ ہے۔

دل کند سجدہ بایں طرز خرامیدن تو | دیدہ صد شکر بجا آرد ازیں دیدن تو
اے حسن بوسہ بپایش زدنت بے ادبی ست | پائے نازک نشود رنجہ ز بوسیدن تو

جس طرح ضیائے آفتاب میں ستاروں کی روشنی ماند پڑ جاتی ہے اسی طرح نام آور شاعروں کے سامنے گم نام شاعر چند روز میں بے پتا ہو جاتے ہیں۔ اگرچہ منشی غلام حسین مرحوم و مغفور شاعری کے آسمان پر ایک روشن ستارے کیطرح چمکنے کے مستحق تھے۔ مگر امیر حسن کی نام آوری کے آفتاب نے انہیں چمکنے نہ دیا اور جو کچھ ان کی بضاعت بازار شہرت میں آئی وہ سب امیر حسن کے نام سے

بکی - بعینہٖ یہی حال ان لوگوں کے کلام کا ہوا جنھوں نے سعدی اور حافظ سے مشہور استادوں کے تخلصوں پر دست درازی کی تھی -

امیر حسن کی تالیفات و تصنیفات | کلیات کے علاوہ جو غزلیات قصائد اور مثنویات پر مشتمل ہے ان کی سب سے زیادہ مشہور اور معروف تصنیف "فوائد الفواد" ہے - اس کا آغاز شعبان ۷۰۷ھ سے ہوتا ہے اور شعبان ۷۲۲ھ کو ختم ہوتی ہے اس پندرہ سال کی مدت میں جتنی مرتبہ مؤلف کو حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں حاضری کا اتفاق ہوا اور اس بابرکت صحبت میں جو گفت و شنید ہوئی اسے مختصر اور مؤثر طریقہ سے قلمبند کرتے گئے ہیں عبارت صاف اور رواں ہے اور جو روایتیں اور حکایتیں حضرت سلطان المشائخ کی زبانی لکھی ہیں وہ دلچسپ اور نتیجہ خیز ہیں - ان کی یہی تالیف ہے جس کی نسبت امیر خسرو فرماتے تھے کہ کاش میری تمام کتابیں میرے بھائی حسن کے نام ہوتیں اور ان کی یہ تالیف میرے نام ہوتی - اس میں شک نہیں کہ اس کہنے کی وجہ بقول مولانا شاہ عبدالحق کے وہ ارادت اور محبت تھی جو امیر خسرو کو اپنے پیر حضرت محبوب الٰہی سے تھی - ورنہ امیر خسرو کی مجموعی تصنیفات کے مقابلہ میں "فوائد الفواد" کو کیا وزن ہو سکتا ہے - حضرت سلطان المشائخ کے دو ملفوظات افضل الفواید اور راحت المحبین امیر خسرو کی طرف منسوب ہیں - صاحب سیر الاولیاء کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر خسرو اور امیر حسن کے علاوہ بعض دوسرے حضرات مثلاً خواجہ محمد مولانا بدرالدین اسحاق کے فرزند نے جو حضرت فریدالدین گنج شکر علیہ الرحمہ کے نواسوں میں تھے اور خواجہ عزیز الدین صوفی نے

بھی حضرت سلطان المشائخ کے ملفوظات جمع کیے تھے جو علی الترتیب انوار المجالس اور تحفۃ الابرار و کرامت الاخیار کے نام سے موسوم تھے، لیکن جو شہرت اور قبولیت فوائد الفواد کو ہوئی وہ ملفوظات میں سے کسی ملفوظ کو نصیب نہیں ہوئی۔ فوائد الفواد کی تالیف کا زمانہ سخت سیاسی ہنگاموں اور عظیم الشان ملکی تغیرات کا زمانہ تھا۔ اسی عرض مدت میں سلطان علاء الدین خلجی نے اپنے بیٹے خضر خاں کو ولیعہدی سے معزول کیا۔ سلطان علاء الدین کا انتقال ہوا، ملک کافور نے جسے علاء الدین نے سیاہ وسفید کا مالک کر رکھا تھا، علاء الدین کے پنج سالہ بیٹے شہاب الدین عمر کو بادشاہ بنایا اور اس کے بڑے بھائیوں خضر خاں اور شادی خاں کی آنکھیں نکلوالیں۔ ملک کافور مارا گیا۔ قطب الدین مبارک شاہ بادشاہ ہوا۔ خسرو خاں کافر نعمت نے اسے قتل کیا اور خود بادشاہ بنا۔ غیاث الدین تغلق نے اس کافر نعمت بروار بچہ کو مار کر سلطنت حاصل کی۔ یہ سب ہنگامے اور شورشیں ہوتی رہیں مگر حضرت سلطان المشائخ کے دائرہ صحبت میں نہ اسکا ذکر ہے اور نہ فکر۔ یہ جماعت اپنے ذوق وشوق اور ذکر وشغل میں ایسی محو ہے کہ یہی نہیں معلوم ہوتا کہ وہ اس عہد اور دنیا میں ہے جس میں یہ تہلکے مچے ہوئے ہیں۔ تمام فوائد الفواد پڑھ جائیے کہیں ان واقعات کا کنایۃً یا اشارۃً بھی ذکر نہیں ملیگا جو کمال یکسوئی کی دلیل ہے۔

"فوائد الفواد" تصوف کے دلچسپ نکات اور حکایات اور حضرت سلطان المشائخ کے برگزیدہ اقوال کا بہترین مجموعہ ہے۔ اس مجموعہ سے علاوہ سلطان المشائخ کے حالات بابرکات کے خود امیر حسن کے حالات پر بھی ایک گونہ روشنی پڑتی ہے،

۲۸ر رمضان المبارک شنبہ کی صحبت میں لکھتے ہیں کہ آج دولتِ پابوس حاصل ہوئی۔ خواجہ ذکر اللہ بالخیر حسب عادت کوٹھے پر تشریف فرما تھے۔ دروازہ کے پاس سیڑھی تھی جب میں زمین بوس ہوا ارشاد ہوا کہ وہیں بیٹھ جاؤ۔ میں بیٹھ گیا۔ دروازہ کا ایک پٹ ہر بار ہوا سے بند ہو جاتا تھا۔ میں نے اس پٹ کو ایک ہاتھ سے مضبوط پکڑ لیا تاکہ بند نہ ہونے پائے۔ تھوڑی دیر کے بعد میری طرف دیکھا کہ میں پٹ پکڑے بیٹھا ہوں ارشاد ہوا کہ پٹ کیوں نہیں چھوڑتے میں نے سر زمین پر رکھ کر عرض کیا کہ میں نے یہ دروازہ پکڑا ہے۔ متبسم ہو کر فرمایا کہ تم نے یہ دروازہ پکڑا ہے اور مضبوط پکڑا ہے' شیخ بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ "ہر درے وہر سرے می باشید یک در گیرید ومحکم گیرید" بعد ازاں ارشاد ہوا کہ ایک دیوانہ صبح کے وقت ایک دروازہ پر کھڑا تھا دروازہ کھلا اور اس میں سے بہت سے آدمی نکلے ایک داہنے طرف دوسرا بائیں طرف ایک منہ کے سامنے چلدیا۔ دیوانہ نے یہ دیکھ کر کہا کہ یہ لوگ پریشان اور مختلف راستے اختیار کرتے ہیں اسی وجہ سے کہیں نہیں پہنچتے اگر سب مل کر ایک راستہ پر چلیں تو منزلِ مقصود کو پہنچ جائیں اسی طرح کی بیسیوں نصیحت آمیز حکایتیں درج کی ہیں جس نے فوائد الفواد کو خاندان نظامیہ چشتیہ کا دستور العمل اور رفتار نامہ بنا دیا ہے۔

امیر حسن کے ممدوحین امیر حسن کے ممدوحین میں سب سے زیادہ باوقعت اور قابلِ عزت حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء علیہ الرحمہ ہیں۔ اگرچہ حضرت موصوف کی شان میں زیادہ اشعار نہیں پائے جاتے مگر جس طرح نظم ونثر میں ان کا ذکر کیا ہے اس سے امیر حسن کی دلی ارادت اور حقیقی عقیدت مترشح

ہوتی ہے۔ حضرت سلطان المشائخ کے حالات اور ان کی مقدس زندگی اور عام محبوبیت کے ذکر کا نہ یہ موقع ہے اور نہ اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کیونکہ مسلمانوں میں شاید ہی کچھ لوگ ایسے ملیں جو اس ذات بابرکات اور اس کے فیوض سے ناواقف ہوں۔ امیر خسرو نے خوب فرمایا ہے

قطب عالم نظام ملت و دیں ۔۔۔ کافتاب کمال شد رخ او
وز جنید و ز شبلی و معروف ۔۔۔ یادگار یست ذات فرخ او

حضرت سلطان المشائخ کی مجلس ایک ایسی مجلس تھی جو علماء، فضلاء اور متصوفین سے مملو تھی۔ اس مجلس کے جس رکن پر نظر پڑتی ہے وہ بجائے خود ایک کامل فرد نظر آتا ہے۔ طبقۂ علماء اور صوفیہ میں قاضی محی الدین کاشانی، مولانا وجیہ الدین پایلی، مولانا فصیح الدین، خواجہ کریم الدین سمرقندی، قاضی شرف الدین فیروز گہی، مولانا بہاء الدین، شیخ مبارک گوپاموی، مولانا نظام الدین شیرازی، مولانا بدر الدین تولہ، مولانا شمس الدین یحییٰ، شیخ نصیر الدین محمود اودھی، مولانا علاء الدین نیلی، مولانا ضیاء الدین برنی حاضر رہتے تھے۔ طبقۂ شعراء میں سے اس مجلس میں زانوئے ادب تہ کرنے والے امیر خسرو اور امیر حسن سے لوگ تھے امیر حسن جابجا اپنے اشعار میں اپنے پیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

پیش تو ہر فضل کہ خوانم خطا ست ۔۔۔ اصل ہمہ نظم نظام است وبس

ولہ

ہر کہ رویت نگرد کے نگرد سبزہ و گل ۔۔۔ اہل فردوس چہ محتاج تمنائے دگر
با تو صد سال اگر باشم و چیزے نشوم ۔۔۔ بہ از انم کہ بہ ہر چیز شوم جائے دگر

گفتیم ترنج بیت بیادت چو پنج گنج | ماخود حسن نہ ایم غلام نظامیم

سماع کے جواز اور غیر جواز کی بحث جو حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کے زمانہ سے شروع ہوئی تھی، اس کا سلسلہ حضرت سلطان المشائخ کے زمانہ تک جاری تھا۔ امیر حسن نے اپنے کلام میں مختلف جگہ اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

مدعیاں گر شدند منکر رقص و سماع | ما بسماع الست رقص کناں میرویم

سبب رقص گواہی من ار نشنوند | من ازیں ذوق یکے رقص دگر خواہم کرد

خلق آفاق شعبہ زور اند | ما گرفتار نغمہ زیریم

مصلحاں می کشند نان از طعن | ما ز شوق سماع میمیریم

مطرباں را بخانہ نتواں برد | خانہ در کوئے مطرباں گیریم

سماع کے متعلق ایک مرتبہ حضرت سلطان المشائخ کے مواجہ میں جو گفتگو ہوئی تھی اسی کو نظم فرمادیا ہے۔

بخیل نزپے حرمت گزر کند ز سماع | کہ خوب گفت بخیل ایں لطیفہ ز رمے

کہ گر حلال بود ہم شنید نتواند | ازاں قبل کہ ندارد کرامت کرمے

نہ صدق بود درو کز سرود گیرد ذوق | نہ آں کرم کہ بہ مطرب بہ بخشد او درمے

امیر حسن کا دُوسرا ممدوح سلطان علاء الدین خلجی اور اسکا بھائی الماس بیگ المخاطب بہ الغ خاں اور علاء الدین کے بیٹے خضر خاں، شادی خاں، مبارک خاں وغیرہ ہیں۔ علاء الدین اپنے چچا اور خسر سلطان جلال الدین خلجی سے نیک نہاد اور نیکدل بادشاہ کو نہایت دغا اور بے رحمی سے قتل کرکے بادشاہ ہوا۔ مگر اس کا عہد فتوحات اور حسن انتظام اور آئین طرازی کے لحاظ سے ایک ممتاز عہد سمجھا جاتا ہے،

اس سلطان اور اس کے اراکین خاندان کے سوائے کسی اور پادشاہ کی تعریف امیر حسن سے ثابت نہیں جیسا کہ ہم پہلے لکھ آئے ہیں۔ شہزادوں میں سب سے زیادہ اور عزیز ممدوح خضر خاں معلوم ہوتا ہے جو ایک زمانہ تک ولیعہد بھی رہا ہے اور حضرت سلطان المشائخ کا مرید اور معتقد ہونے سے خواجہ تاش بھی تھا اس کے غسل صحت کے ایک موقع پر لکھتے ہیں۔

ز آبجیواں نشست سر شہزادۂ دوراں بلے   از پے سر شستن خضر آبجواں واجب بت

اس کے یہاں لڑکا پیدا ہوا اس کی تہنیت بادشاہ کو دیتے ہیں۔

بباغ دولت او خضر ساں نہالے خاست   وز اں نہال نہالے دگر ببار آمد

امیر حسن کا دیوگیر جانا دارا شکوہ اپنی کتاب سفینۃ الاولیا میں لکھتے ہیں کہ حضرت سلطان المشائخ کے مریدوں میں چار حضرات فاضل اور کامل ہوئے امیر خسرو، شیخ نصیر الدین چراغ دہلی، شیخ برہان الدین غریب، اور شیخ حسن دہلوی ... حضرت شیخ نے دین اسلام کے رواج اور ہدایت کے لیے شیخ برہان الدین غریب کو برہان پور اور دولت آباد جانے کا حکم دیا" اور شیخ حسن دہلوی کو مع اپنے دوسرے مریدوں کے ان کے ساتھ کر دیا۔ یہ روایت بھی محل نظر ہے۔ یہ مسلم ہے کہ حضرت سلطان المشائخ نے بھی اپنے سلسلے کے دوسرے بزرگوں کی طرح اپنے بعض خلفاء کو خلق اللہ کی ہدایت کے لیے ہندوستان کے بعض شہروں میں جا کر رہنے کا حکم فرمایا ہے، چنانچہ سیر الاولیا کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موصوف کے ایما سے شیخزادہ کمال الدین ماتوہ اور شیخزادہ عزیز الدین

جو حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر کے خاندان سے تھے۔ دیوگیر اور مولانا وجیہ الدین
چندیری میں جا کر رہے۔ صاحب سیر الاولیا نے جو حضرت برہان الدین غریب
کے معاصر ہیں، حضرت موصوف کے حالات بتفصیل لکھے ہیں مگر انہیں دیوگیر
بھیجے جانے کا مطلق ذکر نہیں کیا ہے، ان کے الفاظ یہ ہیں "بعد از نقل سلطان المشایخ
مولانا برہان الدین غریب چند سال در حیات بود، دست بیعت بخلق میداد،
چوں در دیوگیر رفت برحمت حق پیوست" اگر وہ حسب ایمائے حضرت
سلطان المشایخ دیوگیر بھیجے گئے ہوتے تو صاحب سیر الاولیا ضرور اس کا
ذکر کرتے۔ علاوہ اس کے حضرت برہان الدین غریب اگرچہ حضرت
سلطان المشایخ کے قدیم مرید تھے مگر خرقہ خلافت انہیں سید خاموش عم
امیر خورد اور حضرت سلطان المشایخ کے خدام بشر اور اقبال کی کوشش
اور سعی سے حضرت سلطان المشایخ کے وصال کے بہت قریب زمانہ
میں ملا۔ جب حضرت برہان الدین غریب کا دیوگیر بھیجا جانا ثابت نہیں تو امیر حسن
کو ان کے ساتھ کر دینا کس طرح صحیح تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ امیر حسن کا ۷۲۲ھ
تک دہلی میں موجود رہنا خود ان کی کتاب فوائد الفواد سے ظاہر ہے۔
قیاس غالب یہی ہے جیسا کہ صاحب منتخب التواریخ بدایونی لکھتے ہیں کہ امیر حسن
اور حضرت برہان الدین غریب دہلی کے دوسرے باشندوں کے ساتھ
سلطان محمد تغلق کے عہد حکومت میں دیوگیر (دولت آباد) تشریف لائے
اور اُس وقت حضرت سلطان المشایخ کا وصال ہو چکا تھا سلطان محمد تغلق
جو اپنے باپ غیاث الدین تغلق کے دفعۃً انتقال کے بعد بادشاہ ہوا دنیا کے

عجیب و غریب انسانوں میں تھا نہ اس کی سخاوت، داد و دہش، ہمت، علم پروری، معارف نوازی، کی کوئی حد تھی اور نہ اس کی سیاست اور خونریزی کی کوئی انتہا۔ خود نماز روزے کا پابند، مشہور خطیب، خوشنویس، شاعر، دبیر، فلسفی اور طبیب تھا۔ حافظہ ایسا قوی پایا تھا کہ جو بات ایک مرتبہ سن لیتا وہ تمام عمر نہ بھولتا تھا۔ ان اوصاف اور خوبیوں کے ساتھ اس کے بعض افعال اور اطوار ایسے تھے جن سے اس پر جنون کا شبہ کرنا بیجا نہ تھا۔ منجملہ اس کی مجنونانہ کارروائیوں کے ایک دہلی کی تباہی اور بربادی تھی۔ بادشاہ کے دل میں یہ خیال آیا کہ وہ تمام ہندوستان کا بادشاہ ہے اس لیے اس کا دارالسلطنۃ ایسے مقام پر ہونا چاہیے جسے اطراف مملکت سے وہی نسبت ہو جو مرکز کو دائرہ سے ہوتی ہے۔ تاکہ ضرورت کے وقت ہر حصۂ ملک کی خرابیوں کا بعجلت تدارک ہو سکے۔ اس مقصد کے لیے کسی نے اوجین اور کسی نے دیوگیر تجویز کیا۔ دیوگیر بادشاہ کو پسند تھا اور آخر انتخاب کا قرعہ اسی کے نام نکلا۔ سلطان محمد تغلق سے دیوانہ کے لیے اتنا کافی تھا ۷۲۷ھ میں فوراً احکام صادر ہوئے کہ دہلی کے تمام باشندے چھوٹے بڑے، وضیع وشریف، امیر و غریب دہلی چھوڑ کر دیوگیر جا کر آباد ہوں جسے اب دولت آباد کا خطاب عطا کیا گیا تھا۔ جو لوگ پشتہا پشت اور صدیوں سے دہلی میں رہتے اور املاک اور جائدادوں کے مالک تھے۔ ان کے لیے یہ حکم قیامت تھا، مگر حکم حاکم مرگ مفاجات سبکو تعمیل کرنی پڑی۔ اس زمانہ کی کٹھن منزلیں اور دور دراز راستے، لاکھوں آدمیوں کے چپقلش میں جس طرح

ملے ہوئے ہونگے اس کا اندازہ کرنا بھی اس وقت دشوار ہے۔ سیکڑوں خاندان برباد اور تباہ ہوگئے۔ ہزاروں آدمی راستہ میں مرگئے اور اگر موقع ملا تو دوسرے ملکوں کو چلے گئے جو لوگ دولت آباد پہنچے انہوں نے ناموافقت آب و ہوا اور چالیس دن کے سفر کے مصائب سے بجائے شہر کے وہاں کے قبرستانوں کو آباد کیا۔

امیر حسن تمام عمر مجرد اور اہل و عیال کے بار سے سبکدوش رہے۔ حضرت سلطان المشائخ ان کے پیر و مرشد اور امیر خسرو ان کے دوست کا انتقال ۷۲۵ھ میں ہوچکا تھا۔ اگرچہ دہلی کی یہ دو بڑی دل بستگیاں ختم ہوچکی تھیں تاہم وہ دولت آباد پہنچکر دہلی کی یاد سے غافل نہ تھے جیسا کہ ان کے بعض اشعار سے ظاہر ہوتا ہے ؎

مپرس کز مے فرقت چگونہ مخمور | زدوست دور تواں شد ولے نہ چنداں دور
کجاست حضرت دہلی و خوبرویانش | کیے بہشت دروں و بروں اوپر حور
اگرچہ غیبتے افتاد بر طریق مجاز | ولے بر اہل محبت محقق است حضور

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں ؎

مباد ایہیچ کس از دوستاں چنیں کہ منم | بکام دشمن و از جملہ دوستاں تنہا
ز دور چرخ خراب و ز دور حادثہ زار | ز اہل بیت غریب و ز خانماں تنہا
سفر گزیدہ ہمہ مردماں و من غافل | چو خفتۂ کہ بماند ز ہمرہاں تنہا

ایک دوسری غزل میں فرماتے ہیں ؎

حسن بکوئے عدم گم شدند یارانت | بجو نشان چنیں گم شدہ کجا جویند

دہلی کی تباہی کی طرف کس خوبصورت پیرایہ میں اشارہ کرتے ہیں۔

آخر نہ ترسید از ولم آں شحنۂ خونریز آہ
شہرے کہ یار آباد بود امسال ویراں از چہ شد

سلطان محمد تغلق کی اسی قسم کی سوء تدبیریوں سے ملک میں ہر طرف بغاوتو کے شعلے بھڑک اُٹھے۔ جن کے فرو کرنے کے لیے لشکروں اور فوجوں کے بھرتی کی ضرورت ہوتی تھی اور اس کے لیے شمال ہندوستان ہی کا میدان موزوں تھا۔ اس غرض سے پادشاہ کو دہلی آنا پڑا۔ دہلی اور اس کے قرب و جوار کے قصبے ویران اور سنسان پڑے تھے۔ اور وہ شہر جو چند روز پیشتر بغداد اور قاہرہ کا ہمسر اور مدمقابل تھا اس وقت وام و دو کا مسکن اور مامن بن گیا تھا۔ یہ سماں دیکھ کر پادشاہ کے دل میں خدا جانے کیا کیا خیال پیدا ہوئے ہونگے اور اپنی اس نامعقول حرکت پر کتنی ندامت ہوئی ہوگی۔ اس کا علم ہونا تو مشکل ہے مگر اتنا مسلم ہے کہ جو رعایا جبراً دولت آباد لیجا کر آباد کی گئی اُسے اجازت ہوگئی کہ جو چاہے دہلی واپس جائے اور جو چاہے دولت آباد میں رہے۔ اس حکم نے دونوں شہروں کو بے رونق کر دیا۔ کچھ لوگ دہلی آکر از سرِ نو آباد ہوئے۔ کچھ لوگ وہیں رہ گئے۔ امیر حسن اور حضرت برہان الدین غریب اور حضرات صوفیہ کی ایک بڑی جماعت وہیں رہی۔ جن کے مرقدوں سے اس وقت دولت آباد کے گرد و نواح کے ویرانے آباد ہیں۔ امیر حسن تقریباً دس گیارہ سال دولت آباد میں زندہ رہکر اسی سرزمین کے پیوند ہو گئے۔ کُلُّ شَیْئٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْہَ اللہ۔ ایک غزل میں

خود کہتے ہیں ؎

بچرخ بریں میکنی تکیہ دایم ندانی کہ چرخ بریں ہم نماند
چہ مونس ہمے گیری از ہر قرینے کہ مونس نپاید قریں ہم نماند
اگر بگزرد مرد کج گوئے کم داں سخن دانِ باریک بیں ہم نماند
سخن را اگرچند سحر آفریدند سرانجام سحر آفریں ہم نماند
ہمیں نالۂ ماند بکیس حسن را بتر سم ازاں روز کیں ہم نماند

یہ دن ۳۶ یا ۳۷ھ میں آگیا۔ اور گلشن سخنوری کا ایک بولتا ہوا بلبل خاموش ہوگیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُوْن۔

مسعود علی محوی۔ بی۔ اے (علیگ)
سابق سشن جج سرکار آصفیہ
حیدرآباد دکن ۱۳۵۱ھ م ۱۹۳۳ء

اس کے طبع ہو جانے کے بعد جو مزید حالات حضرت امیر حسن کے ہمیں معلوم ہوئے ہیں وہ ضمیمۂ دیباچہ میں ملاحظہ ہوں۔

مسعود علی



نقشہ مزار حضرت امیر حسن علیہ الرحمہ واقع خلد آباد ضلع اورنگ آباد
ممالک محروسہ سرکار آصفیہ حیدر آباد دکن

Call No. .... Date......12 : 4 : 55....

Account No. ....

J. & K. UNIVERSITY LIBRARY

This book should be returned on or before the last stamped above. An overdue charges of 6 nP. will be levied for each day. The book is kept beyond that day.

ضمیمہ دیباچہ

ہزاکسیلنسی راجہ راجایان راجہ سرکشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنۃ کے۔سی۔آئی، جی۔سی۔آئی۔ای، صدر اعظم باب حکومت سرکار آصفیہ حیدرآباد دکن المتخلص بہ شاد کے نام نامی اور اسم گرامی اور ان کی علمی خدمات سے ہندوستان کی ادبی دنیا میں کون ایسا شخص ہے جو واقف نہیں۔ آپ کی علمی اور خصوصاً ادبی خدمات کا اگر مجملاً بھی ذکر کیا جائے تو بجائے خود ایک کتاب ہو جائے۔ یہ کتاب اگر کبھی مرتب ہوئی تو اس کے تین بڑے عنوان ہونگے۔ اول آپ کی قلمی امداد، دوسری لسانی امداد، تیسری مالی امداد۔

قلمی امداد میں آپ کی تمام تصنیفات اور تالیفات نظم و نثر داخل ہیں۔ اگرچہ آپ انگریزی، عربی، فارسی، اردو، ہندی، تلنگی اور مرہٹی زبانوں سے واقف ہیں اور ان میں بلاتکلف گفتگو فرما سکتے ہیں مگر شعر زیادہ تر فارسی، اردو یا ہندی میں فرماتے ہیں۔ کلام کا ایک مخصوص پختہ اور بامزہ صوفیانہ رنگ ہے جس عجلت اور تیزی سے آپ شعر کہہ سکتے ہیں فی الحقیقت حیرت انگیز ہے اور جب تک کسی شخص کو ذاتی تجربہ نہ ہو وہ اس کے باور کرنے کے لیے، آمادہ نہیں ہو سکتا ایسے شخص کے لیے نثر لکھنا کیا مشکل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی تصنیفات

ہیں مختلف ناول، ڈراما، سفر و سیاحت نامے اور عروض و قوافی پر رسالے شامل ہیں۔

لسانی امداد سے میرا مقصد وہ ترغیب و تحریص اور دل افزائی ہے جس نے بیسیوں ہونہار بتدیوں اور نوجوانوں کو ادبی میدان میں قدم رکھنے کی جرأت دلائی اور بیسیوں افسردہ خاطر شعرا کی بجھی ہوئی طبیعتوں کو اپنی محبت آمیز تعریف اور توصیف سے ابھارا اور اس ادبی مشغلہ سے غافل نہیں ہونے دیا۔ آپ کی مالی امداد سے بیسیوں ایسے مؤلف مصنف ناظم اور ناثر گنوائے جا سکتے ہیں جنھیں اپنے علمی اور ادبی مشاغل جاری رکھنے کا موقع ملا اور جن کا کلام محض آپ کی مالی امداد کی وجہ سے دنیا سے مفقود ہو جانے سے بچ گیا۔

اسی اخیر زمرہ میں امیر حسن علیہ الرحمہ بھی شریک ہیں۔ جب عالیجناب سر مہاراجہ بہادر نے انکے کلیات کے طبع فرمانے کا ارادہ فرمایا تو مجھ سے اس کی تالیف اور ترتیب کے لیے ارشاد ہوا۔ کچھ عالیجناب ممدوح کا ارشاد کچھ ذاتی شوق دونوں نے مل ملا کر بلا لحاظ ان دقتوں اور مشکلوں کے جو اس کام میں پیش آنے والی تھیں مجھے اس ذمہ داری کے قبول کرنے پر مجبور کر دیا۔

سب سے پہلا کام مختلف دیوانوں کو جمع کرنا اور ایک دیوان کو اصل قرار دیکر دوسرے دیوانوں سے اس کی تکمیل کرانا تھا۔ یہ کام کچھ آسان نہ تھا۔ اس کے لیے تمام دیوانوں پر نظر ڈالنی پڑتی تھی اور جو جو غزلیں یا نظمیں اصل دیوان میں موجود نہ ہوتی تھیں وہ دوسرے دیوانوں سے نقل کر کے اس میں شریک کرائی جاتی تھیں۔ اسی کام نے تقریباً پورا ایک سال لے لیا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ

اگر اس کام میں میرے نوجوان دوست سید محمد یعقوب ۔ بی اے (نظام کالج) مدرس مدرسہ
چادر گھاٹ کی مدد نہ شریک ہوتی تو یہ کام اتنی مدت میں بھی تمام نہ ہو سکتا تھا
ان تمام مراتب کے طے ہو جانے کے بعد کارپردازان مطبع سے سابقہ تھا۔ جن حضرات
کو ان بزرگوں سے سابقہ پڑا ہے وہی ان دل خوں کن محنتوں اور جگر خراش تکلیفوں
کا اندازہ کر سکتے ہیں جو اس سابقہ میں جھیلنی پڑتی ہیں۔ کلیات کے طبع ہو جانیکے بعد
ان کی تفصیل اور توضیح بیکار ہے۔

سفینہ جبکہ کنارے پہ آلگا غالبؔ — خدا سے کیا ستم و جور نا خدا کیجے

کلیات کے ابتدائی حصہ کے پروف اور کاپیاں میں نے تنہا دیکھیں، اخیر حصے
کی کاپیاں اور پروف دیکھنے میں میرزا نظام شاہ صاحب لبیبؔ تیموری نے مدد
فرمائی مگر باوجود ان کی اس مدد کے کتابت کی بہت سے غلطیاں رہ گئیں اور ایک
طویل اغلاط نامہ لگانا پڑا، اگرچہ وہ زیادہ تر نقطوں کی غلطیوں پر مشتمل ہے۔ مطبوعہ کلیات
کے چالیس پچاس نسخوں میں ان غلطیوں کی اصلاح کرادی گئی ہے مگر تمام نسخوں میں
یہ عمل مشکل تھا جو حضرات اپنے نسخہ کو صحیح رکھنا چاہیں وہ ان غلطیوں کی خود اصلاح
فرما سکتے ہیں۔ چونکہ یہ کلیات مختلف دیوانوں سے نقل کیا گیا ہے اس لیے پانچ
سات غزلیں ایسی ہیں جو کاتبوں کی سہو نظری سے مکرر ہو گئی ہیں۔ کاپیاں صحت
کے لیے جزاً جزاً وصول ہوتی تھیں اور خود غزلوں کے الفاظ اور تعداد اشعار بھی بدلے
ہوئے تھے اس لیے اس غلطی کی اصلاح مشکل تھی۔ امیر حسن کے جتنے دیوانوں سے
اس کلیات کی ترتیب میں مدد لی گئی ان میں سے مفصلہ ذیل دیوان قابل ذکر ہیں
(۱) خود عالیجناب سر مہاراجہ بہادر کے کتب خانہ کا نسخہ جو خوش خط

چھوٹی تقطیع پر لکھا ہوا ہے۔ صفحات (۲۲۴) کاغذ کشمیری جدول کے سوائے کوئی اور نقش ونگار نہیں ہے۔ کاتب نے اپنا نام درویش حسن لکھا ہے۔ مگر نہ سال کتابت ہے اور نہ کاتب کا کوئی اور پتا ہے۔ ممکن ہے کہ یہ خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ابتدائی نسخہ ہو۔ اس کا آغاز

آرزوئے تو میکشد مارا　　روزہا شد کجا شدی یارا

اور خاتمہ

دل بنہ کیں صاعقہ سخت اوفتاد　　اے حسن مردانہ بر سختی عشق

پر ہوا ہے۔

(۲) کتب خانۂ آصفیہ کا نسخہ نمبری (۱۲۱۴۹)۔ یہ نسخہ نہایت درجہ مطلا اور مذہب اور خوشخط ہے۔ تعداد صفحات (۴۵۵) کاغذ کشمیری۔ پہلے صفحہ پر نہایت عمدہ کام ہے۔ کاتب کا نام سلطان محمد ہے لیکن نہ سال کتابت درج ہے اور نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کن کن کتب خانوں میں رہا ہے۔ جو مہریں اس پر تھیں وہ ظالموں نے مٹا دی ہیں مگر اس کی ظاہری شکل وصورت پکار رہی ہے کہ وہ کسی شاہی کتب خانہ کا نسخہ ہے۔ اس میں کتابت کی بہت غلطیاں ہیں

(۳) یہ نسخہ بھی کتب خانۂ آصفیہ کا نمبری ۳۹۰ ہے۔ اس کا کاتب منعم الدین الاوحدی، سال کتابت ۹۰۹ھ ہجری، خط معمولی تقطیع چھوٹی ہے اس کی مہریں بھی مٹا دی گئی ہیں۔ نمبر ۲ اور ۳ کا آغاز

اے حاکم جہان و جہاں داور حکیم
محدث ہمہ بدایع و تو مبدع قدیم

ہے اور خاتمہ

لطف خدا کہ برہمہ واجب سلام تست

پر ہوتا ہے۔

(۴) عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں امیر حسن کے کئی دیوان ہیں مگر جو نسخہ نمبری (۵۹۹۶) ہمیں عنایت ہوا تھا اس کا حلیہ خود دیوان کے سرورق پر اس طرح درج ہے۔

دیوان حسن خاص ہمایون اشرف اقدس بخط شکستہ ... جلد کاغذی بابت عرض جمع کتاب خانہ عامرہ شدہ بتاریخ ۴ رمضان سنہ ۱۰۶۲ ہجری، حجم (۱۹) جز، قیمت ایک ہُن۔

ایک مہر کی عبارت

سُلطان محمد شاہ غازی

دوسری مہر کی عبارت

ہوشدار خاں فدوی بادشاہ غازی محمد فرخ سیر سنہ ۱۰۲۵ھ

ان کے علاوہ ایک عبارت بھی اوپر نیچے لکھی ہوئی ہے جو اگر درست کر کے پڑھی جائے تو یوں ہو سکتی ہے۔

ارادت خاں بہادر المخاطب بہ اقتدار خاں

اللہ

مالک بہ معنی

مالک بصورت

بن (۴) ارادت خاں بہادر المخاطب بہ اقتدار خاں

اعنی

ہدایت بہو

اس نسخے کی ابتدا ذیل کے مصرع سے شروع ہوتی ہے۔

اے رقم زاندہ بر سپید و سیاہ

اس میں صرف غزلیات اور رباعیات ہیں۔ یہ ان تمام نسخوں میں جو ہمارے زیر نظر رہے صحیح ترین نسخہ تھا۔ اس کا آخری حصہ ناقص ہے۔

(۵) یہ نسخہ بھی عالیجناب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ کا ہے بہت خوشخط اور مصور ہے۔ کاتب کا نام پیر حسین الکاتب الشیرازی اور سال کتابت ۹۴۴ھ ہے۔ اس کے آخر میں مثنویات ہیں جن میں سے چند مثنویاں اس کلیات میں لی گئی ہیں۔ چونکہ اس نسخہ کے متعلق صرف کتب خانہ میں معائنہ کی اجازت تھی اس لیے مزید تفصیل نہیں دیجا سکی۔

دیباچہ کے صفحہ (۶۳) کے ملاحظہ سے معلوم ہوگا کہ وہاں ہم نے یہ لکھا ہے کہ معلوم نہیں کہ امیر حسن کو کس طرح سلطان علاء الدین کے دربار میں پہنچنے اور اس کی مداحی کا موقع ملا۔ ان کی ایک مثنوی سے جو دیباچہ کے طبع ہو جانیکے بعد ہاتھ لگی اس معاملہ پر روشنی پڑتی ہے۔

سلطان علاء الدین کے امراء اور سپہ سالاروں میں ملک نصرت جلیسری بڑے پایہ کا شخص تھا۔ سلطان علاء الدین نے ۶۹۷ھ یعنی اپنے جلوس کے تیسرے سال ایک لشکر الغ خاں اپنے بھائی اور ملک نصرت کی سرکردگی میں گجرات کی فتح کے لیے

روانہ کیا۔ اس مہم میں بڑی کامیابی ہوئی اور بے شمار مال غنیمت ملا جسے یہ دونوں سردار لیکر دہلی کی طرف روانہ ہوئے۔ قلعہ جالور کے قریب پہنچے تو "خمس غنایم" کی طلب میں اہل لشکر پر اس قدر سختی کی کہ نومسلم مغل جو لشکر میں بہ تعداد کثیر تھے بگڑ کر باغی ہو گئے اور یہ ارادہ کیا کہ سرداران فوج کو مار کر ان مطالبات سے نجات پائیں۔ اس منصوبہ کی پیش رفت میں باغیوں کی ایک جماعت ملک اعز الدین پر جو ملک نصرت کا بھائی اور غالباً "خمس غنایم" کی تحصیل پر مامور تھا حملہ آور ہوئی اور اسے مار کر الغ خاں کے خیمہ کی طرف چلی مگر اس کی حیات باقی تھی وہ بچکر نکل گیا یہی ملک اعز الدین ہے جو امیر حسن کے حال پر بیحد مہربان تھا۔ اور اسی کی بدولت انہیں دربار علائی کے شعرا میں داخل ہونے کا موقع ملا جیسا کہ وہ خود فرماتے ہیں۔

ذکر تلطف ملک اعز الدین

کسے کو نعمتے را شکر گوید — مزید روزگار خویش جوید
مرا ہم منعمے چوں نعمتے داد — بباید کرد شکر نعمتش یاد
یکے کز برج گردونش سنزد قصر — ہمہ جملہ ملوک سرور عصر
ستودہ سیرت و فرخندہ آئیں — کریم الخلق، الحق، عز والدیں
محمد اسم و رسمش جملہ محمود — وجودش خاص بہر جود موجود
چراغ دودۂ اعظم تغا نخاں — ملک خوانچہ کش بزمش فلک خواں

. . . .

ازاں چنداں ملوک نزل فرمائے — ہمیں یک ذات او ماندست برجائے

بزرگا، مکرما، عالی نژادا | سرت در سروری پاینده بادا
کرم فرمودن خود خود بیندیش | خصوصاً در حق بیچارۂ خویش
مرازاں ژرف دریائے خطرناک | تو آوردی بروں چوں گوہر پاک
پس اندر صدر دولت راہ دادی | محل دست بوس شاہ دادی
ز سلطاں گنجم آوردی و تشریف | عطائے خود در انجا کردہ تضعیف
سزختم تو بگرفتی ز خفتن | من ایں راکے توانم شکر گفتن

اس سے صاف ظاہر ہے کہ امیر حسن دربار علائی میں ملک اعز الدین کی دستگیری سے پہنچے تھے۔ اور اسی سے آپ کے فوجی تعلقات کی مزید تصدیق بھی ہوتی ہے کیونکہ خود ملک اعز الدین کا تعلق فوج شاہی سے تھا۔

اخیر میں ہم اپنے ان دوستوں کے شکر گزار ہیں جنھوں نے براہ علم دوستی ہمارا اس کام میں تھوڑا بہت ہاتھ بٹایا ہے۔ بعض احباب کی رائے تھی کہ اس دیباچہ اور ضمیمہ کا ترجمہ فارسی اور انگریزی میں کر کے شریک کلیات کر دینا چاہیئے تاکہ اہلِ ایران اور یورپ کے مستشرقین بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں، لیکن اس وقت نہ اتنی فرصت ہے اور نہ اس کا موقع۔ ان سخت خانگی پریشانیوں میں جنھوں نے دل و دماغ کو معطل کر دیا تھا یہ جو کچھ ہو گیا وہی غنیمت ہے فقط

مسعود علی

۱ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷

ردیف الف

یارب بکش خط کرم بر سیّئاتِ ما مضی | پرہیز ہا کردم ولے جاء القضا ضاق الفضا
گر دارادت سختی بر فرق جانم ریختی | جانم بنفس آہ منحتی نعلم بزنجیرِ قضا
گر روضہ سازی در رہم جاں در رضائے تو دہم | ہرگز برابر کے نہم صدر روضہ را بایک رضا
شاخے کہ فعلم بر زند جز فضلت آنرا نشکند | از فضلت ایں او اجب کند وز رحمت ایں اقتضا
درماندم از بارِ گراں لب خشک چوں ماہی اتراں | زابرِ کرم سیلے براں بر گرد ہائے ما مضی
ہمچو حسین ام خستہ تن از جورِ دشتے شور فن | بہ چشمِ رضا نہ بر حسن حق علی مرتضی

۲ یارب ز فرطِ نیکوئی قولم نگہدار از دوئی ۵
خود بہتریں حافظ توئی فاللہ خیر حافظا

اے بر فراز سرو بر آوردہ ماہ را | بر ماہ کج نہادہ بشوخی کلاہ را

دل می بری زنا بگو اہتی قدِ خویش
گویند آفتاب پرستند یک گروہ
اے روئے تو تمام چو مہ در ہمہ صفت

اے دوست راست کردہ چہ آری گواہ را
ما بندہ ایم آں دو رُخ ہمچو ماہ را
اطراف مہ رقم زدہ خطِ سیاہ را

۳

بندہ حسن زخط خوشت نسخہٴ کند
ہر گہ کہ عرضداشت کند بادشاہ را

۹

ساقی بیار مے کہ چو زر گشت کارہا
آمد بہار نو بدہ آں بادۂ کہن
خوبان اگر بدستِ رقیباں گرو نہ اند
وقتِ ہوا خوش است ہوا از مزاج صاف
شہ اتفاق جشن کند گویا کہ گل
با غنچہ داشت ہر سر و کارے کہ داشت گل
سلطان علائے دینی و دیں آنکہ روزگا
نامِش محمد است محمد صفت بہ بیں

گُل ریخت گنج زر بہمہ مرغزارہا
کز یک نسیم او شگفد نو بہارہا
گردِ چمن زہر چہ بندند خارہا
بنشاندہ اند از ہمہ جانب غبارہا
از زر و سیم ساختہ اند این نثارہا
بکشا سر قرابہ کہ بکشا و کارہا
شاہے چو او نیافتہ در روزگارہا
دیں راز وال دولت اُو شد مدارہا

۴

چوں شرح بذل اوست برُوں از حسابہا
سالِ تقاشش باد فزوں از شمارہا

۷

اے باز تازہ داشتہ نازِ قدیم را
ہر روز کردہ در ہمہ آفاق گل فشاں

در ہم فگندہ صد دلِ نا مستقیم را
